دوات قلم طلب فرمایا تا کہ لکھے اور فدک جناب فاطمہؑ کو واپس کر دے۔ عمر نے کہا۔ جب تک فاطمہؑ گواہ نہ
لائیں۔ نامہ نہ لکھنا۔ جناب فاطمہؑ نے فرمایا۔ آیا وہ حکم جو سب مسلمانوں کے بارہ میں جاری ہے کہ شہادت
مدعی سے طلب کرے۔ تو میرے حق میں وہ حکم جاری نہیں کرتا۔ حالانکہ میں فدک پر قابض و متصرف ہوں۔
اور تو چاہتا ہے کہ مجھ سے لے لے۔ پس لازم ہے کہ تو گواہ لائے۔ عمر نے کہا جب تک گواہ نہ لاؤگی میں نہ
دوں گا۔ مجبور ہو کر جناب فاطمہؑ جناب امیرؑ حسنینؑ و ام ایمن کو گواہی کے لئے لائیں۔ عمر نے کہا۔ علیؑ کی گواہی
کا اعتبار نہیں۔ اس لئے وہ اپنے لئے اور اپنے فرزندوں کے لئے ایسا کہہ دیں گے۔ اور حسنینؑ بچے ہیں اور
ام ایمن زن عجمیہ ہے۔ اس کی گواہی معتبر نہیں۔ بروایت دیگر۔ ابوبکر نے نامہ لکھا اور جناب فاطمہؑ کو دیا۔ عمر نے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب مستطاب

الشافی

کتاب الحجۃ

خلافت رسالت نبوت، امامت

ترجمہ **اصول کافی** جلد دوم

حضرت ثقۃ الاسلام علامہ فہامہ مولانا الشیخ محمد یعقوب کلینی علیہ الرحمتہ

ترجمہ

مفسر قرآن عالیجناب ادیب اعظم مولانا السید ظفر حسن صاحب قبلہ مدظلہ العالی نقوی الامروہوی

بانی و منتظم جامعہ امامیہ کراچی

مصنف دو صد کتب

ناشر

ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ) ناظم آباد نمبر۲۔ کراچی

ناشر ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ)

مطبع ______ قریشی آرٹ پریس

کتابت ______ سید محمد رضا زیدی

ہدیہ ______ ۲۰۰ روپے

سال اشاعت ______ مارچ ۲۰۰۴ء

تھا۔ پھر فرمایا یہ خروج کرے گا اپنے بھائی محمد کے ساتھ اور شکست کھائے گا اس کا ساتھی (محمد) قتل کیا جائے گا۔ پھر یہ خروج کرے گا
دوسرے جھنڈے کے ساتھ (ابراہیم بن عبداللہ کے ساتھ)
پس ان کا سردار قتل کیا جائے گا اور اس کا لشکر تتر بتر ہو جائے گا پس میری بات مانو اور بنی عباس سے امان
طلب کرو اور یہ جانتے ہیں کہ یہ بیل منڈھے چڑھنے والی نہیں، اور آپ کو جاننا چاہیئے کہ آپ کا بیٹا جو احول (بھینگا) سبز
چشم اور اکشف ہے یہ سدہ اشجع میں اس کے پانی کے بہاؤ کی جگہ قتل کر دیا جائے گا۔
موسیٰ نے کہا یہ سن کر میرے باپ یہ کہتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے خدا تمہاری مدد سے ہمیں بے پرواہ بنا دیگا اور تم
ضرور بطور خود ہماری طرف لوٹو گے یا خدا تم کو اور تمہارے غیر کو بے اختیار اس طرف لائے گا تم نے یہ طریقہ اختیار کر کے اپنے
غیر کی امداد کو ہم سے روکا ہے اور یہ تمہارا انکار ان کے لئے رک جانے کا ایک ذریعہ بن جائے گا
فرمایا۔ امام علیہ السلام نے اللہ جانتا ہے کہ میرا ارادہ محض تم کو نصیحت و ہدایت کرنے کا تھا اور ہمارا فرض
تو کوشش ہی کرنا ہے (آگے تم جانو اور تمہارا کام) یہ سن کر میرے باپ غصہ میں آ گئے اور اپنی ردا کا دامن طیش میں
زور سے جھٹکا۔ امام علیہ السلام ان کے قریب آئے اور فرمایا۔ میں نے تمہارے چچا (امام محمد باقر علیہ السلام) اور ماں کی
طرف سے تمہارے ماموں سے یہ فقرہ سنا ہے کہ تم اور تمہارے باپ کی اولاد عنقریب قتل کر دی جائے گی۔
اگر تم میری بات مان لو اور اس بلا کو حسن تدبیر سے ٹال سکتے ہو تو ٹال دو، قسم اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود
نہیں وہ ظاہر و باطن کا جاننے والا رحمٰن و رحیم اور اپنی مخلوق سے اعلیٰ مرتبہ والا ہے میں دوست رکھتا ہوں اس بات کو
کہ فدا کروں تم پر اپنا وہ بیٹا جو میرے نزدیک اور میرے اہلبیت کے نزدیک زیادہ محبوب ہے (مراد اسمٰعیل) تم میری
برابری کسی چیز میں نہیں کر سکتے۔ پس یہ خیال مت کرو کہ میں تمہیں دھوکا دے رہا ہوں اور خلاف حق بات کہہ رہا ہوں۔
میرے باپ وہاں سے غصہ میں بھرے ہوئے اور افسوس کرتے ہوئے اٹھ آئے اس واقعہ کو بیس روز یا کچھ کم و بیش گزرے
ہوں گے کہ ابوجعفر منصور بادشاہ کے لوگ آئے اور انھوں نے گرفتار کیا میرے باپ کو اور میرے چچوں میں سلیمان بن حسن،
حسن بن حسن، ابراہیم بن حسن، داؤد بن حسن، علی بن حسن، سلیمان بن داؤد بن حسن اور علی بن ابراہیم بن حسن، حسن بن جعفر
ابن حسن، طبا طبائی ابراہیم بن اسماعیل بن حسن اور عبداللہ بن داؤد کو اور انھوں نے ان سب کو زنجیروں سے جکڑ لیا اور
ایسی محملوں میں بٹھایا جن میں کوئی گدا نہ تھا۔ خالی لکڑیاں تھیں یہ انھیں گرفتار کر کے مدینہ کے مقام مصلےٰ تک
لے آئے تاکہ لوگ ان کی شماتت کریں
پس لوگوں نے اپنے کو ان سے بچایا اور ان کے حال پر لوگوں کے دل کڑھ رہے تھے پھر وہاں سے چل کر مسجد
نبوی کے اس دروازے پر آئے جس کو باب جبرئیل کہتے ہیں امام جعفر صادق علیہ السلام اس طرح تشریف لائے کہ آپ
کی ردا کا بیشتر حصہ زمین پر تھا پھر باب مسجد سے آپ اندرون مسجد آئے اور جو لوگ وہاں جمع تھے ان سے فرمایا۔ تین

بار۔ اے گروہ انصار! کیا تم نے رسول اللہؐ سے اس کا عہد کیا تھا۔ اسی پر بیعت کی تھی (تم نے رسولؐ کی بیعت توڑ کر آئمہ ضلالت کی بیعت کی اور ان کے ظلم و ستم جو اولادِ رسولؐ پر ہو رہے ہیں ان کو خاموشی سے دیکھ رہے ہو) خدا تم پر لعنت کرے۔ واللہ میں ان کی عزت کا چاہنے والا تھا مگر ان کے نہ ماننے سے میں مغلوب ہو گیا یہ فرما کر حضرت وہاں سے چلے، درآنحالیکہ ایک جوتا آپؑ کے ہاتھ میں تھا (اور ایک پیر میں یعنے انتہائی اضطرابی حالت میں۔)

ایک جوتے میں اپنا پیر داخل کیا اور دوسرا ہاتھ میں تھا اور آپ کی ردا کا بیشتر حصہ زمین پر کھنچ رہا تھا۔ پھر حضرت اپنے گھر پر آئے اور اس غم میں بیس روز تک مبتلائے بخار رہے اور رات دن گریہ فرماتے تھے یہاں تک کہ ہمیں آپ کی موت کا خوف ہونے لگا۔ یہ خدیجہ کا بیان تھا۔

۱۸۔ قَالَ الْجَعْفَرِيُّ : وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَبْدِاللهِ بْنِ الْحَسَنِ أَنَّهُ لَمَّا طُلِعَ بِالْقَوْمِ فِي الْمَحَامِلِ قَامَ أَبُو عَبْدِاللهِ عليه السلام مِنَ الْمَسْجِدِ ثُمَّ أَهْوَى إِلَى الْمَحْمِلِ الَّذِي فِيهِ عَبْدُاللهِ بْنُ الْحَسَنِ يُرِيدُ كَلَامَهُ، فَمُنِعَ أَشَدَّ الْمَنْعِ وَأَهْوَى إِلَيْهِ الْحَرَسِيُّ فَدَفَعَهُ وَقَالَ : تَنَحَّ عَنْ هٰذَا ، فَإِنَّ اللهَ سَيَكْفِيكَ وَ يَكْفِي غَيْرَكَ ، ثُمَّ دَخَلَ بِهِمُ الزُّقَاقَ وَرَجَعَ أَبُو عَبْدِاللهِ عليه السلام إِلَى مَنْزِلِهِ ، فَلَمْ يَبْلُغْ بِهِمُ الْبَقِيعَ حَتَّى ابْتُلِيَ الْحَرَسِيُّ بَلَاءً شَدِيداً ؛ رَمَحَتْهُ نَاقَتُهُ فَدَقَّتْ وَرِكَهُ فَمَاتَ فِيهَا وَمَضَى بِالْقَوْمِ ، فَأَقَمْنَا بَعْدَ ذٰلِكَ حِيناً، ثُمَّ أَتَى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ بْنِ حَسَنٍ ، فَأُخْبِرَ أَنَّ أَبَاهُ وَعُمُومَتَهُ قُتِلُوا ـ قَتَلَهُمْ أَبُو جَعْفَرٍ[1] ـ إِلَّا حَسَنَ بْنَ جَعْفَرٍ، وَطَبَاطَبَا، وَعَلِيَّ بْنَ إِبْرَاهِيمَ، وَسُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ، وَدَاوُدَ بْنَ حَسَنٍ، وَعَبْدَاللهِ بْنَ دَاوُدَ ، قَالَ : فَظَهَرَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ عِنْدَ ذٰلِكَ وَ دَعَا النَّاسَ لِبَيْعَتِهِ ، قَالَ : فَكُنْتُ ثَالِثَ ثَلَاثَةٍ بَايَعُوهُ وَ اسْتَوْسَقَ النَّاسُ[2] لِبَيْعَتِهِ وَلَمْ يَخْتَلِفْ عَلَيْهِ قُرَشِيٌّ وَلَا أَنْصَارِيٌّ وَلَا عَرَبِيٌّ .

قَالَ: وَشَاوَرَ عِيسَى بْنَ زَيْدٍ وَكَانَ مِنْ ثِقَاتِهِ وَكَانَ عَلَى شُرَطِهِ فَشَاوَرَهُ فِي الْبِعْثَةِ إِلَى وُجُوهِ قَوْمِهِ، فَقَالَ لَهُ عِيسَى بْنُ زَيْدٍ : إِنْ دَعَوْتَهُمْ دُعَاءً يَسِيراً لَمْ يُجِيبُوكَ ، أَوْ تَغْلُظَ عَلَيْهِمْ ، فَخَلِّنِي وَإِيَّاهُمْ فَقَالَ لَهُ مُحَمَّدٌ : امْضِ إِلَى مَنْ أَرَدْتَ مِنْهُمْ ، فَقَالَ : ابْعَثْ إِلَى رَئِيسِهِمْ وَكَبِيرِهِمْ - يَعْنِي أَبَاعَبْدِاللهِ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ عليه السلام - فَإِنَّكَ إِذَا أَغْلَظْتَ عَلَيْهِ عَلِمُوا جَمِيعاً أَنَّكَ سَتُمِرُّهُمْ عَلَى الطَّرِيقِ الَّتِي أَمْرَرْتَ عَلَيْهَا أَبَاعَبْدِاللهِ عليه السلام ، قَالَ : فَوَاللهِ مَا لَبِثْنَا أَنْ أُتِيَ بِأَبِي عَبْدِاللهِ عليه السلام : حَتَّى أُوقِفَ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ لَهُ عِيسَى بْنُ زَيْدٍ : أَسْلِمْ تَسْلَمْ : فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِاللهِ عليه السلام : أَحَدَثَتْ نُبُوَّةٌ بَعْدَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله؟ فَقَالَ لَهُ مُحَمَّدٌ : لَا وَلٰكِنْ، بَايِعْ تَأْمَنْ عَلَى نَفْسِكَ وَمَالِكَ وَوُلْدِكَ وَلَا تُكَلَّفَنَّ حَرْباً ، فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِاللهِ عليه السلام : مَا فِيَّ حَرْبٌ وَلَا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

کتاب مستطاب

الشافی

ترجمہ

اصول کافی جلد اوّل

حضرت ثقۃ الاسلام علامہ فہامہ مولانا الشیخ محمد یعقوب کلینی علیہ الرحمۃ

ترجمہ

مفسر قرآن عالیجناب ادیب اعظم مولانا السید ظفر حسن صاحب قبلہ مدظلہ العالی نقوی الامروہوی

بانی و منتظم جامعہ امامیہ کراچی

مصنف دوصد کتب

ناشر

ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ) ناظم آباد نمبر۲۔ کراچی

مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا بِكُمْ فَرُبَّمَا وَرَدَ عَلَيْنَا الشَّيْءُ لَمْ يَأْتِنَا فِيهِ عَنْكَ وَلَا عَنْ آبَائِكَ شَيْءٌ فَنَظَرْنَا إِلَى أَحْسَنِ مَا يَحْضُرُنَا وَأَوْفَقِ الْأَشْيَاءِ لِمَا جَاءَنَا عَنْكُمْ فَنَأْخُذُ بِهِ؟ فَقَالَ: هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ، فِي ذٰلِكَ وَاللّٰهِ هَلَكَ مَنْ هَلَكَ يَا ابْنَ حَكِيمٍ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ أَبَا حَنِيفَةَ كَانَ يَقُولُ: قَالَ عَلِيٌّ وَقُلْتُ.
قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ حَكِيمٍ لِهِشَامِ بْنِ الْحَكَمِ: وَاللّٰهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا أَنْ يُرَخِّصَ لِي فِي الْقِيَاسِ.

(۹) محمد ابن حکیم سے مروی ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظمؑ سے علیہ السلام سے کہا میں آپ پر فدا ہوں۔ ہم نے علم دین حاصل کیا اور آپ کی وجہ سے ہم دوسروں سے علم حاصل کرنے سے بے پرواہ ہوگئے یہاں تک کہ ہم میں سے کچھ لوگ جب جلسوں میں جاتے ہیں اور لوگ ہم سے سوال کرتے ہیں تو ہم ان کے جواب دے دیتے ہیں اس لئے کہ خدا نے ہم پر احسان کیا ہے آپ لوگوں کی وجہ سے۔ لیکن بعض اوقات ایسے سوالات بھی سامنے آجاتے ہیں کہ ہم نے ان کا جواب نہ آپ سے حاصل کیا نہ آپ کے آبائے طاہرین سے پس ایسے موقع پر جو بہتر آتا ہے اسکے ہر پہلو پر غور کرکے جواب دے دیتے ہیں۔ اے ابن حکیم افسوس افسوس کیا یہ صحیح ہے فرمایا اس میں ہلاکت ہے جس نے ایسا کیا وہ ہلاک ہوا۔ پھر فرمایا۔ خدا لعنت کرے ابو حنیفہ پر کہ وہ کہتا ہے اس مسئلہ میں علی یہ کہتے ہیں اور میں یہ کہتا ہوں۔ یعنی میرا قول ان کے قول سے بہتر ہے۔ محمد بن حکیم کہتے ہیں کہ میں نے ہشام بن عبدالحکم سے کہا۔ واللہ میں چاہتا تھا کہ مجھے مسائل دین میں قیاس کرنے کی اجازت مل جاتی۔

۱۰ ـ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ رَفَعَهُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي الْحَسَنِ الْأَوَّلِ عليه السلام بِمَا أُوَحِّدُ؟ فَقَالَ: يَا يُونُسُ، لَا تَكُونَنَّ مُبْتَدِعاً، مَنْ نَظَرَ بِرَأْيِهِ هَلَكَ، وَمَنْ تَرَكَ أَهْلَ بَيْتِ نَبِيِّهِ صلی الله علیه و آله ضَلَّ، وَمَنْ تَرَكَ كِتَابَ اللّٰهِ وَقَوْلَ نَبِيِّهِ كَفَرَ.

۱۰۔ یونس بن عبدالرحمن سے مروی ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کیا امر ہے جس سے وحدانیت باری تعالیٰ کی شناخت کسی میں پائی جائے۔ فرمایا اے یونس بدعت پسند نہ بن جس نے احکام دین میں اپنی رائے سے عمل کیا وہ ہلاک ہوا اور جس نے اپنے نبی کے اہلبیت کو چھوڑ دیا۔ ہلاک ہوا اور جس نے کتاب خدا اور قول نبی کو ترک کیا وہ کافر ہوا۔

۱۱ ـ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْوَشَّاءِ، عَنْ مُثَنَّى الْحَنَّاطِ، عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عليه السلام: تَرِدُ عَلَيْنَا أَشْيَاءُ لَيْسَ نَعْرِفُهَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ وَلَا سُنَّةٍ فَنَنْظُرُ فِيهَا؟

*

*

باب بیستم ۲۰ بدعت ورائے وقیاس روایت ۹ - ۱۰

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ

ترجمہ اردو

حیات القلوب
جلد اوّل

مؤلفہ :- علّامہ مجلسی علیہ الرحمہ

مترجمہ :- مولوی سید بشارت حسین صاحب کامل مرزاپوری کربلائی مشہدی

جس میں

حضرت آدم علیہ السّلام سے حضرت عیسٰی علیہ السّلام تک تمام انبیا و مرسلین کے مکمل و مفصل حالات درج ہیں

ناشران

امامیہ کتب خانہ

محفوظ رہا۔ راوی نے پوچھا کیا آسمان پر اُٹھا لیا گیا تھا؟ فرمایا نہیں لیکن پانی سے متصل نہیں ہُوا بلکہ اس کے گرد بلند ہوا تھا۔

بسندِ معتبر منقول ہے کہ حضرت امام رضاؑ سے لوگوں نے دریافت کیا کہ کس سبب سے حق تعالیٰ نے تمام زمینوں کو غرق کیا حالانکہ اس میں اطفال اور وُہ لوگ مثلاً دیوانے بھی تھے جن کے لیئے گناہ نہیں ہے۔ جواب میں فرمایا کہ ان میں اطفال نہیں تھے۔ کیونکہ خدا نے چالیس سال قبل سے قوم نوحؑ کی صلبوں کو اور اُن کی عورتوں کے رحموں کو عقیم کر دیا تھا۔ لہٰذا ان کی نسلیں منقطع ہوگئی تھیں۔ ایسا نہیں ہوتا کہ خدا اس کو اپنے عذاب سے ہلاک کرے جس نے کوئی گناہ نہ کیا ہو۔ نوحؑ کی قوم نے حضرت نوحؑ کی تکذیب کی اس لیئے ہلاک ہوئی۔ بقیہ اور لوگ اس لیئے ہلاک ہُوئے کہ تکذیب کرنے والوں کی تکذیب سے راضی تھے۔ اور کوئی شخص اگرچہ کسی امر میں شریک نہیں ہوتا لیکن اس پر رضامند رہتا ہے تو گویا کہ وُہ بھی اس میں شریک رہا ہے اور اُس امر کا مرتکب ہُوا ہے۔

اور دوسری معتبر حدیث میں فرمایا کہ حق تعالیٰ نے اس لیئے فرمایا کہ نوحؑ تمہارا بیٹا تمہارے اہل سے نہیں ہے کہ وُہ گنہگار تھا۔ جیسا کہ فرمایا ہے۔ اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ [1]

[1] مولف فرماتے ہیں کہ نوحؑ کے فرزند کے بارے میں مفسرین و مورخین اور علمائے مخالفین کے درمیان اختلاف ہے کہ آیا نوحؑ کا لڑکا تھا یا نوحؑ کی بیوی کا دشوہر اوّل سے، حلال زادہ تھا یا زنا زادہ۔ علمائے شیعہ میں مشہور ہے کہ وُہ نوحؑ کا لڑکا تھا اور حلال زادہ تھا۔ اور اس آیت اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ کی قرات میں اکثر قاریوں نے عَمَلٌ۔ بفتح عین و میم و ضم لام با تنوین پڑھا ہے جو اسم ہے۔ اور کسائی اور یعقوب اور سہل نے بفتح عین و کسرہ میم و فتح لام (یعنی عَمِلَ) پڑھا ہے جو فعل ماضی غیر منصوب ہے جو اس کا مفعول ہے اور قراءت اوّل کی بنا پر بعضوں نے کہا ہے کہ ایک مضاف مقدر ہے یعنی وُہ صاحب عمل ناشائستہ تھا اور بعضوں نے کہا ہے کہ وُہ خود ناشائستہ عمل (کا نتیجہ) تھا یعنی حلال زادہ نہ تھا۔ اور شیعوں کے اس معنی سے انکار پر حضرت امام رضاؑ اور تمام ائمہ علیہم السلام سے بہت سی حدیثیں منقول ہیں کہ جو سُنّی کہتے ہیں کہ وُہ نوح علیہ السلام کا بیٹا نہ تھا غلط کہتے ہیں۔ بلکہ وُہ انہی کا بیٹا تھا۔ چونکہ کافر و بدکار تھا اس لیئے خدا نے فرمایا کہ وُہ تیرے اہل سے نہیں ہے۔ اور ان کی اطاعت کرنے والوں کو ان کے اہل سے شمار کیا جیسا کہ حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا مَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّہٗ مِنِّیْ۔ یعنی جس نے میری پیروی کی وُہ میرے اہل سے ہے۔ اور شیعوں کی بعض معتبر حدیثوں میں جو وارد ہُوا ہے کہ وُہ نوحؑ کا فرزند نہ تھا تو وُہ یا تو تقیہ پر محمول ہیں یا اس پر کہ وُہ نوحؑ کی بیوی کا شوہر اوّل سے بطریق حلال پیدا شدہ تھا۔ کیونکہ عقل و نقل سے ثابت ہو چکا ہے کہ انبیاء پاک ہیں اس سے کہ حق تعالیٰ اُن کو چھوڑ دے کہ کسی امر حرام کے ساتھ ان کی طرف نسبت ہو جو (باقی بر صفحہ ۱۷۳)

نوحؑ کے بیٹے کے بارے میں تحقیق جو غرق ہوا کہ وُہ نوحؑ کا بیٹا تھا یا نہیں۔

بسندِ معتبر حضرت صادقؑ سے منقول ہے کہ جب نوحؑ کشتی سے اُترے ابلیس نے ان کے پاس آ کر کہا کہ زمین میں کسی شخص کا احسان مجھ پر آپ کے احسان سے زیادہ نہیں ہے آپ نے اُن فاسقوں پر لعنت کی اور سب کو جہنم میں پہنچا دیا اور مجھ کو اُن کے گمراہ کرنے (کی محنت) سے راحت بخشی۔ لہٰذا دو خصلتیں آپ کو تعلیم کرتا ہوں۔ اوّل یہ کہ ہرگز کسی پر حسد نہ کیجئے کیونکہ حسد نے میرے ساتھ کیا جو کچھ کیا۔ دُوسرے حرص ہرگز نہ کیجئے کیونکہ حرص نے آدمؑ کے ساتھ کیا جو کچھ کیا۔

بسندِ معتبر حضرت صادقؑ سے منقول ہے کہ جب نوحؑ نے اپنی قوم پر بددُعا کی اور وُہ ہلاک ہوگئی تو شیطان نے آپ کے پاس آ کر کہا کہ آپ کا مجھ پر ایک احسان ہے چاہتا ہوں کہ اس کا عوض دوں۔ نوحؑ نے کہا کہ میں اس بات سے نفرت رکھتا ہوں کہ تجھ پر احسان کروں۔ بتا وُہ احسان کیا ہے۔ اس نے کہا یہ کہ آپ نے اپنی قوم پر نفرین کی اور غرق کر دیا۔ اب کوئی باقی نہیں ہے جسے میں گمراہ کروں۔ اور اب مجھ کو راحت ہے جب تک کہ دُوسرا قرن آئے پھر گمراہ کروں گا۔ نوحؑ نے فرمایا اس کا عوض کیا ہے؟ کہا بندوں پر میرے قابو کے مواقع یاد رکھیئے ان تین حالتوں میں سے کوئی ایک حالت ہو تو میں اُن سے بہت قریب رہتا ہوں: جبکہ وُہ غصہ میں ہوں۔ جبکہ دُو آدمیوں کے درمیان حکم کرتا ہو۔ اور جس وقت بندہ کسی عورت کے ساتھ تنہا ہوتا ہے۔

بسندِ معتبر حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب نوح علیہ السلام حیوانات کو کشتی میں داخل کر رہے تھے بکری نے نافرمانی کی آپ نے اُس کو کشتی میں پٹک دیا اُس کی دُم ٹوٹ گئی۔ اسی وجہ سے اُس کی شرمگاہ کھلی رہ گئی۔ اور گوسفند نے کشتی میں داخل ہونے میں سبقت کی تو نوحؑ نے اُس کی دُم اور پُشت پر ہاتھ پھیرا اس سبب سے اس کی بڑی دُم پیدا ہوگئی جس سے اُس کی شرمگاہ پوشیدہ رہی۔

بسندِ معتبر حضرت صادقؑ سے منقول ہے کہ نجف دُنیا میں سب سے بلند ایک پہاڑ تھا اور

(بقیہ صفحہ ۱۷۲) ان کی ذلت کا باعث ہو۔ اسی طرح اس آیت میں حق تعالیٰ نے جس میں کہ حفصہ و عائشہ کی مثال بیان کی ہے فرمایا ہے کہ ان عورتوں کی مثال زنِ نوحؑ و لُوطؑ کی سی ہے۔ وُہ دونوں ہمارے دو نیک بندوں کے تصرف میں تھیں پھر ان دونوں نے ان سے خیانت کی تو ان بندوں نے عذابِ خدا سے بچانے میں ان کو کوئی فائدہ نہ پہنچایا۔ اور ان عورتوں سے کہا گیا کہ دوزخ کی آگ میں جہنم والوں کے ساتھ داخل ہو جاؤ۔ اور عامہ و خاصہ کے طریق پر حدیثیں وارد ہوئی ہیں کہ ان (نوحؑ و لُوطؑ کی) عورتوں کی خیانت یہ تھی کہ وُہ کافرہ تھیں اور کافروں سے مومنوں کی چغلخوری کرتی تھیں اور اپنے شوہروں کو آزار پہنچاتی تھیں کوئی اور خیانت نہ تھی۔ ۱۲ (منہ)

هو الذی بعث فی الامیین رسولا منهم یتلوا علیهم آیاته ویزکیهم

اردو ترجمہ

حیات القلوب جلد دوم

مؤلفہ علامہ مجلسی علیہ الرحمہ

مترجمہ مولوی سید بشارت حسین صاحب کامل مرزا پوری

—— جس میں ——

پیغمبر آخر الزمان کے تمام وکمال حالات، خلقت نورؐ، ولادت، معجزات ارضی وسماوی، غزوات وسرایا، معراج، مباہلہ، علمائے نجران کا آپس میں مناظرہ، بادشاہان وقت کو دعوت اسلام، نیز دیگر واقعات تا وفات آنحضرتؐ وفضائل ومناقب اہلبیت علیہم السلام نہایت تفصیل سے درج ہیں۔

—— ناشر ——

طہٰ پبلشنگ سینٹر

درگاہ حضرت عباسؑ، رستم نگر، لکھنؤ ۳ (انڈیا)

کہا کتنا قابل ہے خدا جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان باتوں سے آگاہ کر دیتا ہے جو ہمارے اور تمہارے درمیان ہوا کرتی ہیں اور ان باتوں سے بھی جو دلوں میں گزرتی ہیں اور آیتیں اس بارے میں نازل کر دیتا ہے تاکہ ہمیشہ ان کو لوگ پڑھتے رہیں۔ تو آنحضرتؐ نے جناب عمار یاسرؓ کو ان میں مل جانے کا حکم دیا کیونکہ وہ کچھ ایسی باتیں کرتے ہیں کہ ممکن ہے کہ جل جائیں۔ وہ ان کے پاس آکر کہنے لگے کہ تم نے کیسی نامناسب باتیں کی ہیں جن کی خبر خدا نے تمہارے پیغمبرؐ کو دے دی۔ انہوں نے کہا ہم نے تو کوئی ایسی بات نہیں کی اور اگر کچھ کہا ہے تو مزاح اور کھیل میں کہا ہے اُس وقت خدا نے یہ آیتیں نازل فرمائیں۔ یَحْذَرُ الْمُنَافِقُونَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُورَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِي قُلُوبِهِمْ قُلِ اسْتَهْزِءُوا اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَا تَحْذَرُونَ ۝ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُونَ ۝ (پ ۱۰ آیت ۶۴، ۶۵ سورۂ توبہ) یعنی منافقین ڈرتے ہیں اس بات سے کہ کہیں مومنین پر کوئی سورۂ قرآن کا نازل نہ ہو جائے جس سے مومنین کو اطلاع ہو جائے ان باتوں سے جو منافقوں کے دل میں ہے اے رسولؐ کہہ دو کہ تم مذاق اڑاؤ بیشک خدا ظاہر کرنے والا ہے جو کچھ تم ظاہر کرنے سے ڈرتے ہو اور اے رسولؐ اگر تم ان سے پوچھو کہ تم کیا کہتے تھے وہ کہیں گے کہ ہم لوگ تو مسافروں کی سی گفتگو کرتے تھے اور آپس میں مذاق کرتے تھے اے رسولؐ تم ان سے کہہ دو کہ کیا خدا اور رسولؐ اور خدا کی آیتوں کے ساتھ مذاق کرتے ہو۔ لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيمَانِكُمْ اِنْ نَعْفُ عَنْ طَائِفَةٍ مِنْكُمْ نُعَذِّبْ طَائِفَةً بِاَنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ (پ ۱۰ آیت ۶۶ سورۂ توبہ) معذرت مت کرو کیونکہ تمہارا عذر محض جھوٹ ہے۔ بیشک ایمان ظاہر کرنے کے بعد تم نے اظہار کفر کیا یا یہ کہ کافر ہو گئے ایمان لانے کے بعد۔ تم میں سے جو شخص توبہ کرے گا تو اگر ہم معاف کر دیں (تو ہمارا کرم ہے) ورنہ ہم ان لوگوں پر عذاب کریں گے جو گناہگار ہیں اور اپنے نفاق کو چھپاتے ہیں۔ علی بن ابراہیم نے اس آیت کی تفسیر میں امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ یہ وہ لوگ تھے جو خلوص سے ایمان لائے تھے مگر انہوں نے دین میں شک کیا اور منافق ہو گئے اور وہ چار اشخاص تھے اور ان میں ایک جس کے معاف کر دینے کا خدا نے وعدہ فرمایا مجتبیٰ بن الحمیر تھا اس نے اپنے گناہ کا اقرار کیا اور توبہ کی اور کہا یا رسول اللہ میرے اس نام نے مجھے ہلاک کیا تو آنحضرتؐ نے اس کا نام عبداللہ بن عبدالرحمٰن رکھا۔ اس نے دعا کی کہ خداوندا مجھ کو ایسی جگہ شہادت عطا فرما کہ کوئی نہ جانے کہ میں کہاں ہوں۔ خدا نے اس کی دعا قبول فرمائی اور وہ جنگ مسیلمہ میں شہید ہوا اور کسی کو معلوم نہ ہوا کہ وہ کہاں ہے۔ غرض وہ تھا جس کو خدا نے معاف فرمایا۔ لیکن عیاشی نے بسند معتبر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ یہ آیتیں ابوبکر و عمر اور بنی امیہ کے دس اشخاص کے بارے میں نازل ہوئیں کیونکہ یہ بارہ اشخاص عقبۂ تبوک پر جمع ہوئے تھے تاکہ آنحضرتؐ کو ہلاک کر دیں۔ ان کا خیال تھا کہ اگر لوگ ہم کو دیکھ لیں گے تو ہم کہہ دیں گے کہ ہم تو مذاق کر رہے تھے اور اگر کسی نے نہ دیکھا تو حضرتؐ کو ہلاک کر دیں گے۔ اُس وقت خدا نے یہ آیتیں نازل فرمائیں۔ اور ایک گروہ کو معاف کر دینے سے مراد یہ ہے کہ امیر المومنینؑ نے مصلحتہً دنیا میں ابوبکر و عمر کو بحکم خدا معاف کر دیا اور ان پر منبر پر لعنت کی اور ان دسوں اشخاص پر بھی لعنت کی۔ جب آنحضرتؐ جنگ تبوک سے واپس آئے مومنین صحابہ نے منافقین پر اعتراض کیا اور ان کو ملامت کرنے لگے تو انہوں نے قسم کھائی کہ ہم دین حق پر ثابت قدم ہیں منافق نہیں ہوئے ہیں

تاکہ شاید مومنین اُن کی آزار رسانی سے باز آجائیں اور اُن سے راضی ہو جائیں تو خدا نے اُن کے جھوٹ کے بارے میں یہ آیتیں نازل کیں: سَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوا عَنْهُمْ فَأَعْرِضُوا عَنْهُمْ إِنَّهُمْ رِجْسٌ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ يَحْلِفُونَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَرْضَىٰ عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ (پ ۱۱ آیت ۹۵، ۹۶ سورہ توبہ)

یعنی اے رسولؐ یہ منافقین جب تم سفر سے واپس آؤ گے تو تم سے قسمیں کھائیں گے جبکہ تم اُن سے غصہ میں منہ پھیر لو گے تاکہ تم اُن سے درگزر کرو اور اُن سے راضی ہو جاؤ وہ یقیناً نجس اور گندے ہیں اور اُن کی بازگشت جہنم ہے اُن کرتوت کے بدلے میں جو اُنہوں نے کیئے ہیں۔ منافقین قسم کھاتے ہیں تاکہ تم اُن سے راضی ہو جاؤ۔ تو اے مومنو! اگر تم اُن سے راضی ہو بھی جاؤ۔ تو خدا تو فاسقوں کے گروہ سے خوش نہیں ہو سکتا۔

تفسیر امام حسن عسکریؑ میں مذکور ہے کہ اُن منافقوں نے جو جنگ تبوک میں شریک تھے آنحضرتؐ کی ہلاکت کا ارادہ کیا اور اُن میں سے ایک گروہ نے جو مدینہ میں تھا حضرت علیؑ کو قتل کرنے کا قصد کیا اُس حسد کے سبب سے جو اُن پر آنحضرتؐ اور امیرالمومنینؑ کے برگزیدہ ہونے کے سبب سے غالب تھا چونکہ رسولؐ خدا مدینہ سے باہر نکلے تو امیرالمومنین کو اپنا خلیفہ مدینہ میں قرار دیا۔ حضرتؐ نے فرمایا کہ جبرئیلؑ میرے پاس آئے اور کہا یا رسولؐ اللہ آپ کو خداوند اعلیٰ سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ یا آپ مدینہ سے باہر جائیں اور علیؑ کو مدینہ میں چھوڑیں یا خود مدینہ میں رہیں اور علیؑ کو باہر بھیجیں ان دونوں باتوں میں سے ایک کا اختیار کرنا ضروری ہے کیونکہ میں نے علیؑ کو برگزیدہ کیا ہے ان دو باتوں میں سے جن کی جلالت و بلندی مخلوق میں سے کوئی نہیں جانتا۔ جو شخص ان دونوں اُمور کی اطاعت کرے گا اُس کا ثواب میرے سوا کوئی نہیں جانتا۔ غرض جب حضرتؐ نے مدینہ میں امیرالمومنینؑ کو اپنا خلیفہ بنایا اور جنگ تبوک کو روانہ ہوئے منافقوں نے اس بارے میں بہت باتیں کرنا شروع کیں کہ محمدؐ کے دل میں علیؑ کی طرف سے ملال پیدا ہو گیا ہے اس لیئے اپنے ساتھ رکھنے سے کراہت کرتے ہیں اسی لیئے اس سفر میں اپنے ساتھ نہیں لے گئے۔ یہ باتیں امیرالمومنینؑ کے لیئے رنج و ملال کا باعث ہوئیں اور آپ آنحضرتؐ کے پیچھے روانہ ہوئے اور مدینہ کے قریب ہی اُن سے جا کر مل گئے حضرتؐ نے فرمایا اے علیؑ کیا سبب ہے کہ تم نے مدینہ سے حرکت کی۔ عرض کی یا رسولؐ اللہ لوگوں سے ایسی باتیں سنیں جو برداشت نہیں ہو سکتیں۔ حضرتؐ نے فرمایا کہ اے علیؑ کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تم میرے نزدیک ویسے ہی ہو جیسے موسیٰؑ کے نزدیک ہارونؑ تھے لیکن میرے بعد کوئی پیغمبر نہ ہوگا۔ یہ سنکر امیرالمومنینؑ مدینہ واپس ہوئے۔ راستہ میں منافقوں نے امیرالمومنینؑ کے قتل کی تدبیر کی اور ایک گہرا گڑھا مثل کنوئیں کے کھدوا تقریباً پچاس ہاتھ لمبا اور اُس کو بوریوں سے چھپا دیا اور اُن پر مٹی ڈال دی۔ اور وہ گڑھا ایسے مقام پر کھدوا تھا کہ حضرتؐ کا بلاشبہ اُسی طرف سے واپس آنا تھا۔ اور وہ گڑھا نہایت گہرا کھدوا تھا تاکہ حضرتؐ اپنے گھوڑے پر سوار جب اُس میں گریں تو ضرور ہلاک ہو جائیں۔ اور اُس کے چاروں طرف بہت سے ڈھیلے پتھر رکھے تھے تاکہ جب حضرتؐ اُس میں گر جائیں تو وہ سب اُس میں ڈال کر اُس کو پاٹ دیں۔ اور آپ کو اُن پتھروں میں پوشیدہ کر دیں۔ غرض جب حضرتؐ اُس مقام پر پہنچے آپ کے گھوڑے نے اپنی گردن پھرائی اور

حضرتؐ کو اُن تمام اُمور سے آگاہ کیا جو دیکھا اور سُنا تھا۔ حضرتؐ نے پوچھا تم نے اُن کی صورتوں کو بھی پہچانا؟ عرض کی یا رسُولؐ اللہ وُہ اپنے چہروں پر نقاب ڈالے ہوئے تھے لیکن اُن میں سے اکثر کو میں نے ان کے اُونٹوں کے ذریعہ پہچان لیا۔ لیکن جب انہوں نے اُس مقام کو اچھی طرح جانچ لیا کہ کوئی نہیں ہے تو اپنے چہروں سے نقاب اُٹھا دی میں نے اُن کو دیکھا اور سب کو پہچان لیا وُہ فلاں فلاں اور فلاں تھے اور اُن چودہ آدمیوں کے نام بتا دیئے تو حضرتؐ نے فرمایا کہ جب خداوند عالم محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو محفوظ رکھنا چاہے اگر یہ لوگ تمام دُنیا کے لوگوں کو اتفاق کر کے جمع کر لیں کہ اس کو اپنی جگہ سے ہٹا دیں تو خدا اُس کے امر کو جاری کر کے رہے گا۔ اگرچہ کافروں کو پسند نہ ہو۔ پھر فرمایا اے حذیفہ اُٹھو تم، سلمانؓ، اور عمارؓ میرے ساتھ چلو اور خدا پر بھروسہ رکھو۔ اور جب ہم گھاٹی سے گزر جائیں تو لوگوں کو اجازت دو کہ میرے پیچھے آویں۔ غرض حضرتؐ عقبہ سے اُوپر چلے گئے حضرتؐ اپنے ناقہ پر سوار تھے اور حذیفہؓ وسلمان میں سے ایک حضرتؐ کے ناقہ کی مہار پکڑے ہوئے تھے اور دُوسرے صاحب پیچھے سے ناقہ کو ہنکار رہے تھے۔ جب عمارؓ ناقہ کے پہلو میں چل رہے تھے۔ اور وُہ ملعون منافقین اپنے اُونٹوں پر سوار تھے اور اُن کے پیادے اِدھر اُدھر عقبہ کے اطراف میں تھے اور جو لوگ کہ عقبہ کے اُوپر پہاڑی پر کھڑے تھے۔ انہوں نے ڈبے ریت سے بھر رکھے تھے۔ اُن ڈبوں کو ٹیلے پر سے پھینکا تا کہ آنحضرتؐ کے ناقہ کو بھڑکا دیں شاید حضرتؐ عقبہ سے نیچے گر پڑیں۔ وُہ ڈبے جب حضرتؐ کے ناقہ کے قریب پہنچے خدا کی قدرت سے بہت بلند ہو کر ناقہ کے اُوپر سے گزر کر دُوسری طرف گرے اور ناقہ کو کوئی ضرر نہ پہنچا ناقہ کو ان کا احساس بھی نہ ہوا۔ حضرتؐ نے عمارؓ سے فرمایا کہ اس پہاڑی پر چڑھ کر اپنے عصا سے ان کے اُونٹوں کے مُنہ پر مارو اور ان کو عقبہ سے نیچے گرا دو حضرت عمارؓ نے ایسا ہی کیا اور اُن کے اُونٹ بھڑکے اور سواروں کو پٹک دیا۔ اُن میں سے بعض کے ہاتھ ٹوٹ گئے اور بعض کے پیر اور بعضوں کے پہلو شکستہ ہو گئے جس سے وُہ سخت درد تکلیف میں مبتلا ہوئے۔ اور جب اُن کے زخم اچھے ہوتے تو اُن کے نشانات اُن کے مرتے وقت تک قائم و باقی تھے۔ اسی لیے حضرت رسالتمآبؐ جناب امیرؑ سے فرمایا کرتے تھے کہ حذیفہؓ منافقوں کو سب سے زیادہ جاننے والے ہیں کیونکہ وُہ پہاڑ کے نیچے بیٹھے تھے و اُن کو دیکھ رہے تھے جو حضرتؐ سے پہلے عقبہ سے گزرے تھے۔ غرض خدا نے منافقوں کے شر سے اپنے رسُولؐ کو بچا لیا اور حضرتؐ صحیح وسلامت مدینہ واپس آئے اور خدا نے ابدی ذلت وخواری اُن کے لیے قرار دیا جو حضرتؐ کے ساتھ جنگ میں نہیں گئے تھے اور جنہوں نے امیرالمومنینؑ کو ہلاک کرنے کی کوشش کی تھی۔

کلینیؒ نے بسند معتبر حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے کہ جب آنحضرتؐ کے ناقہ کو لوگوں نے بھڑکانا چاہا تو ناقہ بقدرت خدا گویا ہوا کہ خدا کی قسم قدم اپنی جگہ سے نہ ہٹاؤں گا اگرچہ مجھے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جائے۔

ابن بابویہؒ نے بسند معتبر حذیفہ بن الیمان سے روایت کی ہے کہ جس وقت آنحضرتؐ جنگ تبوک سے واپس آ رہے تھے تو جن لوگوں نے آنحضرتؐ کے ناقہ کو بھڑکانا چاہا تھا وُہ چودہ اشخاص تھے اوّل و دوم اور معاویہ، ابو سفیان پدر معاویہ، طلحہ، سعد بن ابی وقاص، ابو عبیدہ بن جراح، ابوالاعور، مغیرہ بن شعبہ، سالم ابی حذیفہ کا غلام، خالد بن ولید، عمرو بن عاص، ابی موسیٰ اشعری اور عبدالرحمٰن بن عوف۔ خدا ان سے اپنی رحمت کو دور رکھے یہی وُہ لوگ ہیں جن کے حق میں خدا نے فرمایا ہے وهموا بما لم ينالوا (آیۃ ۷۴ پ ۱۰ سورۃ توبہ)

حدیث معتبر میں وارد ہوا ہے کہ آنحضرتؐ نے ابوسفیان پر سات موقعوں پر لعنت کی ہے اُن میں سے ایک موقع یہی تھا جبکہ ان لوگوں نے عقبہ میں آنحضرتؐ پر حملہ کیا وُہ بارہ اشخاص تھے۔ سات آدمی بنی اُمیہ میں سے اور پانچ دُوسرے لوگ تھے۔ اُس وقت آنحضرتؐ نے اُن پر لعنت کی۔

شیخ طبرسیؒ نے عامہ وخاصہ کے طریق سے روایت کی ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگ تبوک سے واپس ہوتے بارہ منافقین عقبہ کے اُوپر آنحضرتؐ کی ہلاکت کے لیئے چھپے ہوتے تھے تو جبریلؑ نازل ہوئے اور آنحضرتؐ کو آگاہ کیا اور حضرتؐ سے کہا کہ کسی کو بھیجیں کہ وُہ اُن کے اُونٹوں پر مار کر واپس کر دے۔ اُس رات عمارؓ حضرتؐ کے ناقہ کو کھینچ رہے تھے اور حذیفہؓ پیچھے پیچھے آ رہے تھے۔ حضرتؐ نے حذیفہؓ سے کہا کہ ان کے اُونٹوں کی تھوتھنیوں پر مارو جو عقبہ پر کھڑے ہیں۔ حذیفہؓ ان کو بھگا کر حضرتؐ کے پاس واپس آئے۔ آپؐ نے پُوچھا کہ تم نے ان لوگوں کو پہچانا؟ عرض کی نہیں۔ حضرتؐ نے فرمایا فلاں فلاں اور فلاں تھے۔ میرے قتل کے ارادہ سے آئے تھے۔ حذیفہؓ نے کہا پھر کسی کو بھیج کر ان کو قتل کیوں نہیں کرا دیتے۔ آپؐ نے فرمایا میں یہ نہیں چاہتا کہ اہل عرب کہیں کہ جس گروہ کے ذریعے دُشمنوں پر غالب ہوئے اور جب غالب ہو گئے تو انہی لوگوں کو قتل کر دیا۔

قطب راوندی نے بسند موثق حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ ایک رات جنگ تبوک کے سفر میں اپنے ناقہ پر سوار جا رہے تھے اور لوگ آپ کے آگے چل رہے تھے۔ جب عقبہ کے قریب پہنچے جبریلؑ نازل ہوئے اور کہا چودہ اشخاص آپ کے اصحاب میں سے جن میں سے چھ افراد تو قریش میں سے ہیں باقی تمام دُوسرے لوگوں میں سے ہیں یا اس کے برعکس اور ان کے نام بتلائے کہ وُہ عقبہ پر بیٹھے ہیں تاکہ آپ کے ناقہ کو بھڑکائیں اور آپ کو ہلاک کر دیں۔ تو حضرتؐ نے ان کے نام لے کر فرمایا کہ تم عقبہ پر اس ارادہ سے بیٹھے ہو کہ مجھ کو ہلاک کرو۔ اُس وقت حذیفہؓ آنحضرتؐ کے ناقہ کے پیچھے تھے اور حضرتؐ کی آواز سُن رہے تھے۔ حضرتؐ نے اُن کو پکارا اور فرمایا کہ میں نے جو کچھ کہا تم نے سُنا؟ عرض کی ہاں۔ حضرتؐ نے فرمایا پوشیدہ رکھنا۔

اُنہی حضرتؑ سے بسند دیگر روایت کی گئی ہے کہ ہمیشہ جو کچھ منافقین کہا کرتے تھے قرآن میں نازل ہو جاتا تھا اور وُہ رسوا ہو جاتے تھے یہاں تک کہ ان لوگوں نے زبان سے کہنا بند کر دیا اور ابرو اور آنکھ سے آپس میں اشارے کرنے لگے۔ تو اُن میں سے بعض نے کہا کہ ہم مطمئن نہیں ہیں اس سے کہ چند آیتیں نازل ہو جائیں اور ہم رسوا ہوں اور یہ ذلت ہمیشہ کے لیئے ہماری اولاد میں باقی رہے۔ آؤ اس عقبہ میں جو ہمارے سامنے ہے آنحضرتؐ کی تاک میں بیٹھیں اور اُن کو عقبہ سے گرا دیں تاکہ وُہ ہلاک ہو جائیں اور ہم اُن کے شر سے محفوظ ہو جائیں۔ اُس عقبہ کو عقبۂ ذی فتق کہتے تھے۔ غرض وُہ عقبہ کے اُوپر چڑھ کر بیٹھ گئے۔ حذیفہؓ آنحضرتؐ کے ناقہ کو ہنکا رہے تھے وُہ کہتے ہیں کہ جب آنحضرتؐ سونے کا ارادہ کرتے تو میں حضرتؐ کے اُونٹ کو چھوڑ دیتا تھا کہ وُہ آہستہ چلے اُس کو تیز نہیں چلاتا تھا۔ اُس رات میں نے سمجھا کہ اندھیری رات ہے لہٰذا حضرتؐ کے اُونٹ سے الگ نہ ہوں گا غرض میں حضرتؐ کی خدمت میں حاضر تھا کہ جبریلؑ نازل ہوئے کہ فلاں فلاں اور فلاں اور ایک گروہ کا نام لیا کہ وُہ عقبہ پر بیٹھے ہیں تاکہ آپؐ کے اُونٹ کو بھڑکا دیں۔ تو حضرتؐ نے اُن کے نام لے لے کر اُن کو پکارا کہ اے فلاں اے فلاں

اُس وقت خدا نے یہ آیت نازل فرمائی :- وَاِذَا دُعُوْآ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ (آیت ۴۸ سورۃ النور پ۱۸) یعنی جب وُہ خدا و رسُولؐ کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ اُن کے درمیان رسُولؐ فیصلہ کریں تو اُن میں سے ایک فریق روگردانی کرتا ہے۔ یہ آیت اُن کے کفر و شقاوت کے بیان میں نازل ہوئی۔

روایت ہے کہ ایک روز آنحضرتؐ کا ایک باغ کی طرف گذر ہُوا جہاں عمرو بن عاص اور عقبہ بن معیط شراب کے نشہ میں مست ہو کر سید الشہداء حضرت حمزہؑ کی شہادت پر طعن و طنز کے ساتھ چند اشعار پڑھ رہے تھے۔ تو آپ نے فرمایا خداوندا ان کو فتنوں میں سرنگوں فرما جو سرنگوں کرنے کا حق ہے اور جہنم کی آگ میں جلا جو جلانے کا حق ہے۔

روایت ہے کہ ایک انصاری کا ایک درخت ایک دُوسرے شخص کے مکان میں تھا وُہ بغیر اُس کی اجازت کے اُس کے گھر میں داخل ہو گیا۔ صاحبِ خانہ نے اُس کی شکایت رسُولؐ اللہ سے کی حضرتؐ نے اس مالکِ درخت انصاری کو بلا کر فرمایا کہ اپنا وُہ درختِ خرما مجھے دے دے جس کے عوض میں تجھ کو بہشت میں ایک درخت دُوں گا اُس بدبخت نے منظور نہ کیا۔ حضرتؐ نے فرمایا اچھا فروخت کر دے اُس کے عوض ایک باغ میں تجھے بہشت میں دُوں گا۔ لیکن اُس نے قبول نہ کیا اور واپس چلا آیا۔ ابوالدحداح انصاری اُس کے پاس گئے اور اُس درخت کو اُس سے خرید کر جناب رسُولِ خدا کی خدمت میں آئے اور عرض کی یا رسُولؐ اللہ آپ اس درخت کی جو قیمت اُس انصاری کو بہشت میں دینا فرما رہے تھے مجھے دیجیئے اور یہ درخت مجھ سے لے لیجیئے۔ حضرتؐ نے فرمایا تمہارے واسطے اس درخت کے عوض بہت سے باغ ملیں گے۔ اُس وقت خدا نے یہ آیت نازل فرمائی :- فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝ (آیت ۵ تا ۷ سورۃ لیل پ۳۰) تو جس نے سخاوت کی اور اچھی بات (اسلام) کی تصدیق کی تو ہم اُس کے لیئے راحت و آسانی (جنت) کے اسباب مہیا کر دیں گے یا آسانی اُس کام میں جس میں اُس کو راحت حاصل ہو" یہ آیتیں ابوالدحداح کی شان میں نازل ہوئیں جس نے ثوابِ الٰہی کی تصدیق کی۔ اور یہ دُوسری آیتیں اُس انصاری کے حق میں نازل ہوئیں جس نے بخل کیا اور ثوابِ آخرت کی تصدیق نہ کی۔ جیسا کہ خدا نے فرمایا ہے :- وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ۝ (آیت ۸ تا ۱۱ سورۃ مذکور پ۳۰) اور جس نے بخل کیا اور لاپرواہی کی اور اچھی بات کو جھٹلایا تو ہم اُس کو سختی (جہنم) میں پہنچا دیں گے اور اُس کا مال اُس کو کچھ فائدہ نہ دے گا جبکہ وُہ قبر یا جہنم میں جا پہنچے گا۔ اور آخر سورۃ میں خداوند عالم نے ابوالدحداح کو زیادہ پرہیز گار فرمایا ہے اور اُس کی مدح کی ہے۔ اور اُس انصاری کو زیادہ شقی کہا ہے اور اُس کے لیئے جہنم کا وعدہ کیا ہے۔ اور قرب الاسناد میں یہی مضمون بسند صحیح حضرت امام رضاؑ سے روایت ہے جس میں مذکور ہے کہ ابوالدحداح نے خرمے کا ایک باغ دیا اور اُس درختِ خرما کو خرید کیا۔ اور شیخ طبرسیؒ نے اس سورۃ کے نازل ہونے کی وجہ یوں روایت کی ہے کہ ایک شخص کا ایک درختِ خرما خود

اُس کے اپنے گھر میں تھا جس کی شاخ اُس کے ہمسایہ کے مکان میں پھیلی ہوئی تھی۔ وُہ ہمسایہ غریب اور عیالدار تھا۔ جب وُہ شخص اپنے درخت پر خرمے توڑنے کے لیئے چڑھتا تو کچھ خرمے اُس ہمسایہ کے گھر میں بھی گر جاتے اور اُس مردِ غریب کے بچے خرموں کو چُن لیتے۔ وُہ شخص درخت سے جب اُترتا تو خرمے اُن بچوں سے چھین لیتا اور اگر وُہ دہن میں رکھ لیتے تو انگلی ڈال کر مُنہ سے نکال لیتا۔ آخر اُس شخص نے آنحضرتؐ کی خدمت میں شکایت کی۔ حضرتؐ نے فرمایا اُس شخص کو بُلا لاؤ۔ وُہ حاضر ہُوا تو آپؐ نے اُس سے فرمایا کہ وُہ شاخ جو اُس غریب شخص کے گھر پر پھیلی ہوئی ہے مجھے دے دے میں تجھے بہشت میں ایک درختِ خرما عطا کروں گا۔ اُس بدنصیب نے کہا کہ میرے پاس بہت سے درختِ خرما ہیں لیکن اس درخت کے پھلوں سے زیادہ کسی کے پھل پسند نہیں کرتا۔ چونکہ ابوالدحداح اُس وقت موجود تھے اور یہ باتیں سُن رہے تھے۔ جبکہ وُہ شخص واپس چلا گیا تو وُہ بھی اُٹھے اور حضرتؐ کی خدمت میں عرض کی یا رسُولؐ اللہ اگر اُس درخت کو میں خرید کر آپ کو دے دوں تو جو اُس درخت کے مالک کے لیئے آپ نے بہشت میں دینے کے لیئے فرمایا میرے لیئے بھی وعدہ فرمائیں گے حضرتؐ نے فرمایا ضرور۔ یہ سُنکر ابوالدحداح صاحبِ درخت کے پاس گئے اور اُس کو خریدنے کی خواہش کی۔ اُس نے کہا تم نے سُنا کہ جناب رسُولِؐ خدا اُس کے عوض مجھے بہشت میں درخت دے رہے تھے لیکن میں نے قبول نہیں کیا۔ ابوالدحداح نے کہا کہ اُس کے بیچنے کا ارادہ رکھتے ہو یا نہیں۔ اُس نے کہا نہیں بیچوں گا۔ جب تک اتنا زیادہ مال اُس کے عوض نہ ملے کہ مجھے گمان نہ ہو کہ اس قدر مال کوئی دے سکتا ہے۔ انہوں نے پوچھا کہ کس قدر قیمت چاہتے ہو۔ اُس نے کہا چالیس ۴۰ درختِ خرما۔ ابوالدحداح نے کہا کیا خوب۔ اپنے ایک ٹیڑھے درخت کے عوض چالیس ۴۰ درخت مانگتے ہو۔ اچھا میں نے دیئے۔ اُس نے کہا کچھ لوگوں کو لاؤ اور گواہ قرار دو تاکہ بعد میں اس سودے کے بارے میں تم انکار نہ کرو۔ ابوالدحداح ایک جماعت کو بُلا لائے اور گواہ بنا دیا اور اس درخت کو چالیس ۴۰ درختوں کے عوض خرید کیا۔ پھر حضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی یا رسُولؐ اللہ وُہ درخت میں نے خرید لیا اور حضورؐ کو دیتا ہوں۔ یہ سُنکر آنحضرتؐ اُس شخص فقیر کے گھر پر تشریف لے گئے اور فرمایا کہ یہ درخت اب تیرا اور تیرے عیال کا ہے اُس وقت خدا نے یہ آیتیں نازل فرمائیں۔

ابن بابویہ نے بسند معتبر حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے کہ تین ۳ اشخاص جناب رسُولِؐ خدا پر بہت اتہام اور جھوٹ باندھتے تھے۔ ابوہریرہ، انس اور عائشہ۔ اور قرب الاسناد میں بسند موثق حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے کہ تین ۳ اشخاص نے جناب فاطمہ صلوات اللہ وسلامہٗ علیہا کے خلاف فدک سے انکار کی گواہی دی اور جناب رسُولِؐ خدا پر جھوٹ باندھا کہ کوئی شخص آنحضرتؐ کی میراث نہیں پاتا عائشہ، حفصہ اور اوس بن حدثان۔

قطب راوندی نے وائل بن حجر سے روایت کی ہے۔ وُہ کہتے ہیں کہ جب آنحضرتؐ کے مبعوث ہونے کی خبر مجھ کو یمن میں پہنچی تو میں ایک بڑا بادشاہ تھا اور میری تمام قوم میری فرمانبردار تھی میں نے بادشاہی چھوڑ کر خدا و رسُولؐ کی اطاعت اختیار کی اور آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہُوا۔ حضرتؐ کے اصحاب نے مجھے

کہتے جو خدا کی ناراضی اور غضب کا باعث ہو۔ پھر جنابِ ابراہیمؑ سے خطاب فرمایا کہ ہم تمہارے غم میں اندوہناک ہیں۔ پھر حضرتؐ نے ایک سوراخ قبر میں مشاہدہ کیا اور اپنے دستِ مبارک سے اُس کو بند کر دیا اور فرمایا کہ تم میں سے جو شخص بھی کوئی کام کرے اُس کو چاہیئے کہ مکمل کام کرے۔ پھر فرمایا کہ اے ابراہیمؑ اپنے سلف صالح عثمان بن مظعون سے ملحق ہو جاؤ۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ جب آنحضرتؐ ابراہیمؑ پر اندوہناک ہوئے صحابہ نے آنحضرتؐ سے کہا یا حضرت آپ بھی روتے ہیں۔ حضرتؐ نے فرمایا یہ گریہ شکایت کے طور پر نہیں بلکہ دل کی رقت و رحمت کے سبب سے ہے۔ جو شخص رحم نہیں کرتا اُس پر دوسرے لوگ بھی رحم نہیں کرتے۔

بسندِ معتبر حضرت صادقؑ سے روایت ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کی قبر کے پاس خدا کی قدرت سے خرما کا ایک درخت اُگ آیا تھا تاکہ اُس قبرِ مطہر پر سایہ ہو جائے۔ اور جس جس طرف سورج گھومتا تھا آنحضرتؐ کے اعجاز سے وُہ درخت بھی گشت کرتا تھا تاکہ قبر پر دھوپ نہ پڑے یہاں تک کہ وُہ درخت خشک ہو گیا اور قبر معدوم ہو گئی۔ پھر کسی کو معلوم نہ ہوا کہ وُہ کہاں ہے۔

بسندِ معتبر اُنہی حضرتؑ سے روایت ہے کہ آپؑ نے اپنے صحابی سے فرمایا کہ جب تم مدینہ جاؤ تو مادرِ ابراہیم کے بالاخانہ کی طرف بھی جانا کیونکہ وُہ جناب رسُولِ خدا کا مسکن اور حضرت کی نماز کی جگہ ہے۔

علی بن ابراہیم اور ابن بابویہ نے موثق سندوں کے ساتھ حضرت امیرالمومنین اور امام محمد باقرؑ و امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ جب حضرت ابراہیمؑ بن رسالت مآبؐ نے رحلت کی تو سرورِ عالم زیادہ محزون و مغموم ہوئے۔ عائشہ نے آنحضرتؐ سے کہا کہ آپ اس پر اس قدر مغموم کیوں ہوتے ہیں وُہ تو بس جریح قبطی کا ایک لڑکا تھا جو ہر روز ماریہ کے پاس آتا جاتا تھا۔ یہ سُنکر آنحضرتؐ بہت غضبناک ہوئے اور امیرالمومنینؑ کو بُلایا اور فرمایا کہ جریح کا سر اُتار لاؤ۔ جنابِ امیرؑ نے شمشیر لے لی اور عرض کی کہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں یا رسُولَ اللہ آپ جس کام کے لیئے مجھے بھیج رہے ہیں اس کو فوراً عمل میں لاؤں جیسے سُرخ کی ہوئی سیخ اُونٹ کے بالوں میں جاتی ہے یا کچھ غور و فکر کرلوں تاکہ اس کی حقیقت مجھ پر ظاہر ہو جائے۔ حضرتؐ نے فرمایا تامل کرلو اور اس امر میں جلدی مت کرو۔ جنابِ امیرؑ جریح کی طرف روانہ ہوئے۔ ایک روایت میں ہے کہ جریح ایک باغ میں تھا۔ جنابِ امیرؑ نے باغ کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ جریح قریب آیا تاکہ دروازہ کھول دے۔ اُس کے سوراخ میں سے دیکھا کہ حضرتؑ کے چہرے سے آثارِ غضب ظاہر ہیں اور برہنہ تلوار ہاتھ میں لیئے ہیں تو ڈرا اور دروازہ نہیں کھولا۔ جنابِ امیرؑ باغ کی دیوار پر چڑھ گئے۔ جریح دہاں سے بھاگا حضرتؑ بھی اُس کے پیچھے دوڑے۔ جب اُس نے دیکھا کہ حضرتؑ قریب پہنچا چاہتے ہیں تو ایک درخت خرما پر چڑھ گیا جب حضرتؑ اُس کے نزدیک پہنچے تو وُہ درخت سے گر گیا۔ اور جب وُہ زمین پر گرا تو اس کی شرمگاہ کھُل گئی۔ جنابِ امیرؑ کی نظر بے اختیار اُس پر پڑی، دیکھا کہ نہ مرد ہے نہ عورت۔ دونوں میں کسی کی علامت نہیں ہے۔ دُوسری روایت کے مطابق وُہ جنابِ ابراہیمؑ کے مکان کی طرف گیا۔ اور کھڑکی سے بالاخانہ پر چڑھ گیا۔ جب اُس کی نظر جنابِ امیرؑ پر پڑی بھاگا اور نیچے کود گیا۔ اور پھر خرما کے ایک درخت پر چڑھ گیا جب

حضرت ابراہیمؑ پر آنحضرتؐ کا گریہ صحابہ کا اعتراض اور آپکا جواب

جنابِ ابراہیمؑ کی قبر پر خرما کا درخت

جنابِ ابراہیمؑ کے غم میں محزون ہونے پر عائشہ کا ماریہ قبطیہ کو جریح قبطی سے متہم کرنا اور آنحضرتؐ کا جنابِ امیرؑ کو جریح کے قتل پر مامور فرمانا اور جریح کے خواجہ سرا ہونے کا انکشاف۔

حضرتؑ درخت کے نیچے پہنچے فرمایا کہ نیچے آ۔ جریح نے کہا یا علیؑ خدا سے ڈریئے اور مجھ پر گمان بد مت کیجیئے کیونکہ میرے آلۂ مردمی قطعی کاٹ ڈالے گئے ہیں۔ پھر اپنی شرمگاہ کھول دی اور حضرت کی نگاہ اُس پر پڑی۔ غرض حضرتؑ اُس کو پکڑ کر جنابِ رسُولِ خدا کے پاس لائے۔ حضرتؐ نے اُس سے فرمایا کہ اپنا حال بیان کر کہ کیوں تو ایسا ہو گیا ہے اُس نے کہا یا رسُولَ اللہ قبطیوں کا یہ قاعدہ ہے کہ خدمت گاروں میں سے جو شخص بھی اُن کے گھروں میں جاتا آتا ہے اُس کو خواجہ سرا بنا دیتے ہیں۔ اور چونکہ قبطی غیر قبطی کو پسند نہیں کرتے، ماریہ کے باپ نے مجھ کو اُس کی خدمت کے لیئے آپ کے پاس بھیجا تھا تاکہ اُس کی خدمت کروں اور اُس کا مونس و ہمدم رہوں۔ یہ سُنکر آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میں شکر کرتا ہوں اُس خدا کا جو ہم اہلبیتؑ سے ہمیشہ بُرائیوں کو دُور رکھتا ہے۔ اور جھوٹ بولنے والوں پر اُن کا جھوٹ و افترا ظاہر کر دیتا ہے۔ اُس وقت خدا نے یہ آیت نازل فرمائی۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَیَّنُوْۤا اَنْ تُصِیْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِیْنَ (آیت ۶ سورۃ الحجرات پ ۲۶) جس کا ترجمہ سابقاً مذکور ہو چکا۔ تو خداوندِ عالم نے آیاتِ قذف نازل کیں جن کو اہلِ سنت کہتے ہیں کہ عائشہ کے حق میں نازل ہوئی وُہ عائشہ کے کفر و نفاق کے اظہار کے لیئے خدا نے بھیجی ہے۔

علی بن ابراہیم نے بسندِ معتبر دیگر روایت کی ہے کہ عبداللہ بن بکیر نے جناب امام جعفر صادقؑ سے پوچھا کہ آپ پر فدا ہوں کیا جناب رسُولِ خدا نے کسی وقت فرمایا تھا کہ جریح کو قتل کر دیں کیا حضرتؐ جانتے تھے کہ یہ اُس کی نسبت افترا ہے یا نہیں جانتے تھے۔ اور خداوندِ عالم نے محض ثابت کرنے کے لیئے جنابِ امیرؑ کے ہاتھ سے اُس قبطی کے قتل کو دفع فرما دیا۔ حضرتؑ نے فرمایا رسُولُ اللہ جانتے تھے کہ یہ بات افترا ہے لیکن مصلحتاً وُہ حکم دیا اگر آنحضرتؐ نے تاکیداً وُہ حکم دیا ہوتا تو جنابِ امیرؑ بغیر اُس کو قتل کیئے واپس نہ آتے۔ لیکن حضرتؐ نے صرف اس لیئے یہ حکم دیا تھا کہ شاید عائشہ جب یہ سُنیں گی کہ اُن کے کہنے سے ایک شخص ناحق قتل کیا جا رہا ہے تو اپنے گناہ سے توبہ کر لیں گی۔ لیکن وُہ اپنے قول سے نہ پھریں اور اُن کو ایک مسلمان کا ناحق قتل ہونا ناگوار نہ ہوا۔

باونواںؔ باب

آنحضرتؐ کی ازواج کی تعداد اور اُن کے مختصر حالات

ابن بابویہ نے بسندِ معتبر حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے کہ جنابِ رسُولِ خدا نے پندرہ[15] عورتوں سے تزویج فرمایا اور تیرہ[13] عورتوں سے مقاربت کی جب دار آخرت کی جانب رحلت فرمائی تو نو عورتیں آپ کی

فرمایا کہ اِنۡ تَتُوۡبَاۤ اِلَی اللّٰہِ فَقَدۡ صَغَتۡ قُلُوۡبُکُمَا ۚ وَ اِنۡ تَظٰہَرَا عَلَیۡہِ فَاِنَّ اللّٰہَ ہُوَ مَوۡلٰىہُ وَ جِبۡرِیۡلُ وَ صَالِحُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۚ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃُ بَعۡدَ ذٰلِکَ ظَہِیۡرٌ ﴿۴﴾ عَسٰی رَبُّہٗۤ اِنۡ طَلَّقَکُنَّ اَنۡ یُّبۡدِلَہٗۤ اَزۡوَاجًا خَیۡرًا مِّنۡکُنَّ مُسۡلِمٰتٍ مُّؤۡمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَیِّبٰتٍ وَّ اَبۡکَارًا ﴿۵﴾ (آیت ۴و۵، سورۂ تحریم پ۲۸) یعنی اے عائشہ وحفصہ اگر خدا کی بارگاہ میں توبہ کرلو اُس گناہ سے جو تم نے کیا (تو تمہارے واسطے بہتر ہے) کیونکہ بلاشبہ تمہارے قلوب کفر وضلالت کی طرف مائل ہوئے۔ اور اگر آنحضرتؐ کی اذیت پر تم ایک دُوسرے کی آپس میں مددگار ہوجاؤ تو (کچھ پروا نہیں) پیغمبرؐ کا مددگار خدا ہے اور جبرئیلؑ اور صالح المومنینؑ ہیں جس سے مُراد باتفاق خاصہ وعامہ امیرالمومنینؑ ہیں اور اُن کے بعد تمام فرشتے مددگار ہیں۔ اگر پیغمبرؐ تم کو طلاق دے دیں تو خدا تمہارے بدلے ان کو تم سے بہتر بیویاں عطا کرے گا جو مسلمان ہوں گی، ایمان والی ہوں گی، نماز پڑھنے والی، فرمانبردار، عبادت گذار اور روزہ رکھنے والی ہوں گی۔ اُن میں سے بعض شوہر کرچکی ہوں گی اور بعض کنواری ہوں گی۔ اس کے بعد خدا نے اس اشکال کو دُور کرنے کے لیئے کہ جاہل لوگ یہ نہ کہیں کہ کیسے ممکن ہے کہ پیغمبرؐ کی بیویاں کافرہ ومنافقہ ہوں خدا نے ایک مثال ان کے لیئے بیان فرمائی جس میں ان کا کفر ہر عاقل پر ظاہر کردیا جیسا کہ ان آیتوں کے بعد ارشاد فرمایا ہے کہ ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا لِّلَّذِیۡنَ کَفَرُوا امۡرَاَتَ نُوۡحٍ وَّ امۡرَاَتَ لُوۡطٍ ؕ کَانَتَا تَحۡتَ عَبۡدَیۡنِ مِنۡ عِبَادِنَا صَالِحَیۡنِ فَخَانَتٰہُمَا فَلَمۡ یُغۡنِیَا عَنۡہُمَا مِنَ اللّٰہِ شَیۡئًا وَّ قِیۡلَ ادۡخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِیۡنَ ﴿۱۰﴾ (آیت سورۂ تحریم پ۲۸) یعنی خدا نے اُن کے لیئے جو کافر ہوگئیں ایک مثال بیان کی ہے اور وُہ نوحؑ ولوطؑ کی بیویوں کی مثال ہے وُہ دونوں عورتیں ہمارے دو شائستہ بندوں کی زوجہ تھیں پھر اُن دونوں نے میرے اُن دونوں بندوں سے کفر ونفاق کے ساتھ خیانت کی تو اُن دونوں پیغمبروں نے اُن عورتوں سے خدا کا عذاب کچھ دفع نہیں کیا اور اُن عورتوں سے قیامت کے روز کہا جائے گا یا عالم برزخ میں کہ کافروں کے ساتھ آتش جہنم میں داخل ہوجاؤ۔" علی بن ابراہیم نے روایت کی ہے کہ ان کی ایک خیانت عائشہؓ کا طلحہ وزبیر کے ساتھ امیرالمومنینؑ سے جنگ کے لیئے بصرہ جانا تھا اور حضرت صاحب الامرؑ عائشہ کو بحکم خدا زندہ کریں گے اور اس خیانت کے سبب حد جاری کریں گے۔[1]

[1] مؤلف فرماتے ہیں کہ جناب اقدس الٰہی نے ان آیتوں میں عائشہ وحفصہ کا کفر ونفاق اور اُن کا آنحضرتؐ کی ایذا پر متفق ہونا اس طرح ظاہر و واضح فرمایا ہے جو کسی صاحب عقل سے پوشیدہ نہیں ہے اور اِن آیتوں کی صراحت و وضاحت کی وجہ سے جو ان کے کفر کے بارے میں نمایاں ہے زمخشری اور فخر رازی نے انتہائی تعصب کے باوجود کہا ہے کہ ان دونوں مثالوں میں خداوند عالم نے جو اس آیت میں اور اس کے بعد کی آیت میں جو زنِ فرعون کے بارے میں بیان کی ہے عظیم اشارہ اُن دونوں مومنین کی ماؤں کے بارے میں فرمایا ہے جو آنحضرتؐ کے آزار پر اتفاق اور حضرتؐ کے راز افشا کرنے میں اُن سے صادر ہوا۔ اور حق تعالیٰ نے ان مثالوں میں اُن کو بیان کیا ہے کہ بوجہ کفر ونفاق نسبی اور سببی رشتہ فائدہ نہیں دیتا (باقی برصفحہ ۹۰۱)

شیخ طوسی وسید ابن طاؤس نے بسند معتبر حضرت امیرالمومنینؑ سے روایت کی ہے۔ وُہ حضرتؑ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں جناب رسُول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ابوبکرؓ وعمرؓ وہاں موجود تھے۔ میں بھی آنحضرتؐ کے اور عائشہ کے درمیان بیٹھ گیا۔ عائشہ نے کہا میری اور آنحضرتؐ کی گود کے سوا کہیں اور جگہ نہ تھی۔ حضرتؐ نے فرمایا خاموش اے عائشہ علیؑ کے بارے میں مجھے اذیت مت دو۔ بے شبہ وُہ آخرت میں میرا بھائی ہے اور مومنوں کا امیر ہے۔ حق تعالیٰ اس کو روز قیامت صراط پر بٹھائے گا اور وُہ اپنے دوستوں کو بہشت میں اور دشمنوں کو دوزخ میں داخل کریں گے۔

ابن بابویہ نے بسند معتبر حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے کہ تین اشخاص ہیں جنہوں نے جناب رسُولؐ خدا پر جھوٹ بہت باندھا ہے۔ ابوہریرہ، انس بن مالک اور عائشہ۔ اور ابن بابویہ اور برقی نے بسند معتبر حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ جب حضرت قائم آلِ محمدؑ ظاہر ہوں گے تو وُہ عائشہ کو زندہ کریں گے اور اُن پر حد جاری کریں گے اور جناب فاطمہؑ کا انتقام لیں گے۔ راوی نے پُوچھا میں آپ پر فدا ہوں اُن پر کس سبب سے حد جاری کریں گے۔ امامؑ نے فرمایا کہ مادرِ ابراہیمؑ پر جو افترا کی تھی۔ راوی نے پُوچھا کہ خود آنحضرتؐ نے اُن پر کیوں نہ حد جاری فرمائی اور خدا نے قائم آلِ محمدؑ تک ملتوی کیا۔ حضرتؑ نے فرمایا اس لیئے کہ حق تعالیٰ نے آنحضرتؐ کو رحمت بنا کر بھیجا ہے اور حضرت قائم المنتظرؑ کو انتقام لینے کے لیئے بھیجے گا۔

(بقیہ از صفحہ ۹۰۰) اگرچہ وُہ نسبت اشرف خلق کے ساتھ ہو جو انبیاء ومرسلینؑ ہیں اور ایمان ہونے کے سبب سے کافروں کے ساتھ نسبت ہونا کوئی نقصان نہیں پہنچاتا اگرچہ وُہ کافر فرعون کے مانند ہو۔

واضح ہو کہ ابتدائے سورۃ میں جو خداوند عالم نے جناب رسُولؐ خدا پر عتاب فرمایا وُہ ظاہر ہے کہ انتہائی لطف ومرحمت ہے یعنی اے حبیبؐ کیوں اپنی عورتوں کی خاطر سے اُن لذتوں کو اپنے اُوپر حرام کرتے ہو جو خدا نے تمہارے لیئے حلال کی ہیں۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اُن لذتوں کو خود ترک کرنا خصوصاً ایسے وقت میں جبکہ مصلحت ہو حرام نہیں تھا اور نہ وُہ فعل حضرتؐ کا معصیت ہوسکتا ہے اور عتاب جو آنحضرتؐ پر آیت سے ظاہر ہوتا ہے حقیقت میں وُہ بھی اُنہی دونوں بیویوں پر تعریض ہے کہ اُن کی خاطرداری کے لیئے کیوں اپنے کو چند لذتوں سے محروم کرتے ہو۔ اور اُن دونوں کا ابوبکر وعمر کی خلافت کے بارے میں کہنا اگر واقعی حدیث ہو تو بہت سی مصلحتیں ہیں جس میں اُن کا امتحان اور اُن کے کفر ونفاق کا اظہار ہے اور بہت سی مصلحتیں ہیں جن کے ادراک سے اکثر انسانوں کی عقلیں قاصر ہیں مثل شیطان کو خلق کرنے کی مصلحت، اور نفس انسانی میں خواہشیں اور اُن کا فساد پر قادر بنانا وغیرہ۔ اور مومن کو چاہیئے کہ ہر معاملہ میں ایمان پر ثابت وقائم رہے اور شبہ واعتراض کا دروازہ اپنے اُوپر نہ کھولے اور شیطان کے وسوسوں میں نہ پھنسے اور ائمہ دین سے جو کچھ اس کو حاصل ہو اُس سے انکار نہ کرے اور اُن معاملات کا علم اُنہی پر چھوڑ دے۔ ۱۲

بحار الانوار

۱۲

علامہ محمد باقر مجلسی

ترجمہ

مولانا سید حسن امداد ممتاز الافاضل

درحالات

حضرت امام محمد مہدی آخر الزماں علیہ السلام

محفوظ بک ایجنسی • مارٹن روڈ کراچی

Tel: 4124286- 4917823 Fax: 4312882

E-mail: anisco@cyber.net.pk

کتابیات

قرب الاسناد
بشارۃ المصطفیٰ
فلاح السائل
ثواب الاعمال
احتجاج
مجالس المفید
فہرست النجاشی
جامع الاخبار
جمال الاسبوع
جنت
فرحت الغری
کتاب الاختصاص
منتخب البصائر
عدد
سرائر
محاسن
ارشاد
کشف الیقین
تفسیر العیاشی
قصص الانبیاء
استبصار
مصباح الزائر
صحیفۃ الرضاؑ
فقہ الرضاؑ
ضوء الشہاب
روضۃ الواعظین
صراط المستقیم
امان الاخطار
طب الائمۃ

علل الشرائع
دعائم الاسلام
عقائد
عدت
اعلام الوریٰ
عیون والمحاسن
غرر والدرر
غیبۃ الشیخ
غوالی اللئالی
تحف العقول
فتح الابواب
تفسیر علی بن ابراہیم
تفسیر فرات بن ابراہیم
کتاب الروضہ
کتاب العتیق الغروی
مناقب ابن شہر آشوب
قبس المصباح
قضاء الحقوق
اقبال الاعمال
دروع
کمال الدین
کافی
رجال الکشی
کشف الغمہ
مصباح الکفعمی
کنز جامع الفوائد و
تاویل الآیات الظاہرہ
معاً
خصال

بلد الامین
امالی الصدوق
تفسیر الامامؑ
امالی الشیخ
تمحیص
عمدۃ
مصباح الشریعہ
مصباحین
معانی الاخبار
مکارم الاخلاق
کامل الزیارۃ
منہاج
مہج الدعوات
عیون اخبار الرضاؑ
تنبیہ خاطر
کتاب نجوم
کفایہ
نہج البلاغہ
غیبۃ النعمانی
ہدایت
تہذیب
خرائج
توحید
بصائر الدرجات۔
طرائف
فضائل
کتاب الحسین بن سعید
اوکتابہ والنوادر
من لا یحضرہ الفقیہ

بحارُ الانوار (عربی جلد ۵۲، ۵۳) جلد دوازدہم ۱۲

درحالات حضرت امام العصر صاحب الامر علیہ السلام

بحار الانوار

باب ۲۸

بست ہشتم

ظہورِ امامؑ کے وقت کیا ہوگا؟

بروایت مفضلؒ بن عمر

ترجمۂ آیت: اور جو لوگ راہِ خدا میں قتل کیے گئے تم اُن ہرگز مردہ گمان نہ کرو، بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کے پاس سے رزق پاتے ہیں (۱۶۹) اور وہ اُس سے بہت خوش ہیں جو اللہ نے انھیں اپنے فضل سے عطا فرمایا ہے اور وہ اُن کے بارے میں بہت خوش بشاش ہیں جو ابھی اُن سے نہیں ملے اور اُنکے پیچھے رہ گئے ہیں کہ اُن پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی وہ آزردہ خاطر ہوں گے۔" (آل عمران ۱۶۹-۱۷۰)

رُجعت کا ذکر قرآن میں ہے

مفضّل نے عرض کیا: مولا! مگر آپ کے شیعوں میں سے بعض لوگ آپؑ حضرات کی رجعت کے قائل نہیں ہیں؟

فقال ع: انما سمعوا قول جدّنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و نحن سائر الائمہ نقول:

الآیۃ: "وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ" (سورۃ السجدۃ آیت ۲۱)

قال الصادقؑ: العذاب الادنیٰ، عذاب الرجعۃ والعذاب الاکبر، عذاب یوم القیامۃ۔

الآیۃ: "يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ وَبَرَزُوا لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ" (سورہ ابراہیم آیت ۴۸)

ترجمۂ روایت: آپ نے فرمایا: حالانکہ اُنھوں نے ہمارے جد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول اور ہم تمام ائمہؑ کا قول اس آیت کے متعلق سنا ہے:

ترجمۂ آیت: "اور یقیناً ہم انھیں عذابِ ادنیٰ کا مزا چکھائیں گے عذابِ اکبر کے علاوہ۔" (السجدہ آیت ۲۱)

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اس آیت میں "عذابِ الادنیٰ" سے مراد رجعت کے زمانے کا عذاب ہے۔ اور "عذاب الاکبر" سے مراد قیامت کے دن کا عذاب ہے۔ جس میں زمین و آسمان بدل دیے جائیں گے۔ یعنی

ترجمۂ آیت: "جس دن زمین غیر زمین میں بدل دی جائے گی اور آسمان بھی، اور سب کے سب

مفضّل نے عرض کیا: اے میرے مولا! ہم جانتے ہیں کہ آپ حضرات (گروہِ ائمہ) اللہ تعالیٰ کے اس قول:

(الآیۃ) "نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَاءُ" (سورۃ انعام ۸۳)

ترجمہ: "ہم جس کے درجات چاہتے ہیں بلند کرتے ہیں۔"

نیز فرمایا: "اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ" (انعام ۱۲۴)

ترجمہ: اللہ ہی سب سے بہتر جانتا ہے کہ وہ اپنی رسالت کو کہاں قرار دیتا ہے

اور یہ فرمایا: "إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ آدَمَ وَنُوحًا وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِن بَعْضٍ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ" (الآیۃ) (سورۃ آل عمران ۳۳-۳۴)

ترجمہ: "تحقیق اللہ نے آدمؑ کو اور نوحؑ کو اور آلِ ابراہیمؑ کو اور آلِ عمران کو تمام جہانوں پر فوقیت دیکر، منتخب (برگزیدہ) فرمایا۔ اُن میں سے بعض بعضوں کی ذرّیت ہیں اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔"

(ان تمام آیات) کے بموجب اللہ کے منتخب بندے ہیں۔

قال الصادق علیہ السلام: یا مفضّل! فاین نحن فی ھذہ الآیۃ؟

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے مفضّل! اس قرآن میں ہمارا ذکر کہاں ہے؟

مفضّل نے عرض کیا: خدا کی قسم! یہ مندرجہ ذیل آیات بتاتی ہیں:

پہلی آیت: "إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيمَ لَلَّذِينَ اتَّبَعُوهُ وَهَٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ آمَنُوا ۗ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ" (آل عمران ۶۸)

ترجمۂ آیت: "بیشک ابراہیمؑ سے قریب ترین انسانوں میں وہی لوگ ہیں جو اُن کی اور اس نبی کی اور اُن کی جو ایمان لائے پیروی کرتے ہیں اور اللہ مومنوں کا ولی ہے۔"

دوسری آیت: "مِّلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرَاهِيمَ ۚ هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ" (الحج: آیت ۷۸)

ترجمہ: (یہ تمہارے باپ ابراہیمؑ کا دین ہے اُس نے تمہارا نام مسلم رکھا ہے)

تیسری آیت: قولِ حضرت ابراہیمؑ ہے: "وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ أَن نَّعْبُدَ الْأَصْنَامَ" (سورۃ ابراہیم ۳۵) یعنی "(اور مجھے اور میرے بیٹوں کو بُت پرستی سے اجتناب کی توفیق دے)"

اور ہم لوگوں کو معلوم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی چشم زدن کے لیے بھی بُت و مورت کی پرستش نہیں کی اور نہ کبھی شرک کیا۔ نیز اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

(۱۹۸) مجھے وہ مقام زیادہ پسند ہے جہاں ؟

کتاب فضل بن شاذان میں سعد سے روایت ہے کہ حضرت ابوالائمہ امام علی بن ابوطالب علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ؛ اور اس روایت کو سعد نے حضرت ابومحمد امام حسن علیہ السلام سے نقل کیا کہ:

قال ع: " لموضع الرّجل فی الکوفة أحبّ الیّ من دار فی المدینة "

" وہ مقام جہاں اس مرد (امام قائم) کا مسکن ہوگا مجھے مدینہ کے گھر سے زیادہ پسند ہے "۔

★ اور سعد بن اصبغ نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ آپ فرماتے تھے کہ:

" من کانت له دار بالکوفة فیتمسّك بها "

" جس کا گھر کوفہ میں ہو وہ اس سے متمسک رہے ، اسے نہ چھوڑے "۔

(۱۹۹) امام قائم اس کو شکست دینگے

اپنے اسناد کے ساتھ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ:

" یہزم المہدیُّ علیہ السلام تحت شجرة اغصانها مدلّاة فی الحیرة طویلة "

" حضرت امام مہدی علیہ السلام مقام حیرہ میں ایک گھنے درخت کے نیچے (سفیانی) کو شکست دیں گے "۔

(۲۰۰) دو جھاؤ کے درختوں کو نکال کر جلائیں گے ؟

اپنے اسناد کے ساتھ بشیر نبال نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا:

قال ع " هل تدری اوّل ما یبدء به القائم علیه السلام ۔ ؟ "

قلت : لا ۔

قال ع : یخرج هذین رطبین غضّین فیحرقهما ویذریهما فی الرّیح ویکسر المسجد ۔ ثمّ قال ع: انّ رسول الله ص

قال ع عریش کعریش موسیٰ علیه السلام وذکر انّ مقدم مسجد رسول الله ص کان طیناً وجانبه جرید النّخل ۔ "

آپ نے فرمایا ؟ کیا تمھیں معلوم ہے کہ امام قائم ع اپنا عمل کہاں سے شروع کریں گے ؟

میں نے عرض کیا: (فرزند رسول ص !) مجھے تو علم نہیں ہے۔

آپ نے فرمایا: " سب سے پہلے اُن دو جھاؤ کے جھاڑوں کو (مدفن) سے) نکال کر جلا ڈالیں گے ، اور اُن کی راکھ کو ہوا میں اڑا دیں گے ، اس کے بعد مسجد کو مسمار کریں گے ۔

پھر فرمایا : حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ چھپر کا سائبان جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا سائبان تھا۔

پھر فرمایا: مسجد رسول ص میں مٹی کا چبوترہ تھا جس کے ایک طرف کھجور کے تنے کا ستون تھا "۔

(۲۰۱) چہار دیواری کا انہدام

اور اپنے اسناد کے ساتھ اسحاق بن عمار نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ع : اذا قدم القائم علیه السلام وثب ان یکسر الحائط الّذی علی القبر فیبعث الله تعالیٰ ریحاً شدیدةً وصواعق ورعوداً حتّی یقول النّاس : انّما ذا لذا ، فیتفرّق اصحابه عنه حتّی لا یبقیٰ معه احد ، فیاخذ المعول بیده ، فیکون اوّل من یضرب بالمعول ثمّ یرجع الیه اصحابه اذا رأوه یضرب المعول بیده ، فیکون ذالك الیوم فضل بعضهم علی بعض ویصلبهما ثمّ ینزلها ویحرقهما ثمّ یذریهما فی الرّیح

آپ نے فرمایا " جب امام قائم پیشقدمی کریں گے اور قبر کے گرد چہار دیواری کو توڑنے کے لیے آگے بڑھیں گے تو اللہ تعالیٰ شدید آندھی کو گرج وچمک کے ساتھ بھیجے گا ۔ لوگ کہنے لگیں گے کہ یہ (آندھی وغیرہ) اسی وجہ سے ہے ۔ اور آپ کے ساتھی بھی آپ کا ساتھ چھوڑ جائیں گے اور کوئی باقی نہ رہے گا تو آپ کدال (کھدال) خود اپنے ہاتھ میں لیں گے اور آپ پہلے شخص ہوں گے جو اس پر کدال (کھدال) چلائیں گے ۔ پھر آپ کے ساتھی جب یہ دیکھیں گے تو وہ بھی آجائیں گے اور اس دن جسقدر جلد اور پہلے جو سبقت کرے گا اس کو اتنی ہی فضیلت حاصل ہوگی اور سب ملکر چہار دیواری کو منہدم کردیں گے پھر دو جھاؤ کے جھاڑوں کو نکال کر جلائیں گے اور اُس کی راکھ ہوا میں اڑا دیں گے ۔ "

باب 27 روایت 200 - 201

"وَ اِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ۔" (سورۂ بقرہ: آیت ۱۲۴)

ترجمۂ آیت: "اور جب ابراہیمؑ کی آزمائش ان کے رب نے چند کلمات سے کی، اور وہ ان میں پورے اُترے تو اُس (اللہ) نے فرمایا: بیشک میں نے تمھیں لوگوں کا امام قرار دیا۔ اُنھوں (ابراہیمؑ) نے عرض کیا: اور میری اولاد میں سے (کس کو یہ عہدۂ امامت عطا ہوگا؟) اُس (اللہ) نے فرمایا: میرا عہد (یہ عہدۂ امامت) ظالموں کو نہیں پہنچے گا۔"

اس آیت میں "عہد" سے مراد عہدۂ امامت ہے جو کسی ظالم کو نہیں ملے گا۔

آپؑ نے فرمایا: اے مفضّل! تمھیں کیسے معلوم کہ ظالم کو عہدۂ امامت نہ ملے گا؟

مفضّل نے عرض کیا: مولا و آقا! میرا امتحان نہ لیجیے، اس کی مجھ میں طاقت نہیں ہے میرے علم کو نہ آزمایئے، اس لیے کہ یہ علم تو ہمیں آپ ہی حضرات سے ملا ہے آپ حضرات سے تو ہم نے فیض حاصل کیا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے مفضّل! تم سچ کہتے ہو۔ جو نعمت اللہ تعالیٰ نے تمھیں اس سلسلے میں عطا فرمائی ہے اگر تم اس کا اعتراف نہ کرتے تو آج تم ایسے نہ ہوتے۔

پھر فرمایا: اچھا مفضّل! یہ بتاؤ کہ قرآن مجید میں یہ کہاں ہے کہ کافر ظالم ہے؟

مفضّل نے عرض کیا: جی ہاں اے مولا! اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"وَ الْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۔" (سورۂ البقرہ آیت ۲۵۴)

اور کافر وہ ہیں جو ظالم ہیں۔ و[1]

"وَ الْكٰفِرُوْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۔"

"اور کافر ہی وہ ہیں جو فاسق ہیں"

اور جس نے کفر اختیار کیا، فسق کیا یا ظلم کیا اُس کو اللہ تعالیٰ لوگوں کا امام نہیں بنائے گا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے مفضّل! تم نے بڑی اچھی بات کہی۔ اچھا اب یہ بتاؤ کہ تم لوگ ہماری رجعت کے کس طرح قائل ہو جبکہ ہمارے مقصّرین شیعہ تو رجعت کا مطلب یہ سمجھے ہیں کہ اللہ تعالیٰ دنیاوی ملک و سلطنت واپس دلا[ئے گا]

[1] یہ آیت نہیں ہے بلکہ سورۂ مائدہ کی ۴۷ ویں آیت سے مفہوم لیا گیا ہے

اور امام مہدی علیہ السلام کو بادشاہ بنا دے گا، مگر ان لوگوں پر ہو وائے جو ہماری سلطنت اور ہمارا ملک ہم سے چھینا ہی کب گیا جو وہ ہمیں واپس کرے گا۔

مفضّل نے عرض کیا: خدا کی قسم آپ حضرات کی سلطنت اور ملک آپ سے ہرگز چھینا نہیں گیا۔ اس لیے کہ آپ حضرات کا ملک و سلطنت تو نبوّت، رسالت اور وصایت اور امامت ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے مفضّل! اگر ہمارے شیعہ قرآن میں تدبّر اور غور و فکر کرتے تو ہمارے فضائل میں کبھی شک نہ کرتے، کیا ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کا یہ قول نہیں سنا ہے:

الآیۃ: "وَ نُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ وَ نَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّ نَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۙ وَ نُمَكِّنَ لَهُمْ فِى الْاَرْضِ وَ نُرِىَ فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ وَ جُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۔" (سورۂ القصص آیت ۵-۶)

ترجمۂ آیت: "اور ہم نے چاہا کہ جو زمین میں بے بس کیے گئے تھے اُن پر احسان کریں اور اُنھیں امام بنائیں اور اُنھیں وارث قرار دیں۔ اور ہم اُنھیں زمین میں اقتدار بخشیں اور فرعون اور ہامان اور ان دونوں کے لشکروں کو وہ (عذاب) دکھائیں جس کا اُنھیں ڈر تھا۔"

واللہ یا مفضّل! انّ تنزیل هٰذہ الآیۃ فی بنی اسرائیل وتاویلها فینا وانّ فرعون وهامان تیم و عدی۔

ترجمہ: خدا کی قسم اے مفضّل! مندرجہ آیت اگرچہ بنی اسرائیل کے قصّے میں نازل ہوئی ہے مگر اس کی تاویل ہم لوگوں میں ہے اور فرعون و ہامان بنی تیم و عدی کے ہیں (یعنی فلان فلان)

مفضّل نے عرض کیا: اے میرے مولا! متعہ کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں؟

قال الصادقؑ: المتعۃ حلال طلق والشاهد بها قول اللہ عزّوجلّ الآیۃ: "وَ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَ لٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ؕ" (سورۂ البقرۃ ۲۳۵)

عنوان: رجعت کا ذکر قرآن میں   باب ۲۸ ظہورِ امامؑ کے وقت کیا ہوگا

(۳۱) ائمہ طاہرین علیہم السلام آیاتِ الٰہی ہیں

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ آیۂ:

آیت "سَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ فَتَعْرِفُونَهَا" (سورۂ نمل ۹۳)

ترجمہ (عنقریب وہ تمھیں اپنی نشانیاں (آیات) دکھلائے گا
پس تم ان کو پہچان جاؤ گے ۔) (قال امیرالمومنین والائمہ ۴)

اس آیت میں آیات سے مراد امیرالمومنین علیہ السلام اور جملہ ائمہ طاہرین علیہم السلام ہیں
"اذا رجعوا یعرفھم اعداؤھم اذا رأوھم والدلیل
علی انّ الآیات ھم الائمۃ: قول امیرالمومنین صلوات
اللہ علیہ: "ما للہ آیۃ اعظم منّی" فاذا رجعوا الی
الدنیا یعرفھم اعداؤھم اذا رأوھم فی الدنیا ۔"

ترجمہ روایت: "جب یہ رجعت فرمائیں گے ان کے دشمن انھیں دیکھ کر پہچان لیں گے
اور اس بات کی دلیل کہ آیات سے مراد ائمہ طاہرین ہیں تو امیرالمومنین ع
کا یہ قول ہے کہ "ما للہ آیۃ اعظم منّی"
یعنی: (اللہ تعالیٰ کی کوئی بھی آیت مجھ سے بڑی نہیں ہے)
جب یہ حضرات دنیا میں رجعت فرمائیں گے تو ان کے دشمن انھیں دیکھ کر
پہچان لیں گے۔" (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۳۲) قرآن مجید میں حضرت موسیٰ و فرعون کا قصہ (تمثیلاً)

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ سورۂ قصص میں ہے
"طٰسٓمّٓ ۔ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ ۔" (قصص ۱-۲)
اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خطاب کیا اور فرمایا کہ
اے محمدؐ! "نَتْلُوا عَلَيْكَ مِنْ نَبَإِ مُوسَىٰ وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ
يُؤْمِنُونَ ۔ إِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْأَرْضِ وَجَعَلَ أَهْلَهَا
شِيَعًا يَسْتَضْعِفُ طَائِفَةً مِنْهُمْ يُذَبِّحُ أَبْنَاءَهُمْ
وَيَسْتَحْيِي نِسَاءَهُمْ ۚ إِنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ۔
وَنُرِيدُ أَنْ نَمُنَّ عَلَى الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا فِي الْأَرْضِ

وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِينَ ۔ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ
فِي الْأَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا مِنْهُمْ
مَا كَانُوا يَحْذَرُونَ ۔ (قصص: ۱ تا ۶)

ترجمہ آیات: "ہم تمھیں ایماندار لوگوں کے لیے موسیٰ و فرعون کی سچی خبروں میں سے پڑھ کر
سناتے ہیں (۳) بیشک فرعون نے (مصر کی) سرزمین میں تکبر کیا اور اس کے
باشندوں کو کئی گروہوں میں تقسیم کر دیا۔ ان میں سے ایک گروہ کو
عاجز و کمزور کر رکھا تھا، ان کے بیٹوں کو ذبح کر دیتا تھا اور ان کی عورتوں
کو زندہ رہنے دیتا تھا۔ بیشک وہ فساد کرنے والوں میں سے تھا (۴)۔"

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو موسیٰ اور ان کے اصحاب
پر فرعون کی طرف سے جو کچھ ظلم اور قتل ہوا اس کی خبر دی ہے تاکہ آپؐ کی امت
کے ہاتھوں آپؐ کے اہلبیتؑ پر جو کچھ ظلم و ستم ہوگا اس پر ان کو صبر آجائے۔
پھر تلقین صبر کے بعد انھیں خوشخبری بھی سنائی کہ پھر ہم اس کے بعد
تمھارے اہلبیتؑ پر اپنا فضل اس طرح ظاہر کریں گے کہ انھیں زمین پر اپنا خلیفہ
بنائیں گے اور آپؐ کی امت پر ان کو امام قرار دیں گے۔ اور ان ائمہ کو ان کے دشمنوں
کے ساتھ دوبارہ دنیا میں بھیجیں گے تاکہ وہ اپنے دشمنوں سے اپنا بدلہ و انتقام
لیں۔ چنانچہ اس ضمن میں ارشاد فرمایا ہے:
"وَنُرِيدُ أَنْ نَمُنَّ عَلَى الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا فِي الْأَرْضِ وَ
نَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِينَ ۔ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ
فِي الْأَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا

ترجمہ آیت: اور ہم نے چاہا کہ جو زمین میں بے بس کر دیے گئے تھے ان پر احسان کریں
اور انھیں امام بنائیں اور انھیں وارث قرار دیں۔ اور ہم انھیں زمین میں
اقتدار بخشیں اور فرعون و ہامان اور ان دونوں کے لشکروں کو وہ (عذاب)
دکھائیں جس کا انھیں خوف تھا۔

یعنی مطلب یہ ہے کہ ہم فرعون و ہامان اور ان دونوں کے گروہوں کو۔ یعنی ان لوگوں کو
جنھوں نے آلِ محمدؐ کا حق غصب کیا ہے "منھم" یعنی آلِ محمدؐ کی طرف
سے "مَا كَانُوا يَحْذَرُونَ" یعنی انھیں سزا اور قتل کا منظر دکھائیں۔
ولو کانت ھذہ الآیۃ نزلت فی موسیٰ و فرعون لقال "ونُری

(۷۶) صِدِّیقٌ اَنتَ : ؟

سعد نے موسیٰ بن عمر سے ، اُنھوں نے عثمان بن عیسیٰ سے ، اُنھوں نے خالد بن یحییٰ سے روایت کی ہے ۔ اور خالد بن یحییٰ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے دریافت کیا کہ : کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ابوبکر کا نام صدیق رکھا تھا ؟

فقالؑ : نعم انه حيث كان معه ابوبكرٌ في الغار ، قال رسول اللهؐ اِنّی لأرىٰ سفينة بنی عبد المطلب تضطرب في البحر ضالّة ، فقال له ابوبكرٌ : وانّك لتراها ؟ قال : نعم !

فقال : یا رسول اللهؐ تقدر ان تُرینیها ؟

فقال : ادن منّی ، فدنا منه فمسح یده علی عینیه

ثمّ قال له : انظر ، فنظر ابوبكرٌ فرأى السفينه تضطرب في البحر ، ثمّ نظر الى قصور اهل المدينة ۔

فقال في نفسه : الآن صدّقت انّك ساحرٌ ۔

فقال له رسول اللهؐ : صِدِّیقٌ اَنتَ ۔

فقلت : لِمَ سمّى عمرُ الفاروق ؟

قال : نعم الا ترىٰ انّه قد فرّق بين الحقّ والباطل واخذ الناس بالباطل ۔

فقلت : فلم سمّى سالمًا الامين ؟

قال : لمّا ان كتبوا الكتب ، ووضعوها على يد سالم ۔ فصار الامين

قلت : اتّقوا دعوة سعد ؟

قال : نعم ،

قلت : وكيف ذلك ؟

قال : ان سعدًا يكرّ فيقاتل عليًّا عليه السّلام ۔

(ترجمہ)

آپؑ نے فرمایا : ہاں ۔ اس لیے کہ وہ غار میں اُن کے ساتھ تو رسول اللہؐ نے فرمایا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ بنی عبد المطلب کا سفینہ سمندر میں اِدھر اُدھر بھٹکتا پھر رہا ہے ۔

ابوبکرؓ نے کہا : کیا واقعاً آپ نے ایسا دیکھا ہے ؟ آپؐ نے فرمایا : ہاں ۔

حضرت ابوبکرؓ نے کہا : یا رسول اللہؐ ! آپ مجھے بھی دکھا سکتے ہیں ؟

آپ نے فرمایا : میرے قریب آؤ ۔

جب حضرت ابوبکرؓ قریب گئے تو آپ نے اپنا دستِ مبارک اُن کی آنکھوں پر پھیرا اور فرمایا : اب دیکھو ۔

حضرت ابوبکرؓ نے دیکھا کہ ایک سفینہ ہے جو سمندر میں اِدھر اُدھر ہچکولے کھا رہا ہے ۔ پھر آگے نظر ڈالی تو مدینہ کے مکانات نظر آنے لگے ۔ تو حضرت ابوبکرؓ نے اپنے دل میں کہا اب میں سمجھ گیا کہ آپ سچ مچ جادوگر ہیں ۔

حضرت رسولِ خداؐ نے فرمایا : صدیق تو تم ہو ۔

راوی نے دریافت کیا ، فرزندِ رسولؐ : اور آنحضرتؐ نے حضرت عمرؓ کو فاروق کیوں کہا ؟

آپؑ نے فرمایا : ہاں ، اس لیے کہ کیا تم نہیں دیکھتے کہ اُنھوں نے حق و باطل کو جدا جدا کر دیا اور لوگوں نے باطل اختیار کر لیا ۔

پھر عرض کیا : اور "سالمؓ" کو امین کیوں فرمایا ؟

آپؑ نے فرمایا : اس لیے کہ جب لوگ کوئی تحریر بھیجتے تو اُسے آپ سالمؓ کے حوالے کر دیتے اس لیے وہ امین کہلاتے ۔

میں نے عرض کیا : آنحضرتؐ نے فرمایا کہ سعد کی آواز پر لبیک کہنے سے بچو ؟ ایسا کیوں فرمایا ؟

آپؑ نے فرمایا : ہاں ۔ یہ اس لیے فرمایا کہ سعد دوبارہ اس دنیا میں واپس آکر حضرت علیؑ سے مقابلہ کرے گا ۔"

(منتخب البصائر)

(۷۷) امام رضاؑ سے پوچھا گیا کہ ۔۔۔ ؟

محمد بن حمیری نے اپنے والد سے ، اُنھوں نے علی بن سلیمان بن رشید سے اُنھوں نے حسن بن علی خزاز سے روایت کی ہے ان کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ علی ابن ابی حمزہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا : کیا آپ امام ہیں ؟

آپؑ نے فرمایا : ہاں ۔

اُس نے کہا : مگر میں نے آپ کے جد حضرت جعفر بن محمدؑ کو فرماتے ہوئے سنا کہ امام وہی ہوگا جس کے کوئی اولاد اور عقب ہو ۔ (لا يكون الامام الّا وله عقب ؟)

فقالؑ : اَنسيت يا شيخ ام تناسيت ؟ ليس هكذا ، قال جعفرؑ انما ۔

باب 29 روایت 76

مقاتلہ وجنگ کرے۔ جو شخص اس امر کا اعتقاد رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے گا کہ عثمان مظلوم قتل ہوا تو اس کی ملاقات اللہ سے اس حال میں ہوگی کہ اللہ اس پر غضبناک ہوگا خواہ وہ دجّال کے زمانے کو نہ پائے۔

ایک شخص نے عرض کیا، یا امیر المؤمنینؑ خواہ وہ دجّال کے زمانے سے پہلے ہی مرجائے ؟

آپ نے فرمایا: ہاں! وہ دجّال کے زمانے میں دوبارہ زندہ کیا جائے گا اور قبر سے اُٹھایا جائے گا اور وہ دجّال پر ایمان لائے گا تو اس کو ذلیل کیا جائے گا۔"

(منتخب البصائر)

(۹۳) جنابِ فاطمہ زہراؑ کا انتقام لیا جائیگا ؟

ماجیلویہ نے اپنے چچا سے، اُنھوں نے برقی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمد بن سلیمان سے، اُنھوں نے داود بن نعمان سے، اُنھوں نے عبدالرحیم قصیر سے روایت کی ہے کہ اُنھوں نے کہا کہ مجھ سے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے بیان فرمایا کہ

" أما لو قد قام قائمنا لقد ردّت اليه الحميراء حتى يجلدها الحدّ وحتى ينتقم لابنة محمّد فاطمة ؑ منها

منها ." الى آخر ما مرّ فى باب سيلة ؑ "

ترجمہ ! جب ہمارے امام قائم علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو حمیرا اُن کے پاس لائی جائے گی، وہ اس پر حد جاری کریں گے اور فاطمہؑ بنتِ محمدؐ کا اس سے انتقام لیں گے ..... وغیرہ وغیرہ۔ (۹۴) (علل الشرائع)

(۹۴) جمادی و رجب میں بارش

عبدالکریم خثعمی نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے

قال ؑ : إذا آن قيام القائم مطر الناس جمادى الآخرة وعشرة أيام من رجب مطرًا لم تر الخلائق مثله فينبت الله به لحوم المؤمنين وابدانهم فى قبورهم ، وكأنّى أنظر اليهم مقبلين من قبل جهينة ، ينفضون شعورهم من التراب ."

آپ نے فرمایا:" جب امامِ قائم علیہ السلام کے ظہور کا وقت آئے گا تو جمادی الآخری اور ماہِ رجب کی دس تاریخ تک ایسی بارش ہوگی کہ ایسی بارش دنیا نے کبھی

نہ دیکھی ہوگی جس سے قبروں کے اندر مؤمنین کے جسموں پر گوشت اُگ آئیں گے۔ اور گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ جہینہ کی طرف سے اپنے سروں سے خاک جھاڑتے ہوئے چلے آرہے ہیں۔" (الارشاد)

(۹۵) امام قائمؑ کے ساتھ مالکِ اشتر بھی ہوں گے

مفضل بن عمر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے

قال ؑ:" يخرج مع القائم عليه السلام من ظهر الكوفة سبع وعشرون رجلاً خمسة عشر من قوم موسى عليه السلام الّذين كانوا يهدون بالحقّ وبه يعدلون " (الاعراف : ۱۵۹) وسبعة من اهل الكهف ، ويوشع بن نون وسلمان و ابودجانة الانصارى والمقداد ومالك الأشتر ، فيكونون بين يديه انصارًا وحكّامًا."

ترجمہ :" فرمایا: امام قائم علیہ السلام کے ساتھ پشتِ کوفہ سے ستائیس اشخاص ظہور کریں گے جن میں سے پندرہ اشخاص قومِ موسیٰؑ کے ہوں گے جن کے لیے قرآن میں ارشاد ہے: وَمِنْ قَوْمِ مُوسَىٰٓ أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ ؛ یعنی (اور موسیٰؑ کی قوم میں سے ایک گروہ ہے جو حق کے مطابق ہدایت کرتا ہے اور اسی حق کے مطابق انصاف کرتا ہے۔) (اعراف : ۱۵۹) اور سات اشخاص اصحابِ کہف کے اور حضرت یوشع بن نون و حضرت سلمان و حضرت ابودجانہ انصاری و حضرت مقداد اور حضرت مالک اشتر علیہم السلام ہوں گے۔" (اعلام الوریٰ - الارشاد)

(۹۶)

احمد بن (محمد بن سعید) نے یحییٰ بن زکریا سے، اُنھوں نے یوسف بن کلیب سے، اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے ابن حمید سے، اور اُنھوں نے ثمالی سے اور ثمالی نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ

قال ؑ : لو قد خرج قائم آل محمّد لنصره الله بالملائكة وأوّل من يتبعه محمّد وعلىّ ؑ الثانى الى آخر ما مرّ ." (غیبتِ نعمانی)

آپ نے فرمایا:" جب قائم آلِ محمدؐ ظہور کریں گے تو اللہ تعالیٰ ملائکہ کو اُن کی نصرت کے لیے بھیجے گا۔ اور سب سے پہلے حضرت محمدؐ اور دوسرے حضرت علیؑ اُن کے ساتھ ہوں گے۔ وغیرہ وغیرہ

ج: 29 صفحہ 626 - 627

کاندھا دیتے اور کبھی بائیں کو آپ نے فرمایا اس وقت میرا ہاتھ جبرئیل کے ہاتھ میں تھا وہ جدھر لیجاتے تھے میں جاتا تھا۔ لوگوں نے عرض کیا آپ نے خود ان کے غسل کا حکم دیا اور ان کی نماز جنازہ پڑھی، انہیں قبر میں اتارا اور اس کے باوجود آپ نے فرمایا کہ سعد چند باتوں میں ماخوذ ہیں آپ نے فرمایا ہاں۔ ان کا برتاؤ اپنی اہل خانہ کے ساتھ اچھا نہ تھا۔

بحمد اللہ "جز اول" کا ترجمہ تمام

اللھم صل علی محمد وآل محمد

مورخہ ۲ رجب ۱۴۱۲ھ

بمطابق روز چہار شنبہ ۸ جنوری ۱۹۹۲ء

احقر العباد سید حسن امداد ممتاز الافاضل غازی پور

نہ کردیا پھر فرمایا ابنا الناس لو میں نے اپنے چچا کی لڑکی کا نکاح مقداد سے کر دیا تاکہ اس کی بنیاد پڑجائے۔

(۵) میرے والد رحمہ اللہ نے روایت کی کہ سعد بن عبد اللہ سے انہوں نے احمد بن محمد بن عیسیٰ سے انہوں نے عبد الرحمن بن ابی نجران سے انہوں نے عبد اللہ بن سنان سے انہوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی راوی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ قسامت (ظالمانہ خون کی ایک جماعت پچاس آدمیوں کی قسم جب کہ ان کے پاس کوئی گواہ نہ ہو اور وہ قاتل کو پہچانتے ہوں) کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا اگر یہ نہ ہو تو ایک دوسرے کو قتل کرنے لگے اور کچھ نہ رہ جائے۔ یہ قسامت ایک احاطہ ہے جس میں سب کا تحفظ ہے۔

(۶) میرے والد نے روایت کی ہے سعد بن عبد اللہ سے انہوں نے احمد بن ابی عبد اللہ برقی سے انہوں نے محمد بن علی سے انہوں نے محمد بن احمد سے انہوں نے ابان بن عثمان سے انہوں نے اسماعیل جعفی سے انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ مغیرہ کا خیال ہے کہ حائضہ جس طرح روزے کی قضا کرے گی اسی طرح نماز کی بھی قضا پڑھے گی۔ آپ نے فرمایا اس کو کیا ہو گیا ہے اللہ اس کو توفیق نہ دے۔ دیکھو کہ عمران کی زوجہ نے کہا کہ انی نذرت لک مافی بطنی محررا (اے میرے پالنے والے میرے پیٹ میں جو بچہ ہے اس کو میں دنیا کے کاموں سے آزاد کر کے تیرے نذر کرتی ہوں) سورہ آل عمران۔ آیت نمبر ۳۵ اور مسجد کے لئے آزاد کیا ہوا اس سے کبھی نہیں نکلتا جب وہ مریم کو جن چکیں تو قالت رب انی وضعتہا انثیٰ واللہ اعلم بما وضعت ولیس الذکر کالانثیٰ (بولیں اے میرے پروردگار اب میں کیا کروں میں نے تو یہ لڑکی جنی ہوں اور اللہ کو خوب معلوم ہے کہ کیا پیدا ہوئی ہے اور لڑکا لڑکی جیسا کیا گذرا نہیں ہوتا) سورۃ آل عمران۔ آیت نمبر ۳۶ الغرض جب وہ جن چکیں تو اس کو مسجد میں داخل کر دیا پس جب وہ وہاں پل بڑھ کر پوری عورت ہو گئیں تو انہیں مسجد سے نکالا تو انہوں نے ایام حیض ہی کہاں دیکھے جس زمانے کی نماز وہ قضا پڑھتیں ان پر تو واجب تھا کہ سارے زمانے مسجد میں رہتیں۔

(۷) میرے والد رحمہ اللہ نے روایت کی ہے سعد بن عبد اللہ سے انہوں نے محمد بن عیسیٰ بن عبید سے انہوں نے یونس بن عبد الرحمن سے انہوں نے عبد الحمید سے انہوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے گا اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھ دی جائیں گی اور جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کرے گا اس کے نامہ اعمال میں بھی دس نیکیاں لکھ دی جائیں گی اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے ذکر کو اپنے ذکر سے وابستہ کر لیا ہے۔

(۸) میرے والد رحمہ اللہ نے روایت کی ہے سعد بن عبد اللہ سے انہوں نے احمد بن محمد بن عیسیٰ سے انہوں نے علی بن حکم سے انہوں نے علی بن اسباط سے انہوں نے ہمارے اصحاب میں سے ایک شخص سے جو خراسان کا رہنے والا تھا اس نے اس حدیث کو مرفوع کیا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی طرف کہ اللہ تعالیٰ کو علم ہے کہ ایک مومن کے لئے گناہ کرنا تکبر سے زیادہ بہتر ہے اور اگر ایسا نہ ہوتا تو کوئی مومن تا ابد بلا میں نہ بتلا ہوتا۔

(۹) میرے والد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بیان کیا مجھ سے عبد اللہ بن جعفر حمیری نے روایت کرتے ہوئے احمد بن محمد سے انہوں نے احمد بن محمد بن ابی نصر سے انہوں نے ابان بن عثمان سے انہوں نے محمد حلبی سے انہوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک وہ مشت خاک جس سے اس نے آدم کو پیدا کیا منگوائی تو اس کے لئے حضرت جبرئیل کو بھیجا کہ جاؤ زمین سے ایک مشت خاک لاؤ زمین نے کہا کہ میں اللہ کی پناہ چاہتی ہوں اس سے کہ تم مجھ میں سے کچھ لو۔ یہ سن کر حضرت جبرئیل واپس گئے اور عرض کی پروردگار اس زمین نے تو مجھ سے تیری پناہ چاہی۔ یہ سن کر اللہ تعالیٰ نے حضرت اسرافیل کو بھیجا مگر زمین نے ان سے بھی یہی کہا۔ پھر میکائیل کو بھیجا ان سے بھی یہی کہا تو آخر میں اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کو بھیجا ان سے بھی زمین نے اللہ کی پناہ چاہی کہ وہ اس میں کچھ نہ لیں تو ملک الموت نے کہا کہ میں بھی

اللہ کی پناہ چاہتا ہوں کہ بغیر تجھ میں سے کچھ لئے ہوئے خالی ہاتھ واپس جاؤں آپ نے فرمایا کہ آدم کو آدم اسی لئے کہا جاتا ہے کہ وہ زمین کی سطح (یعنی چیز) اکی مٹی سے پیدا ہوئے۔

(۱۰) بیان کیا مجھ سے محمد بن علی ماجیلویہ نے روایت کرتے ہوئے اپنے چچا محمد بن ابی القاسم سے انہوں نے احمد بن ابی عبد اللہ سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے محمد بن سلیمان سے انہوں نے داؤد بن نعمان سے انہوں نے عبد الرحیم قصیر سے انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ جب ہمارے قائم قیام کریں گے تو ایک عورت کو ان کی طرف واپس بھیجا جائے گا تاکہ وہ اپنی حد جاری کریں اور محمد کی بیٹی فاطمہ کا ان سے انتقام لیں میں نے عرض کیا میں آپ پر قربان ان پر حد کوڑے کیوں لگائیں گے فرمایا اس لئے کہ انہوں نے ام ابراہیم کا جھوٹ اور تہمت لگائی تھی میں نے عرض کیا پھر اس حد اور سزا کو اللہ تعالیٰ نے حضرت امام قائم کے لئے کیوں مؤخر کر دیا آپ نے فرمایا اس لئے اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رحمت کے لئے مبعوث فرمایا تھا اور امام قائم کو بھیجے گا تو سختی اور سزا کے لئے۔

(۱۱) میرے والد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بیان کیا مجھ سے محمد بن یحییٰ عطار نے روایت کرتے ہوئے محمد بن احمد سے انہوں نے علی بن ابراہیم مشرقی سے یا کسی دوسرے شخص سے اور اس نے یہ حدیث مرفوع کی کہ اور کہا کہ ایک مرتبہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا گیا انسان کی سعادت اس میں ہے کہ اس کے دونوں رخسار ہلکے ہوں آپ نے فرمایا اس میں کون سی سعادت ہے اصل سعادت اس میں ہے کہ اس کے دونوں جبڑے تسبیح کی وجہ سے ہلکے ہوں۔

(۱۲) بیان کیا مجھ سے محمد بن حسن رحمہ اللہ نے انہوں نے کہا کہ بیان کیا مجھ سے محمد بن حسن صفار نے روایت کرتے ہوئے ابراہیم بن ہاشم سے انہوں نے اسماعیل بن مرار سے انہوں نے یونس بن عبد الرحمن سے انہوں نے زرعہ سے انہوں نے سماعہ سے انہوں نے کہا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تم بیت الخلا میں جاؤ اور قضائے حاجات کرو اور آبدست نہ لو پھر وضو کر لو اور استنجا کرنا (آبدست) بھول جاؤ اور نماز پڑھنے کے بعد تمہیں آبدست و استنجا یاد آئے تو تم پر اعادہ واجب ہے۔ اور اگر تم نے پانی تو ڈالا اور عضو تناسل کو دھونا بھول گئے یہاں تک کہ تم نے نماز بھی پڑھ لی تو تم پر عضو تناسل کا دھونا اور وضو سب واجب اس لئے کہ پیشاب بھی پاخانہ کے مانند ہے۔

(۱۳) میرے والد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بیان کیا مجھ سے علی بن ابراہیم نے روایت کرتے ہوئے اپنے باپ سے انہوں نے صالح بن سعید سے انہوں نے یونس سے انہوں عبد اللہ بن سنان سے ان کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ چند لوگوں نے شراکت میں ایک کنیز خریدی اور اپنے میں سے کسی کو امانت دار بنایا اور کنیز اس کے حوالے کر دی اس نے اسی کنیز سے مباشرت کر لی؟ آپ نے فرمایا اس پر حد جاری کی جائے گی اور جتنے کوڑے چھوڑ دیئے جائیں گے جتنا اس کنیز میں اس کا حصہ ہے پھر اس کنیز کو فروخت کر دیا جائے گا پھر اگر یہ کنیز جتنے میں خریدی گئی ہے اس سے کم قیمت پر فروخت ہوتی ہے تو خرید اور فروخت دونوں قیمتوں میں جو قیمت زائد ہے وہ اس کو دینا لازم ہے اسی لئے کہ اس نے اپنے شرکاء کا نقصان کیا اور اگر خرید کرتے وقت سے وطی کے دن تک اس کی قیمت زیادہ دی گئی تھی تو اس کو وہ زیادہ قیمت دینی پڑے گی اس لئے کہ اس نے کنیز کو خراب کر دیا۔

(۱۴) بیان کیا مجھ سے محمد بن علی ماجیلویہ نے انہوں نے کہا کہ بیان کیا مجھ سے محمد بن یحییٰ نے انہوں نے کہا کہ بیان کیا مجھ سے محمد بن احمد نے روایت کرتے ہوئے محمد بن حسین سے انہوں نے محمد بن اسلم جبلی سے انہوں نے عاصم بن حمید سے انہوں نے محمد بن قیس سے انہوں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے اس کا بیان ہے کہ میں نے آنجناب سے دریافت کیا کہ ایک شوہر دار عورت ہے اس نے زنا کیا اور حاملہ ہو گئی جب بچہ ہوا تو اسے پوشیدہ طور سے قتل کر دیا۔ آپ نے فرمایا اس کو بچہ کو قتل پر سو کوڑے لگائے جائیں گے نیز اس کو رجم کیا جائے گا اس لئے وہ شوہر دار تھی۔

صفحہ 470 - 471

ایک ہی جلد میں دو حصے صفحہ 703 باب 385 نادر علل اسباب

اردو ترجمہ

حق الیقین

جلد اوّل

مصنفہ

علامہ سیّد محمد باقر مجلسی علیہ الرحمۃ

مترجمہ

جناب سیّد بشارت حسین صاحب

ناشر

مجلس علمی اسلامی
(پاکستان)

دیں گے۔ پھر اُس کے بعد میرے لیے یہ ارادہ کیا۔ جب ان لوگوں نے یہ سُنا تو خدمت آنحضرتؐ میں آکر قسم کھائی کہ ایسا ارادہ ہم نے نہیں کیا ہے اُس وقت خداوندِ عالم نے یہ آیت بھیجی یحلفون باللہ ما قالوا ولقد قالوا کلمۃ الکفر وکفروا بعد اسلامھم وھموا بما لم ینالوا وما نقموا الا ان اغنٰھم اللہ ورسولہ من فضلہ فان یتوبوا یک خیراً لھم وان یتولوا یعذبھم اللہ عذاباً الیماً فی الدنیا والاخرۃ وما لھم فی الارض من ولی ولا نصیر یعنی وہ لوگ خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ جو باتیں اُن سے منسوب کی جاتی ہیں۔ انھوں نے نہیں کیا ہے حالانکہ یقیناً کلمۂ کفر کہا ہے اور اپنے اسلام کا اظہار کرنے کے بعد کافر ہو گئے اور اُس امر کا ارادہ کیا جس میں کامیاب نہیں ہوتے۔ مفسران عامہ میں سے کلبی اور مجاہد نے کہا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ آنحضرتؐ کے اونٹ کو بھڑکا دیں اور حضرت کو ہلاک کر دیں اور دین اسلام میں کوئی عیب نہ پیدا کر سکے۔ مگر یہ کہ خدا اور اس کا رسُول ان کو اپنے فضل سے غنی کرتے ہیں۔ لہٰذا اگر وُہ توبہ کریں تو اُن کے لیے بہتر ہے۔ اور اگر حق سے پیٹھ پھیریں تو خداوندِ عالم ان پر دنیا و آخرت میں دردناک عذاب کریگا۔ اور زمین میں ان کا نہ کوئی دوست رہے گا نہ مددگار۔ اور حذیفہ کی طولانی حدیث میں مذکور ہے کہ اس گھاٹی کا نام ہرشٰی تھا۔ حضرتؐ نے مجھ کو اور عمار کو بُلایا اور مجھ کو حکم دیا کہ ناقہ کی مہار کھینچوں اور عمار کو حکم دیا ناقہ کو پیچھے سے ہنکائیں۔ جب ہم اُس درّہ کے قریب پہنچے تو وہ چودہ[۱۴] منافقین جو ڈبّوں کو ریت سے بھرے ہوئے ناقہ کے پیچھے آئے تھے اُن ڈبّوں کو ناقہ کے پیر کے نیچے پھینکا قریب تھا کہ ناقہ بھاگے۔ حضرتؐ نے اُس کو سختی سے فرمایا کہ ساکن رہ تجھ کو کوئی خوف نہیں ہے اُس وقت خدا نے ناقہ کو فصیح عربی ظاہر کرنے والی گویائی عطا فرمائی۔ اُس نے عرض کی یا رسُول اللہؐ خدا کی قسم میں ہاتھ کو ہاتھ کی جگہ سے اور پیر کو پیر کی جگہ سے حرکت نہ کروں گا۔ جب تک آپ میری پُشت پر ہیں۔ جب ان ملعونوں نے دیکھا کہ ناقہ نہیں بھاگتا۔ تو نزدیک آئے تاکہ ناقہ کو گرا دیں۔ اُس وقت میں نے اور عمار نے اپنی تلواریں کھینچیں اور اُن کی طرف بڑھے۔ رات بہت اندھیری تھی الغرض وہ ناامید ہو گئے۔ اُس ظلم سے جس کا انھوں نے ارادہ کیا تھا۔ اُسی وقت بجلی چمکی حذیفہ نے ان سب کو پہچان لیا اور کہا قریش میں سے نو اشخاص تھے۔ اوّل و دوم و سوم، طلحہ، عبدالرحمٰن بن عوف، سعد بن ابی وقاص، ابوعبیدہ جراح، معاویہ بن ابی سفیان، عمرو عاص اور پانچ افراد دوسرے تھے۔ ابوموسیٰ اشعری، مغیرہ بن شعبہ، اوس بن خدثان، ابوہریرہ اور ابوطلحہ انصاری[۱]

---

[۱] مولف فرماتے ہیں کہ حدیث حذیفہ اگرچہ بہت فائدوں پر مشتمل ہے لیکن بہت طولانی ہے جو اس رسالہ کے لیے مناسب نہیں اور اس بارے میں تمام حدیثیں بھی بہت ہیں اور جو کچھ میں نے درج کیا ہے انصاف پسند کے لیے کافی ہے۔ ۱۲

کہ اُن حضرتؑ کی خدا اور رسولؐ سے وہ محبت ہے جس کے سبب سے وہ حضرتؑ ہرگز اُن کی مخالفت اختیار نہیں کر سکتے اور اُن کی راہ میں نہایت خوشی و رغبت سے اپنی جان و مال کو فدا کر سکتے ہیں اور خدا و رسولؐ کی آنحضرتؑ سے محبت سے یہ مُراد ہے کہ ہر معاملہ میں اور تمام حالات میں اور ہر پہلو سے وہ حضرتؑ ان کے محبوب ہیں اور یہ دونوں باتیں عصمت کے مرتبہ کے لیے لازم ہیں۔ اور عصمت امامت کے لیے لازم ہے۔ جیسا کہ مکرر مذکور ہوا۔ اور اگر دوسرے طریقے کے ساتھ گفتگو کریں اور کہیں کہ محبت یا تو تمام پہلوؤں سے ہے یا محبت فی الجملہ مراد ہے تو محبت فی الجملہ ایمان کی حیثیت سے ہر مومن کے ساتھ ہے۔ پھر یہ خصوصیت بلا وجہ ہے اور ہر پہلو کے ساتھ عصمت کو لازم قرار دیتی ہے کیونکہ ہر ترجیح دینے والی ہر صفت سے موصوف ہونا اس کا مستلزم ہے کہ اس وجہ سے اُن کو دوست نہیں رکھتے اور اگر ہم ان مراتب سے بھی قطع نظر کریں تب بھی اس میں شک نہیں کہ البتہ فضیلت و منقبت عظیم آنحضرتؑ کے لیے ہے لہٰذا اُن حضرتؑ پر غیر کو مقدم کرنا ترجیح مرجوح اور جاننے والے صاحب عقل کے نزدیک محال ہے۔

۲۔ یہ کہ تھوڑے تامل کے بعد صاحب عقل پر پوشیدہ نہیں رہتا کہ جب علم ابوبکر اور اس کے بعد عمر کو دیا گیا اور اُن کے بھاگنے سے آنحضرتؐ آزردہ ہوئے اُس کے بعد فرماتے ہیں کہ کل علم اُس شخص کو دُوں گا۔ جو ان صفتوں کا مالک ہوگا۔ اور اُس کے ہاتھ پر فتح ہوگی تو یقیناً وہ شخص چاہیئے کہ تمام صفتوں سے مخصوص ہو اور وہ صفتیں اُن لوگوں میں نہ ہوں جو ہزیمت کھا کر بھاگ آتے اور اگر آنحضرتؐ بجائے ان صفتوں کے فرماتے کہ کل علم اُس شخص کو دُوں گا جو مکہ والوں میں سے ہوگا۔ اور قریشی ہوگا۔ باوجودیکہ یہ دونوں صفتیں اُن دونوں حضرات میں موجود تھیں جو پہلے علم لے کر گئے تھے، یہ قول بلاغت کے خلاف تھا۔ لہٰذا اِس جگہ سے معلوم ہوا کہ ابوبکر و عمر خدا کے دوست نہ تھے اور خدا اور رسولؐ ان کو دوست نہیں رکھتے تھے اور اس میں شک نہیں یہ امر مرتبۂ خلافت و امامت کے منافی ہے۔ کیسے ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص مومن ہو اور خدا و رسولؐ کو دوست نہ رکھے حالانکہ خدا فرماتا ہے وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ۔ جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ خدا سے محبت میں بہت زیادہ ہیں۔ بہ نسبت مشرکوں کے جو بُتوں کی محبت رکھتے ہیں۔ نیز فرمایا ہے کہ اگر خدا کو دوست رکھتے ہو تو میری (رسولؐ) کی پیروی کرو تو خدا بھی تم کو دوست رکھے گا۔ یہ بھی لازم آتا ہے کہ خداوند عالم نے ان کی کوئی عبادت قبول نہیں کی۔ کیونکہ خداوندِ عالم اُن لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اس کی راہ میں جنگ کرتے ہیں اور فرمایا ہے کہ خدا توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور پاک و طاہر لوگوں کو۔ لہٰذا ان کا جہاد اور شرک سے توبہ کرنا اور اُن کا پاک ہونا جس معنی سے ہو لیکن پھر بھی نہ وہ صابروں سے تھے اور نہ پرہیزگاروں سے اور نہ توکل کرنے والوں سے اور نہ محسنین سے نہ مقسطین سے کیونکہ

کیونکہ وہ حق و باطل کے جُدا کرنے والے ہیں اور ابن عمر سے روایت کی ہے کہ جناب رسولِ خداؐ نے فرمایا کہ جس نے علیؑ سے جدائی اختیار کی تو وہ مجھ سے جدا ہُوا اور جو مجھ سے جُدا ہوا وہ خدا سے جدا ہوگیا۔ اور ابوایوبؓ انصاری سے روایت کی ہے کہ جناب رسولِ خداؐ نے عمار سے فرمایا کہ اگر تم دیکھو کہ علیؑ ایک وادی کی طرف جا رہے ہیں اور لوگ دوسری وادی کی طرف جا رہے ہیں تو تم علیؑ کے ساتھ جاؤ اور لوگوں کو چھوڑ دو۔ کیونکہ وہ تم کو ضلالت میں داخل نہ کریں گے۔ اور ہدایت سے باہر نہ لے جائیں گے۔ اور ابوذر نے ام سلمہ سے روایت کی ہے کہ جناب رسولِ خداؐ نے فرمایا علیؑ حق کے ساتھ ہیں اور حق علیؑ کے ساتھ ہے اور وہ آپس سے جدا نہ ہوں گے، یہاں تک کہ میرے پاس حوضِ کوثر پر پہنچیں۔ نیز اسی مضمون کو عائشہؓ سے روایت کی ہے اور ابن ابی الحدید نے کہا ہے کہ یہ حدیث میرے نزدیک ثابت ہے کہ جناب رسولِ خداؐ نے فرمایا کہ حق علیؑ کے ساتھ ہے۔ اور علیؑ حق کے ساتھ ہیں اور حق ان کے ساتھ گھومتا ہے جس طرف وہ گھومتے ہیں۔ اور محمد شہرستانی نے علامہ حلیؒ کے جواب کشف الحق میں اسی حدیث سے استدلال کیا ہے اور کہا ہے کہ ان حضرتؑ کا حق کے ساتھ ہونا اور اُن کا حق سے جُدا نہ ہونا وہ امر ہے جس میں کسی کو شک نہیں ہے۔ کہ استدلال کی ضرورت ہو اور ابن حجر نے صواعق محرقہ میں روایت کی ہے طبرانی سے اس نے اُمِ سلمہؓ سے کہ آپ نے فرمایا کہ میں نے رسولِ خداؐ سے سُنا آپ فرماتے تھے کہ علیؑ قرآن کے ساتھ ہیں۔ قرآن علیؑ کے ساتھ ہے اور یہ آپس سے جدا نہ ہوں گے۔ یہاں تک کہ میرے پاس حوضِ کوثر پر آئیں۔ ابن مردویہ نے بھی اسی مضمون کو متعدد طریقوں سے ام سلمہؓ و عائشہ سے روایت کی ہے اور مؤلف کتاب فضائل الصحابہ نے بھی عائشہ سے روایت کی ہے اور فردوس الاخبار میں رسولِ خداؐ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ خدا رحمت نازل کرے علیؑ پر۔ اے خدا حق کو اُس کے ساتھ پھیر دے جدھر وہ جاتے۔ اور مخالفین میں سے کوئی اس مضمون کے انکار کی طاقت نہیں رکھتا۔ اور جب ان حدیثوں کے مضامین ثابت ہوتے تو ان حضرت کی امامت ثابت ہوتی ہے، چند وجہوں سے: (پہلی وجہ) یہ کہ ان حضرتؑ کی عصمت پر دلالت کرتے ہیں اور یہ واضح ہے کہ عصمت دلیل امامت ہے۔ (دوسری وجہ) یہ کہ ان حضرت کی افضلیت پر دلالت کرتے ہیں اور تفضیل مفضول قبیح ہے۔ (تیسری وجہ) یہ کہ احادیثِ متواترہ اور جناب امیرؑ کے مشہور خطبوں سے جن کو عامہ و خاصہ نے روایت کی ہے۔ واضح ہے کہ امیرالمومنینؑ نے ہرگز خلفائے ثلثہ کی خلافت کی تصدیق نہیں کی اور ہمیشہ ان کو ظلم و جور سے نسبت دی ہے اور ان کے ستم کی شکایت کرتے تھے اور جبکہ وہ آنحضرتؑ کے خلاف رہے تو حق کے مخالف رہے اور ظالم و جابر وغیرہ رہے۔ اگرچہ ان حضرت

کہتے ہیں کہ خدا کی قسم اگر امیرالمومنینؑ مجھ کو خاموش رہنے کا حکم نہ دیتے تو ہر آیت جو اس کی شان میں نازل ہوئی ہے اور ہر حدیث جو جناب رسول خداؐ سے اس کے اور ابوبکر کے حق میں سُنی تھی سب کو بیان کرتا۔ جب عمر نے دیکھا کہ میں خاموش ہو گیا تو تہدیداً کہا کہ تو اُن کا مطیع و فرمانبردار ہے۔ الغرض جب ابوذرؓ اور مقدادؓ نے بیعت کی اور کوئی بات نہ کہی تو عمر نے کہا اے سلمان کیوں تو خاموش نہیں ہوتا جس طرح تیرے دو ساتھیوں نے بیعت کی اور کچھ نہ کہا۔ اہلبیتؑ سے تیری محبت اور تیرا اُن کی تعظیم کرنا ان سے زیادہ نہیں ہے۔ ابوذرؓ نے کہا اے عمر کیا تو ہم کو محبت آل محمدؐ اور ان کی تعظیم پر طعن و طنز کرتا ہے۔ خدا لعنت کرے، اور کی ہے اُس شخص پر جو اُن کو دشمن رکھتا ہے اور اُن پر افترا کرتا ہے اور اُن کا حق ظلم کے ساتھ اُن سے لیتا ہے۔ اور لوگوں کو اُن پر مسلط کرتا ہے اور اس امت کو دین سے منحرف کرتا ہے۔ عمر نے کہا آمین خدا لعنت کرے۔ اس پر جو اُن کے حق میں ظلم کرے۔ خلافت میں اُن کا کوئی حق نہ تھا وہ اور تمام لوگ اس امر میں مساوی تھے۔ ابوذرؓ نے کہا پھر تم نے انصار پر قرابت رسولؐ سے کیوں حجت قائم کی۔ اُس وقت جناب امیرؑ نے فرمایا کہ اے پسر ضہاک ہم کو اس میں کوئی حق نہیں ہے اور خلافت تجھ سے اور مکھی کھانے والی عورت کے دنی فرزند ابوبکر سے مخصوص ہے عمر نے کہا اب جبکہ تم نے بیعت کر لی ہے ان باتوں کو چھوڑ دو۔ عوام الناس میرے رفیق سے راضی ہوئے۔ اور تم سے راضی نہیں ہوئے اس میں میرا کیا گناہ ہے۔ حضرتؑ نے فرمایا مگر خدا اور رسولؐ راضی نہیں ہیں لیکن میرے ساتھ۔ لہٰذا تم کو اور تمہارے صاحب کو اور ان لوگوں کو جنھوں نے تمہاری اطاعت اور مدد کی ہے خدا کے غضب اور اُس کے عذاب و خواری کی خوشخبری ہو، وائے ہو تجھ پر پسر خطاب تو نہیں جانتا کہ تو نے کیا کیا اور کیا عذاب اپنے اور اپنے صاحب کے لیے تو نے مہیا کیا ہے۔ ابوبکر نے کہا اے عمر اب جبکہ انھوں نے بیعت کر لی ہے اور ہم ان کے شر و فتنہ سے مطمئن ہو گئے ہیں چھوڑ دو جو چاہیں وہ کہیں۔ جناب امیرؑ نے فرمایا کہ ایک بات کے سوا کچھ نہ کہوں گا۔ میں تم کو خدا کی یاد دلاتا ہوں اے چاروں افراد یعنی سلمانؓ ابوذر و مقداد و زبیر کیا تم نے نہیں سنا ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا کہ جہنم میں آگ کا ایک صندوق ہے جس میں بارہ اشخاص ہوں گے چھ سابقہ امتوں میں سے اور چھ افراد اس امت کے اور وہ صندوق جہنم کے قعر میں ایک کنوئیں میں ہے اور اس کنوئیں کے منہ پر ایک پتھر ہے کہ جب چاہتا ہے کہ جہنم کو مشتعل کرے تو حکم دیتا ہے کہ اُس پتھر کو اس کنوئیں کے دہانے سے ہٹا دیں تو تمام جہنم اس کنوئیں کی حرارت سے مشتعل ہو جاتا ہے۔ امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ میں نے تمہارے روبرو رسول خداؐ سے سوال کیا کہ وہ کون لوگ ہیں فرمایا کہ پہلا پسر آدمؑ ہے جس نے اپنے بھائی

کو مار ڈالا ۔ اور فرعون و نمرود اور بنی اسرائیل میں سے دو اشخاص ایک نے یہود کو گمراہ کیا اور دوسرے نے نصاریٰ کو اور اُن میں کا چھٹا ابلیس ہے ۔ اور اِس اُمت میں سے دجال ہے اور پانچ اشخاص وہ جنھوں نے صحیفۂ ملعونہ لکھنے پر اتفاق کیا اور اے میرے بھائی تمھاری عداوت پر اتفاق کیا اور ایک دوسرے کی، تمھارا حق غصب کرنے میں مدد کی۔ یہاں تک کہ اُن پانچوں اشخاص کے نام لیے تو ہم چاروں اشخاص نے گواہی دی کہ ہم اس واقعہ میں موجود تھے اور سب سُنا ہے ۔ عثمان نے کہا کیا تمھارے اور تمھارے اصحاب کے پاس کوئی حدیث ہے جو تم نے میرے حق میں سُنی ہو۔ علیؑ نے کہا ہاں میں نے رسُولِ خداؐ سے سُنا کہ حضرتؐ نے تم پر لعنت کی ہے ۔ پھر اُس لعنت کے بعد میں نے نہیں سُنا کہ استغفار کیا ہو۔ عثمان غضبناک ہوئے اور کہا مجھ کو تم سے کیا واسطہ تم کسی حال میں مجھ پر اختیار نہیں رکھتے نہ رسُولِ خداؐ کی حیات میں اور نہ اُن کی وفات کے بعد۔ زبیر نے کہا ہاں خدا تمھاری ناک خاک پر رگڑے ۔ عثمانؓ نے کہا خُدا کی قسم میں نے رسُولِ خداؐ سے سُنا کہ آپ نے فرمایا کہ زبیر مُرتد قتل کیا جائے گا ۔ سلمانؓ کہتے ہیں کہ اُس وقت جناب امیرؑ نے مجھ سے آہستہ فرمایا کہ سچ کہتا ہے ۔ زبیر قتلِ عثمان کے بعد مجھ سے بیعت کرے گا ۔ پھر میری بیعت توڑ دے گا اور مُرتد قتل ہوگا ۔ سلیم کہتے ہیں کہ پھر سلمان نے کہا کہ رسُولِ خداؐ کے بعد سب لوگ سوائے چار اشخاص کے مُرتد ہو گئے ۔ اور لوگ جناب رسُولِ خداؐ کے بعد بمنزلۂ ہارون اور اُن کے پیرو کے اور بمنزلۂ گوسالہ اور اس کے پیرو کے ہو گئے ۔ لہٰذا علی علیہ السّلام بمنزلۂ ہارونؑ اور اوّل بمنزلۂ گوسالہ اور دوم بمنزلۂ سامری کے۔ اور میں نے رسُولِ خداؐ سے سُنا کہ آپؐ نے فرمایا کہ ایک گروہ میرے اصحاب میں سے میرے پاس آئے گا جو بظاہر میرے نزدیک قرب و منزلت رکھتا ہوگا کہ صراط سے گزرے جب میں ان کو دیکھوں گا ۔ اور وہ مجھے دیکھیں گے اور میں ان کو پہچانوں گا اور وہ مجھ کو پہچانیں گے تو ملائکہ ان کو میرے پاس سے اُچک لے جائیں گے ۔ میں کہونگا خداوندا یہ میرے اصحاب ہیں تو وہ مجھ سے کہیں گے کہ آپ نہیں جانتے کہ انھوں نے آپ کے بعد کیا کیا ہے ۔ جب آپ ان سے جُدا ہُوئے تو یہ مُرتد ہو گئے اور دین سے پھر گئے ۔ تو میں کہوں گا کہ ان کو دُور کرو ۔ اور میں نے رسُولِ خداؐ سے سُنا کہ (میرے اصحاب) بنی اسرائیل کی سنت اور طریقوں کے مُرتکب ہوں گے نعلین (جُوتے کے جوڑے) بالشت سے بالشت، ہاتھ سے ہاتھ کے موافق کیونکہ توریت اور قرآن مجید ایک ہاتھ، ایک قلم اور ایک صحیفہ سے لکھا ہوا ہے اور ان دونوں اُمتوں کی مثالیں اور طریقے مساوی ہیں اور حضرت صادق علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جب جناب امیرؑ کو بیعت کے لیے مکان سے نکالا جنابِ فاطمۂ زہراؑ باہر نکلیں، تمام بنی ہاشم کی عورتیں بھی آپ کے ساتھ

باہر نکلیں۔ جب وہ معصومہؑ جناب رسولِ خداؐ کی قبر کے نزدیک پہنچیں کہا میرے ابن عم کو چھوڑ دو، اُس خدائے برحق کی قسم جس نے محمدؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اگر ان سے باز نہیں آتے ہو تو اپنے بال کھولتی ہوں اور پیراہن رسولِ خداؐ اپنے سر پہ رکھ کر بارگاہِ خدا میں فریاد بلند کرتی ہوں۔ خدا کے نزدیک ناقہ صالح مجھ سے زیادہ گرامی نہ تھا اور اُس کا بچہ میرے بچّے سے زیادہ بلند مرتبہ نہ تھا۔ سلمانؓ کہتے ہیں کہ میں اُن معظمہ کے قریب تھا۔ خدا کی قسم میں نے دیکھا کہ مسجد کی دیواریں بُنیاد سے اکھڑ کر اس قدر بلند ہوئیں کہ اگر کوئی چاہتا تو اُس کے نیچے سے گذر سکتا تھا۔ میں اُن معظمہ کے نزدیک گیا اور کہا اے میری سیّدہ اور خاتون خدا نے آپ کے پدر کو عالمین کے لیے رحمت بنایا تھا آپ ان پر نزول عذاب کا سبب نہ ہوں تو وہ معظمہ مسجد سے باہر چلی گئیں اور مسجد کی دیواریں اپنی جگہ پر نیچے آئیں اور اُن کی جڑوں سے بہت زیادہ غبار بلند ہوا، اور ہماری ناکوں میں بھر گیا۔ دوسری روایت کے مطابق جناب فاطمہؑ نے حسنین علیہما السّلام کا ہاتھ پکڑا اور جناب رسولِ خداؐ کی قبرِ مطہر کی جانب روانہ ہوئیں تاکہ ان پر نفرین کریں امیرالمومنینؑ نے سلمان سے کہا کہ جاؤ اور دخترِ رسولؐ تک جلد پہنچو۔ کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ مدینہ کی دیواریں حرکت میں آگئیں ہیں۔ اگر وہ اپنے بال کھولیں گی اور گریبان چاک کریں گی اور اپنے پدر بزرگوار کی قبر تک جاکر خدا کی درگاہ میں فریاد کریں گی تو اس جماعت کو مہلت نہ ملے گی۔ اور مدینہ زمین میں اپنی آبادی سمیت دھنس جائے گا۔ یہ سُن کر سلمان اُن معظمہ کے پاس پہنچے اور کہا کہ امیرالمومنینؑ فرماتے ہیں کہ واپس جائیے اور صبر کیجیے اور اس اُمت پر عذاب کا باعث نہ بنئے۔ یہ سُن کر جناب فاطمہؑ نے فرمایا کہ اگر اُن کا حکم ہے تو واپس جاتی ہوں اور صبر کرتی ہوں اور معتبر سندوں سے حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے کہ جس وقت جناب امیرؑ کا گریبان پکڑ کر کھینچتے ہوئے ابوبکر کے پاس لائے۔ اور حضرت رسالت مآبؐ کی قبرِ مطہر کے پاس پہنچے امیرالمومنینؑ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی "یابن ام ان القوم استضعفونی وکادوا یقتلوننی"۔ اُسی وقت ایک ہاتھ قبر سے باہر نکلا اور ابوبکر کی طرف بڑھا۔ جس کو سب نے پہچانا کہ رسولِ خداؐ کا ہاتھ ہے اور ایک آواز آئی جس کو سب نے پہچانا کہ رسولِ خداؐ کی آواز ہے کہ اکفرت بالذی خلقک من تراب ثم من نطفۃ ثم سواک رجلا۔ یعنی کیا تو اُس خدا سے کافر ہوگیا جس نے تجھ کو خاک سے پھر نطفہ سے پیدا کیا۔ پھر تجھ کو درست کرکے ایک مرد بنایا۔ خاصہ کے طریق سے جناب صادقؑ سے اور عامہ کے طریق سے زید بن وہب سے روایت کی ہے کہ اکابر مہاجر و انصار نے ابوبکر کی خلافت سے انکار کیا اور کافی حجتیں اُن پر تمام کیں۔ مہاجرین میں سے خالد بن سعید بن العاص جو بنی اُمیہ میں سے تھے۔ اور سلمانؓ و ابوذرؓ و مقدادؓ و عمارؓ و بریدہؓ اسلمی تھے اور انصار میں سے ابوالہیثم

اردو ترجمہ

حق الیقین

جلد دوم

مصنفہ

علامہ سید محمد باقر مجلسی علیہ الرحمۃ

مترجمہ

جناب سید بشارت حسین صاحب

ناشر

مجلس علمی اسلامی

(پاکستان)

نیز روایت کی ہے کہ حضرت امام جعفر صادقؑ سے لوگوں نے حق تعالیٰ کے اس قول وجعلکم
انبیاء وجعلکم ملوکاً کی تفسیر دریافت کی یعنی تم کو انبیاء بنایا اور تم کو بادشاہ قرار دیا۔
حضرتؑ نے فرمایا کہ انبیاء جناب رسول خداؐ جناب ابراہیمؑ واسماعیلؑ اور اُن کی ذریت ہیں
اور ملوک آئمہ اطہارؑ ہیں۔ راوی نے کہا آپ کو کیسی بادشاہی عطا کی ہے۔ فرمایا کہ بہشت کی
بادشاہی اور امیرالمومنینؑ کی رجعت کی بادشاہی۔ اور علی بن ابراہیم نے اپنی تفسیر میں شہر
ابن حوشب سے روایت کی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ حجاج نے مجھ سے کہا کہ قرآن میں ایک آیت
ہے جس کی تفسیر نے مجھ کو عاجز کر دیا ہے۔ اور سمجھ میں نہیں آتی وہ آیت یہ ہے۔ وان من
اھل الکتاب الالیؤمنن بہ قبل موتہ یعنی اہل کتاب میں سے کوئی ایک نہیں مگر یہ کہ
حضرت عیسیٰؑ پر یقیناً ان کی موت سے پہلے ایمان لائے گا۔ اور خدا کی قسم میں حکم دوں گا کہ
یہودی اور نصرانی کی گردنیں ماردی جائیں اور میں دیکھوں گا کہ اُن کے لب حرکت نہیں کرتے
یہاں تک کہ وہ مر جائیں۔ شہر بن حوشب نے کہا اے امیر یہ مراد نہیں ہے جو آپ نے
سمجھا ہے۔ اُس نے کہا پھر اس کے کیا معنی ہیں۔ میں نے کہا حضرت عیسیٰؑ قیامت سے پہلے
آسمان سے زمین پر آئیں گے تو کوئی یہودی وغیرہ نہ ہوں گے جو حضرت عیسیٰؑ پر اُن کے مرنے
سے پہلے ایمان نہ لائیں۔ اور وہ حضرت مہدیؑ کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔ حجاج نے کہا تجھ پر
وائے ہو۔ یہ تو نے کہاں سے سمجھا اور کس سے سُنا ہے۔ میں نے کہا حضرت امام محمد باقرؑ سے
میں نے سُنا ہے۔ یہ سُن کر اُس نے کہا کہ خدا کی قسم چشمۂ صافی سے تو نے لیا ہے۔ نیز اُس نے اور
دُوسروں نے خداوندِ عالم کے اس قول کی تاویل میں روایت کی ہے۔ بل کذبوا بما لم یحیطوا
بعلمہ ولما یاتھم تاویلہ۔ یعنی بلکہ جس چیز کا اُن کو علم نہیں اُس کی تکذیب کرتے ہیں اور
ابھی اس کی تاویل سے وہ ناواقف ہیں۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ یہ آیت رجعت کے بارے میں ہے۔
اور اُس کے مانند ہے جس کا وقت ابھی نہیں آیا ہے اور وہ لوگ اُس کی تکذیب کرتے ہیں اور کہتے
ہیں کہ ایسا نہ ہوگا اور دُوسری معتبر سند سے روایت کی ہے کہ رجعت میں دُشمنان اہلبیت کی خوراک
ایک گندی شئے ہوگی۔ جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا ہے وان لہ معیشۃ ضنکا۔ نیز علی بن
ابراہیم نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام اور امام محمد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے
کہ جس قوم کو حق تعالیٰ نے عذاب سے ہلاک کیا ہے وہ رجعت میں واپس نہ آئے گی جیسا کہ
خداوندِ عالم نے فرمایا ہے وحرام علی قریۃ اھلکناھا انھم لایرجعون اور اس آیت
ونرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض ونجعلھم ائمۃ ونجعلھم
الوارثین ونمکن لھم فی الارض ونری فرعون وھامان وجنودھما منھم ما کانوا

یحذرون کی تاویل میں فرمایا ہے۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ یہ ایک مثال ہے۔ جس کو خدا نے اہلبیت رسالت کے لیے دی ہے تاکہ آنحضرت کی تسلی کا باعث ہو۔ کیونکہ فرعون اور ہامان اور قارون نے بنی اسرائیل پر ستم کیے ہیں۔ ان کو اور اُن کی اولاد کو مار ڈالتے تھے اور اس اُمت میں اُس کی مثال اوّل، دوم اور سوم اور اُن کی پیروی کرنے والے تھے جو اہلبیت رسالتؑ کے قتل اور اُن کو مٹانے کی کوشش کرتے تھے۔ خداوندِ عالم نے اپنے پیغمبر سے وعدہ فرمایا ہے کہ جس طرح ہم نے موسیٰؑ کی ولادت کو چھپایا اور فرعون سے اُن کو مخفی رکھا۔ اُس کے بعد ان کو ظاہر کیا۔ اور فرعون اور اُس کی متابعت کرنے والوں پر غالب کیا۔ اُس کے بعد اُن سب کو اُنہی کے ہاتھ سے ہلاک کیا۔ اِسی طرح حضرت قائمؑ اور آپ کی ولادت کو پوشیدہ رکھوں گا اور اُن کے زمانوں کے فرعونوں سے اُن کو پنہاں رکھوں گا۔ اور رجعت میں اُن کو ان کے دشمنوں پر غالب کردوں گا۔ تاکہ اُن سے اپنا انتقام لیں۔ لہٰذا آیات کی تاویل اس طرح ہے یعنی ہم چاہتے ہیں کہ اُن پر احسان کریں جن کو زمین پر کمزور کردیا ہے۔ جو اہلبیت رسالتؐ ہیں اور ہم ان کو امام واپس کریں گے اور رُوئے زمین کے وارث قرار دیں گے۔ روئے زمین کی بادشاہی ان کے لیے مسلّم ہوگی۔ اور ہم اُن کو تمکن واقتدار زمین پر دیں گے تاکہ باطل کو مٹائیں اور حق کو ظاہر کریں اور ان کے لشکر اُن کے دشمنوں کو دکھائیں۔ جنھوں نے آلِ محمدؐ کا حق غصب کیا منا... یعنی آلِ محمدؐ جو قتل اور آزار سے ڈرتے تھے۔ اِسی طرح امام حسین علیہ السّلام اور آپ کے اصحاب زندہ کیے جائیں گے اور اُن کے قتل کرنے والوں کو بھی زندہ کیا جائے گا تاکہ اُن سے اِنتقام لیں۔ چنانچہ قطب راوندی وغیرہم نے جابر سے اُنھوں نے امام محمدؐ باقرؑ سے روایت کی ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السّلام نے شہادت سے پہلے کربلا میں فرمایا کہ میرے جد جناب رسُولِ خداؐ نے مجھ سے فرمایا کہ اے فرزند تم کو عراق کی جانب اشقیا لے جائیں گے۔ اُس زمین پر جہاں انبیاء اور اوصیاء نے ایک دوسرے سے مُلاقات کی ہے یا کریں گے اُس زمین کو عمورا کہتے ہیں تم اُسی جگہ شہید ہوگے اور تمھارے اصحاب کی ایک جماعت تمھارے ساتھ شہید ہوگی۔ ان کو لوہے سے قتل ہونے اور زخم کھانے کی تکلیف واذیت نہ پہنچے گی جس طرح خُداوندِ عالم نے جناب ابراہیمؑ پر آگ کو سرد اور باعثِ سلامتی قرار دیا تھا۔ اسی طرح جنگ کی آگ تم پر اور تمھارے اصحاب پر سرد اور سلامتی کا سبب ہوگی۔ لہٰذا تم کو خوشخبری ہو اور تم خوش رہو۔ کیونکہ ہم اپنے پیغمبرؐ کے پاس جاتے ہیں اور اس عالم میں اتنی مُدّت تک رہیں گے جس قدر خُدا چاہے گا۔ لہٰذا جب زمین شگافتہ ہوگی تو سب سے پہلے جو شخص زمین سے باہر آئے گا میں ہوں گا۔ اور میرا باہر آنا امیر المومنینؑ کے باہر آنے کے موافق ہوگا۔ اور ہمارے قائمؑ کا قیام تو اُس وقت خداوند تعالیٰ کی جانب سے آسمان سے وہ گروہ جبرئیل ومیکائیل

کے درمیان واقع ہوگا اُس پر کس قدر تعجب بلکہ بالکل تعجب ہے۔ یہ سُن کر ایک مرد شرطۃ الخمیس نے پُوچھا کہ کیسا تعجب ہے جو آپ فرماتے ہیں حضرتؑ نے فرمایا کہ تعجب نہ کروں اس سے کہ چند مُردے زندہ ہوں گے اور تلوار زندوں کے سروں پر ماریں گے۔ اُس خدا کی قسم جس نے دانہ کو شگافتہ کیا اور سبزہ باہر نکالا اور خلائق کو پیدا کیا گویا میں دیکھتا ہوں کہ وہ لوگ کُوفہ کے بازاروں میں چلتے ہیں اور برہنہ شمشیریں اپنے کاندھوں پر رکھے ہُوئے ہیں اور خدا اور رسُولؐ اور مومنوں کے دُشمنوں کے سروں پر مارتے ہیں۔ یہ ہے اُس آیت کے معنی جو خدا نے فرمایا ہے کہ یا ایہا الذین اٰمنوا لا تتولوا قوما غضب اللہ علیہم قد یئسوا من الاخرۃ کما یئس الکفار من اصحاب القبور۔ اے مومنو! اُس قوم سے دوستی مت کرو جن پر خدا نے غضب فرمایا ہے۔ بیشک وہ لوگ آخرت سے ناامید ہوگئے ہیں جس طرح اہلِ قبور میں کُفّار ناامید ہوگئے ہیں۔

ابن بابویہ نے علل الشرائع میں روایت کی ہے کہ حضرت امام محمد باقرؑ نے فرمایا کہ جب ہمارا قائمؑ ظاہر ہوگا عائشہ کو زندہ کرے گا تاکہ اُس پر حد جاری کرے اور جنابِ فاطمہؑ کا انتقام لے اور شیخ مفید نے ارشاد میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جب آلِ محمدؐ کے قائمؑ کا قیام ماہ جمادی الاخریٰ میں ہوگا۔ اور رجب کے دس روز میں ایسی بارش ہوگی کہ دُنیا والوں نے کبھی نہ دیکھی ہوگی۔ پھر خداوند بزرگ و برتر اُس بارش سے مومنین کے گوشت اور بدن کو اُن کی قبروں میں پیدا کرے گا۔ گویا میں اُن کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ قبیلۂ جہینہ کی جانب سے خاکِ قبر اپنے سروں سے جھاڑتے ہُوئے آرہے ہیں۔ نیز اُنہیں حضرت سے روایت کی ہے کہ حضرت قائمؑ کے ساتھ پشت کُوفہ یعنی نجف اشرف سے ستائیس افراد حضرت مُوسیٰ کی قوم سے پندرہ افراد ان میں سے جن کے بارے میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ حق کے ساتھ ہدایت کرتے تھے۔ اور حق کے ساتھ عدالت کرتے تھے اور سات افراد اصحابِ کہف سے اور یوشع بن نون اور سلمانؓ اور جابر بن عبد اللہ انصاری اور مقداد اور مالک اشتر آئیں گے اور یہ تمام خاصانِ خدا اُن حضرتؑ کے سامنے ہوں گے اور آپ کے مددگار اور حاکم یعنی لوگوں پر آپ کی جانب سے حاکم ہوں گے۔ عیاشی نے بھی اس حدیث کو ذکر کیا ہے۔ اور نعمانی نے روایت کی ہے کہ حضرت امام محمد باقرؑ نے فرمایا جب قائم آلِ محمد علیہم السلام ظاہر ہوں گے۔ خدا اُن کی ملائکہ سے مدد کرے گا اور سب سے پہلے جو شخص اُن کی بیعت کرے گا وہ محمدؐ ہوں گے اُن کے بعد علیؑ ہوں گے۔ (کیونکہ وہ امامؑ امامِ زمانہ ہوں گے)۔

اور شیخ طوسی اور نعمانی نے حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حضرت قائمؑ کے ظہور کی علامتوں میں سے ایک علامت یہ ہے کہ حضرت برہنہ بدن قرصِ آفتاب کے سامنے ظاہر

اُسی جگہ غسل کیا اور وہ بہترین خطّہ ہے جہاں سے حضرت رسُولِ خداؐ نے معراج پائی اور بے انتہا خیر و رحمت اُس جگہ ہمارے شیعوں کے لیے مُہیا ہے۔ یہاں تک کہ حضرتؑ قائم ظاہر ہوں مفضل نے کہا اے میرے سیّد! پھر صاحب الامرؑ دوبارہ کہاں متوجہ ہوں گے۔ فرمایا کہ میرے جدِ رسُولِ خداؐ کے مدینہ کی جانب۔ جب وہاں پہنچیں گے تو اُن سے امرِ عجیب ظاہر ہوگا جو مومنین کی مُسترت و شادمانی کا اور کافروں کی ذلّت و خواری کا باعث ہوگا۔ مفضل نے پوچھا کہ وہ کون سا امر ہے۔ فرمایا کہ جب وُہ اپنے جدِ بزرگوار کی قبر کے پاس پہنچیں گے تو کہیں گے اے لوگو! یہ میرے جدِ بزرگوار رسُولِ خداؐ کی قبر ہے۔ لوگ کہیں گے کہ ہاں اے مہدیِ آلِ محمدؑ۔ حضرت پھر فرمائیں گے کہ یہ کون ہیں جو اُن کے پاس دفن کیے گئے ہیں۔ لوگ کہیں گے کہ ان کے مصاحب اور ہمخواب خلیفۂ اوّل و دوم ہیں۔ حضرت لوگوں کے سامنے مصلحۃً پوچھیں گے کہ اوّل کون ہیں اور دوم کون ہیں اور کس سبب سے تمام خلائق میں سے ان کو میرے جد کے پاس دفن کیا گیا۔ ممکن ہے کوئی دوسرے ہوں جو اس جگہ دفن کیے گئے ہوں۔ لوگ کہیں گے کہ اے مہدیِ آلِ محمدؑ اُن کے سوا کوئی اس جگہ نہیں دفن ہوا ہے۔ ان کو اس لیے اس جگہ دفن کیا گیا ہے کہ رسُولِ خداؐ کے خلیفہ اور اُن کی بیویوں کے باپ تھے۔ تو حضرتؑ فرمائیں گے کیا کوئی ہے جو اگر ان کو دیکھے تو پہچان لے، لوگ کہیں گے کہ ہاں ہم ان کے اوصاف سے پہچان لیں گے۔ پھر حضرتؑ فرمائیں گے کہ آیا کوئی ہے جس کو کچھ شک ہو کہ وہ اسی جگہ دفن ہوئے ہیں لوگ کہیں گے کہ نہیں کسی کو اس میں شک نہیں۔ پھر تین روز کے بعد حکم دیں گے کہ دیوار کو توڑ دو۔ اور دونوں کو قبر سے باہر نکالو۔ غرض دونوں کو تازہ بدن کے ساتھ اُسی شکل و صورت سے جو رکھتے ہونگے باہر نکالیں گے۔ پھر حضرت فرمائیں گے کہ ان کے کفن علیحدہ کر دیئے جائیں تو اُن کے کفن کھینچ لیے جائیں گے۔ پھر اُن کو ایک خشک درخت پر لٹکا دیں گے۔ اُس وقت امتحانِ خلق کے لیے وُہ درخت سبز ہو جائے گا۔ اُس میں شاخیں بلند ہوں گی پتّیاں نکل آئیں گی۔ اُس وقت وہ گروہ جو اُن کی محبت رکھتا تھا کہے گا کہ یہ ہے خدا کی قسم شرف و بزرگی اور ہم اُن کی محبت میں کامیاب ہوئے۔ جب یہ خبر منتشر ہوگی تو جس کے دل میں رائی کے برابر ان کی محبت ہوگی وہاں حاضر ہوگا۔ اُس وقت حضرتِ قائمؑ کی جانب سے منادی ندا دے گا کہ جو شخص رسُولِ خداؐ کے ان دونوں مصاحبوں کو دوست رکھتا ہو، لوگوں کے درمیان سے علیحدہ ہو کر ایک طرف کھڑا ہو جائے۔ اُس وقت دُنیا والے دو گروہ ہو جائیں گے۔ ایک گروہ اُن کو دوست رکھنے والوں کا اور ایک گروہ اُن پر لعنت کرنے والوں کا۔ پھر حضرتؑ اُن کو دوست رکھنے والوں سے فرمائیں گے کہ ان سے بیزاری اختیار کرو، ورنہ عذابِ الٰہی میں گرفتار ہو گے۔ وہ جواب دیں گے کہ اے مہدیِ آلِ محمدؑ! ہم اس سے پہلے جانتے تھے کہ خدا کے نزدیک ان

اور کوفہ کے قصر کو بھی توڑیں گے کیونکہ جس نے اس کی بنیاد رکھی تھی ملعون تھا۔ مفضل نے پوچھا مکہ معظمہ میں قیام فرمائیں گے؟ فرمایا نہیں بلکہ اپنے اہلبیتؑ میں سے ایک شخص کو اس جگہ اپنا جانشین مقرر کریں گے اور جب حضرتؑ مکہ سے روانہ ہوں گے تو اہل مکہ آپ کے جانشین کو قتل کر دینگے۔ تو حضرتؑ پھر مکہ واپس آئیں گے تو وہ لوگ حضرتؑ کی خدمت میں سر جھکائے روتے گڑگڑاتے آئیں گے۔ اور کہیں گے کہ اے مہدیؑ آلِ محمدؐ ہم توبہ کرتے ہیں، ہماری توبہ قبول کیجیے۔ حضرتؑ ان کو پند و نصیحت کریں گے اور دُنیا و آخرت کے عذاب سے ڈرائیں گے اور اہل مکہ میں سے ایک شخص کو اُن پر حاکم مقرر فرمائیں گے اور وہاں سے باہر روانہ ہوں گے۔ اہل مکہ اُس حاکم کو بھی قتل کر دیں گے۔ اُس وقت حضرتؑ جن اور نقیبوں میں سے اپنے مددگاروں کو اُن کی طرف واپس بھیجیں گے کہ ان سے کہیں کہ حق کی جانب پلٹ آئیں تو جو شخص ایمان لائے اُس کو بخش دو اور جو ایمان نہ لائے اُس کو قتل کر دو۔ جب یہ لشکر مکہ واپس آئے گا تو سو میں سے ایک شخص ایمان نہ لائے گا۔ بلکہ ہزار میں سے ایک بھی ایمان نہ لائے گا۔

مفضل نے پوچھا کہ میرے مولا! حضرت مہدیؑ کا مکان اور مومنین کے جمع ہونے کا مقام کہاں ہوگا۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ حضرتؑ کا پایۂ تخت کوفہ ہوگا اور آپ کا دربار اور مقامِ فیصلہ مسجد کوفہ ہوگی اور تمام بیت المال اور غنیمت تقسیم ہونے کی جگہ مسجد سہلہ ہوگی اور ان کی تنہائی کی جگہ نجف اشرف ہوگا۔ مفضل نے پوچھا تمام مومنین کوفہ میں ہوں گے۔ فرمایا کہ ہاں، واللہ کوئی مومن نہ ہوگا۔ مگر کوفہ میں ہوگا یا کوفہ کے قرب و جوار میں یا اُس کا دل کوفہ کی طرف مائل ہوگا۔ اُس وقت کوفہ میں ایک گوسفند کے سونے کی جگہ کی قیمت دو ہزار درم ہوگی۔ اُس وقت شہر کی وسعت چوون ۵۴ میل یعنی اٹھارہ ۱۸ فرسخ ہوگی اور کوفہ کے قصر و محلات کربلائے معلیٰ سے متصل ہوں گے۔ اور خداوند تعالیٰ کربلا کو پناہ کی ایک جگہ قرار دے گا جو ہمیشہ فرشتوں اور مومنوں کی آمد و رفت کی جگہ ہوگی۔ خدائے تعالیٰ اُس زمین مقدس کو بہت بلند مرتبہ کرے گا اور اُس میں اس قدر برکتیں اور رحمتیں قرار دے گا کہ اگر کوئی مومن اُس جگہ کھڑا ہو اور خدا سے دُعا کرے تو ایک دُعا میں ہزار مرتبہ کے مانند دُنیا کا ملک اُس کو کرامت فرمائے گا۔ پھر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک آہ کھینچی اور فرمایا اے مفضل بیشک زمین کے ٹکڑوں نے ایک دوسرے پر فخر کیا اور کعبۂ معظمہ نے زمین کربلائے معلیٰ پر فخر کیا تو خدا نے کعبہ کو وحی کی کہ ساکت رہ اور کربلا پر فخر مت کر کیونکہ وہ بقعۂ مبارکہ وہ ہے جہاں شجرۂ مبارکہ سے اِنّی انا اللہ کی ندا موسیٰؑ کو پہنچی اور وہ وہی مقام بلند ہے جہاں مریم و عیسیٰؑ کو میں نے جگہ دی اور جس جگہ حضرت امام حسینؑ کا سر مبارک شہادت کے بعد دھویا اُسی جگہ حضرت مریمؑ نے جناب عیسیٰؑ روح اللہ کو بعد ولادت غسل دیا اور خود

مفضل نے پوچھا کہ اس آیت میں فرعون اور ہامان سے کون مراد ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ اوّل و دوم ہیں۔ مفضل نے پوچھا کہ کیا جنابِ رسولِ خدا ؐ اور امیر المومنین ؑ حضرت صاحب الامر علیہ السلام کے ساتھ ہوں گے؟ فرمایا ہاں! ضروری ہے کہ وہ حضرات تمام روئے زمین پر گھومیں، یہاں تک کہ کوہ قاف کی پشت اور جو کچھ ظلمات اور تمام دریاؤں میں۔ حتیٰ کہ زمین کی کوئی جگہ باقی نہ رہے گی۔ مگر یہ کہ وہ حضرات طے کریں گے اور وہاں دینِ خدا کو قائم کریں گے۔ پھر فرمایا کہ اے مفضل گویا میں دیکھتا ہوں کہ اس روز ہم آئمہ اپنے جد رسولِ خدا کے پاس کھڑے ہیں اور آنحضرت ؐ سے اُن تمام مظالم کی شکایت کر رہے ہیں جو آنحضرت ؐ کی وفات کے بعد اُمت جفا کار نے ہم کو پہنچائے جیسے ہمارے اقوال کی تردید و تکذیب کرنا ہم کو گالیاں دینا اور ہم پہ لعنت کرنا اور ہم کو قتل سے ڈرانا اور حرم خدا و رسول ؐ سے خلفائے جور کا ہم کو نکال کر اپنے شہروں میں روکنا اور ہم کو قید میں رکھنا اور شہید کرنا۔ یہ تمام مظالم سُن کر جنابِ رسولِ خدا صلعم گریاں ہوں گے اور فرمائیں گے اے میرے فرزندو! جو کچھ تم پر گذری تم سے پہلے سب مجھ پہ گذر چکی تھی۔ اس کے بعد جنابِ فاطمہ زہرا ؑ اوّل و دوم کی شکایت کریں گی کہ فدک مجھ سے چھین لیا۔ اور کتنی ہی دلیلیں میں نے اُن پر پیش کیں۔ لیکن کچھ فائدہ نہ ہوا اور جو تحریر آپ نے مجھے فدک کے بارے میں لکھ کر دی تھی۔ مہاجر و انصار کے روبرو دوم نے اُس پہ تھوک کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ اور میں نے آپ کی قبر پہ جا کر شکایت کی۔ اوّل و دوم نے سقیفہ بنی ساعدہ میں جا کر منافقوں سے اتفاق کیا۔ اور میرے شوہر امیر المومنین ؑ کی خلافت غصب کی۔ اُس کے بعد آئے تاکہ ان کو بیعت کے لیے لے جائیں۔ اُنھوں نے انکار کیا تو اُن لوگوں نے ہمارے گھر پہ لکڑیاں جمع کیں تاکہ اہلبیت ؑ رسالت کو جلا دیں۔ اُس وقت میں نے چلا کر کہا کہ اے عمر یہ کیسی جرأت ہے جو خدا و رسول ؐ پر تو کرتا ہے کیا تو چاہتا ہے کہ نسلِ پیغمبر زمین سے نابود کر دے۔ عمر نے کہا اے فاطمہ ؑ خاموش رہو۔ کیونکہ پیغمبر موجود نہیں ہے کہ فرشتے آئیں گے اور آسمان سے امر و نہی کے احکام لائیں گے۔ علی ؑ سے کہو کہ آ کر بیعت کریں ورنہ گھر میں آگ لگا دوں گا۔ اُس وقت میں نے کہا اے خدا میں تجھ سے شکایت کرتی ہوں یہ کہ تیرا رسول ہمارے درمیان سے چلا گیا اور اُس کی ساری اُمت کافر ہو گئی ہے۔ ہمارا حق غصب کرتی ہے۔ یہ سُن کر عمر نے چلا کر کہا کہ عورتوں کی احمقانہ باتوں کو چھوڑو کیونکہ خدا نے پیغمبری اور امامت دونوں تم کو نہیں دی ہے۔ پھر عمر نے تازیانہ مار کر میرا بازو توڑ دیا اور دروازہ میرے شکم پہ گرا دیا اور میرے فرزند محسن کا چھ مہینہ کا حمل ساقط ہو گیا اور میں فریاد کر رہی تھی کہ وا ابتاہ وا رسول اللہ ؐ آپ کی دختر فاطمہ ؑ کو دروغ گو کہتے ہیں اور اُس کو تازیانہ مارتے ہیں اور اُس کے فرزند کو شہید کرتے ہیں۔ میں نے چاہا کہ

وصالحؑ کا ترکہ۔ اور جناب ابراہیمؑ کا مجموعہ اور حضرت یوسفؑ کا پیمانہ۔ ترازوئے شعیبؑ اور عصائے موسیٰؑ اور تابوتِ موسیٰؑ۔ داؤدؑ کی زرہ، سلیمانؑ کی انگوٹھی اور تاج اور جناب عیسیٰؑ کے اسباب اور تمام پیغمبروں کی میراث سب دکھائیں گے۔ پھر جناب مہدیؑ حضرت رسول خداؐ کا عصا ایک سخت پتھر پر نصب کریں گے۔ اُسی وقت وہ ایک نہایت تناور بلند و بالا درخت ہو جائے گا جس کے سایہ میں تمام لشکر آجائے گا۔ پھر جوان حسنی کہے گا۔ اللہ اکبر آپ اپنا ہاتھ لائیے۔ میں آپ کی بیعت کروں اے فرزند رسولِ خداؐ۔ حضرت اپنا دستِ مبارک بڑھائیں گے۔ تو سید حسنی اور اُس کا تمام لشکر حضرت کی بیعت کرے گا سوائے چالیس ہزار افراد کے جو زیدیہ ہوں گے جو اس کے لشکر کے ساتھ ہوں گے اور اپنی گردنوں میں قرآن حمائل کئے ہوں گے۔ وہ کہیں گے کہ یہ سخت جادو تھا۔ جناب قائمؑ ہر چند اُن کو پند و موعظہ فرمائیں گے اور معجزات دکھائیں گے مگر اُن پر کوئی اثر نہ ہوگا۔ تین روز کے بعد حکم دیں گے کہ سب قتل کر دیئے جائیں تو مفضل نے پوچھا پھر کیا کریں گے۔ فرمایا کہ بہت سے لشکر سفیانی کی جانب بھیجیں گے۔ یہاں تک کہ اُس کو دمشق میں پکڑیں گے اور صخرۂ بیت المقدس پر ذبح کریں گے۔ اُس وقت حضرت امام حسینؑ بارہ ہزار صدیق اور بہتر افراد کے ساتھ جو اُن حضرتؑ کے ساتھ کربلا میں شہید ہوئے آئیں گے اور کوئی رجعت اس رجعت سے خوشتر نہیں۔ پھر صدیق اکبر امیر المومنین علیؑ ابن ابیطالب تشریف لائیں گے آپ کے لئے ایک قبہ نجفِ اشرف میں نصب کیا جائے گا جس کا ایک ستون نجفِ اشرف میں ہوگا۔ دوسرا بحرین میں تیسرا صنعائے یمن میں اور چوتھا مدینۂ طیبہ میں۔ گویا میں اُس کے چراغ اور قندیلیں دیکھ رہا ہوں جو آسمان و زمین کو آفتاب و ماہتاب سے زیادہ روشنی کئے ہوئے ہیں۔ پھر سید اکبر حضرت محمد رسول اللہ اُن لوگوں کے ساتھ آئیں گے۔ جو حضرتؐ پر مہاجرین و انصار میں سے ایمان لائے ہوں گے۔ اور جو لوگ لڑائیوں میں شہید ہوئے ہوں گے اور خدا اُن لوگوں کو بھی زندہ کرے گا جنھوں نے آنحضرتؐ کی تکذیب کی تھی اور آپ کی حقیقت میں شک کرتے تھے یا آپ کے ارشادات کو رد کرتے تھے۔ کہتے تھے کہ کاہن ہے، ساحر ہے، دیوانہ ہے اور اپنی خواہش سے کلام کرتا ہے۔ الغرض جن لوگوں نے حضرتؐ سے جنگ کی ہوگی سب کو ان کا بدلہ دیں گے۔ اسی طرح امام مہدیؑ تک ایک ایک امام کو واپس کرے گا۔ اور اُن لوگوں کو بھی جنھوں نے ان کی مدد کی ہوگی تاکہ خوش و شاد ہوں اور جو لوگ ان حضرات سے علیحدہ رہے ہوں گے۔ ان کو بھی واپس کرے گا تاکہ آخرت کے عذاب سے پہلے دُنیا کے عذاب و ذلت میں مبتلا ہوں اُس وقت اس آیۂ کریمہ کی تاویل ظاہر ہوگی جس کا ترجمہ گذر چکا اور نرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض تا آخر آیت۔

اُسی جگہ غسل کیا اور وہ بہترین خطہ ہے جہاں سے حضرت رسولِ خداؐ نے معراج پائی اور بے انتہا
خیر و رحمت اس جگہ ہمارے شیعوں کے لیے مُہیا ہے۔ یہاں تک کہ حضرتؑ قائم ظاہر ہوں۔ مفضل نے
کہا اے میرے سید! پھر صاحب الامرؑ دوبارہ کہاں متوجہ ہوں گے۔ فرمایا کہ میرے جد رسول خداؐ کے
مدینہ کی جانب۔ جب وہاں پہنچیں گے تو اُن سے امر عجیب ظاہر ہوگا جو مومنین کی مسرت و شادمانی
کا اور کافروں کی ذلت و خواری کا باعث ہوگا۔ مفضل نے پوچھا کہ وہ کون سا امر ہے۔ فرمایا کہ جب
وُہ اپنے جد بزرگوار کی قبر کے پاس پہنچیں گے تو کہیں گے اے لوگو! یہ میرے جد بزرگوار رسولِ خداؐ
کی قبر ہے۔ لوگ کہیں گے کہ ہاں اے مہدیؑ آلِ محمدؐ۔ حضرت پھر فرمائیں گے کہ یہ کون ہیں جو اُن
کے پاس دفن کئے گئے ہیں۔ لوگ کہیں گے کہ ان کے مصاحب اور ہمخواب خلیفۂ اول و دوم
ہیں۔ حضرت لوگوں کے سامنے مصلحتاً پوچھیں گے کہ اول کون ہیں اور دوم کون ہیں اور کس سبب
سے تمام خلائق میں سے ان کو میرے جد کے پاس دفن کیا گیا۔ ممکن ہے کوئی دوسرے ہوں جو
اس جگہ دفن کئے گئے ہوں۔ لوگ کہیں گے کہ اے مہدیؑ آلِ محمدؐ اُن کے سوا کوئی اس جگہ نہیں
دفن ہوا ہے۔ ان کو اس لیے اس جگہ دفن کیا گیا ہے کہ رسولِ خداؐ کے خلیفہ اور اُن کی بیویوں کے
باپ تھے۔ تو حضرتؑ فرمائیں گے کیا کوئی ہے جو اگر ان کو دیکھے تو پہچان لے، لوگ کہیں گے کہ ہاں
ہم ان کے اوصاف سے پہچان لیں گے۔ پھر حضرتؑ فرمائیں گے کہ آیا کوئی ہے جس کو کچھ شک ہو
کہ وہ اسی جگہ دفن ہوئے ہیں لوگ کہیں گے کہ نہیں کسی کو اس میں شک نہیں۔ پھر تین روز کے
بعد حکم دیں گے کہ دیوار کو توڑ دو۔ اور دونوں کو قبر سے باہر نکالو۔ غرض دونوں کو تازہ بدن کے ساتھ
اُسی شکل و صورت سے جو رکھتے ہونگے باہر نکالیں گے۔ پھر حضرت فرمائیں گے کہ ان کے کفن علیحدہ کر دیئے جائیں
تو اُن کے کفن کھینچ لیے جائیں گے۔ پھر اُن کو ایک خشک درخت پر لٹکا دیں گے۔ اُس وقت
امتحان خلق کے لیے وُہ درخت سبز ہو جائے گا۔ اُس میں شاخیں بلند ہوں گی پتیاں نکل آئیں گی۔
اُس وقت وہ گروہ جو اُن کی محبت رکھتا تھا کہے گا کہ یہ ہے خدا کی قسم شرف و بزرگی اور ہم اُن
کی محبت میں کامیاب ہوئے۔ جب یہ خبر منتشر ہوگی تو جس کے دل میں رائی کے برابر ان کی محبت
ہوگی وہاں حاضر ہوگا۔ اُس وقت حضرت قائمؑ کی جانب سے منادی ندا دے گا کہ جو شخص رسولِ
خداؐ کے ان دونوں مصاحبوں کو دوست رکھتا ہو، لوگوں کے درمیان سے علیحدہ ہو کر ایک
طرف کھڑا ہو جائے۔ اُس وقت دُنیا والے دو گروہ ہو جائیں گے۔ ایک گروہ اُن کو دوست
رکھنے والوں کا اور ایک گروہ اُن پر لعنت کرنے والوں کا۔ پھر حضرتؑ اُن کو دوست رکھنے
والوں سے فرمائیں گے کہ ان سے بیزاری اختیار کرو، ورنہ عذابِ الٰہی میں گرفتار ہوگے۔ وہ
جواب دیں گے کہ اے مہدیؑ آلِ محمدؐ! ہم اس سے پہلے جانتے تھے کہ خدا کے نزدیک ان

کی قدر و منزلت ہے۔ اس لیے اُن سے بیزاری نہ کی تو آج کس طرح بیزاری کریں جبکہ ان کی بہت سی کرامتیں ہم پر ظاہر ہو چکی ہیں اور ہم کو علم ہو چکا کہ وُہ مقربان بارگاہِ ربّ العزت سے ہیں۔ بلکہ ہم آپ سے بیزار ہیں اور اُن سے بھی جو آپ پر ایمان لائے ہیں اور اس سے بھی جو اُن پر ایمان نہیں لایا اور اُس سے بھی ہم بیزار ہیں جو اُن کو اس ذلت و خواری سے قبر سے باہر لایا اور دار پر کھینچا۔ اُس وقت حضرت مہدیؑ ایک سیاہ ہوا کو حکم دیں گے کہ ان پر چلے اور اُن کو ہلاک کرے۔ پھر حکم دیں گے کہ ان دونوں کو دار سے نیچے لائیں۔ پھر اُن کو بقدرتِ خدا اندھا کریں گے اور خلائق کو حکم دیں گے کہ جمع ہوں۔ پھر ہر ظلم و جور جو ابتدائے عالم سے آخر تک ہوا اُن سب کا گناہ اُن کی گردن پر لازم قرار دیں گے اور سلمان فارسی کو مارنے اور امیر المومنینؑ کے خانۂ اقدس کو آگ لگانے اور جنابِ فاطمہ علیہا السّلام اور حسنؑ و حسینؑ علیہما السّلام کو جلانے اور امام حسنؑ کو زہر دینے اور امام حسینؑ اور اُن کے اطفال اور اُن کے چچا کی اولاد کو اور اُن کے دوستوں اور مددگاروں کو قتل کرنے اور ذریتِ رسولؐ کو اسیر کرنے اور ہر زمانہ میں آلِ محمدؐ کا خون بہانے اور ہر خون جو ناحق بہایا گیا اور ہر زنا جو عالم میں کیا گیا اور ہر سود اور حرام جو کھایا گیا اور ہر گناہ، ظلم اور ستم جو قیام قائم آلِ محمدؐ تک واقع ہوا۔ سب اُن ہی دونوں کی گردنوں پر بار کیا جائے گا کہ تم ہی سے سرزد ہوا۔ اور وُہ دونوں اعتراف و اقرار کریں گے۔ کیونکہ اگر روزِ اوّل خلیفہ برحق کا حق غصب نہ کرتے تو یہ سب نہ ہوتا۔ پھر حکم دیں گے کہ ہر ظلم کے عوض جو شخص موجود ہو ان دونوں سے قصاص لے۔ پھر اُن کے لیے فرمائیں گے کہ درخت سے لٹکا دیں اور ایک آگ کو حکم دیں گے کہ زمین سے برآمد ہو اور اُن کو درخت کے ساتھ جلائے۔ اور ایک ہوا کو حکم دیں گے کہ ان کی راکھ کو دریاؤں میں پھینک دے۔

مفضل نے عرض کی کہ اے میرے مولا! کیا یہ ان کا آخری عذاب ہوگا؟ فرمایا افسوس اے مفضل! خدا کی قسم سیدِ اکبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صدیق اکبر امیر المومنین علیہ السّلام اور فاطمہ زہرا اور حسن مجتبیٰ اور حسین شہیدِ کربلا علیہم السّلام اور سارے ائمہ ہدیٰ صلوات اللہ علیہم زندہ ہوں گے اور جو شخص محض خالص ایمان رکھتا رہا اور جو کافر محض رہا ہوگا سب کے سب زندہ ہوں گے اور تمام ائمہ اطہار اور مومنین کے لیے ان پر عذاب کیا جائے گا۔ یہاں تک ایک شبانہ روز میں ہزار مرتبہ اُن کو مار ڈالیں گے اور زندہ کریں گے۔ پھر خدا جہاں چاہے گا اُن کو لے جائے گا اور معذب کرے گا۔

وہاں سے حضرت مہدیؑ کوفہ کی جانب متوجہ ہوں گے اور کوفہ و نجف کے درمیان چھیالیس ہزار فرشتوں اور چھ ہزار جنوں اور تین سو تیرہ نقیبوں کے ساتھ قیام فرمائیں گے۔ مفضل نے پوچھا کہ زورا

لیے کافی ہے؟ عرض کی ہاں یا حضرتؑ! میرے لیے کافی ہے اور بسند معتبر عمر بن ثابت سے منقول ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اہل جہنم آگ میں عذاب الٰہی کی اذیت وشدت سے جو اُن کو پہنچے گی کتوں اور بھیڑیوں کے مانند چلائیں گے۔ اے عمر تم کیا سمجھتے ہو جن کو موت نہ آئے گی عذاب سے نجات پائیں گے؟ عذاب میں ہرگز کمی نہ ہوگی اور آگ میں بھوکے اور پیاسے اور بہرے، گونگے اور اندھے ہوں گے اور اُن کے چہرے سیاہ ہوگئے ہوں گے اور محروم ونادم وپشیمان ہوں گے اور اپنے پروردگار کے غضب میں گرفتار ہونگے۔ اُن پر رحم نہ کیا جائے گا۔ اُن کے عذاب میں کمی نہ کی جائے گی۔ آگ اُن پر بھڑکائی جاتی رہے گی اور جہنم کا کھولتا ہوا پانی بجائے پانی کے پئیں گے۔ اور بجائے کھانے کے زقوم جہنم کھائیں گے اور آگ کے آنکڑوں سے اُن کے بدن پھاڑے جائیں گے آہنی گرز اُن کے سر پر ماریں گے۔ نہایت سخت مزاج اور بے حد شدید طبیعت فرشتے ان کو شکنجہ میں کسیں گے اور اُن پر رحم نہ کریں گے اور اُن کو آگ میں شیطانوں کے ساتھ کھینچیں گے اور زنجیر وطوق کی بندشوں میں ان کو مقید رکھیں گے۔ اگر وہ دُعا کریں گے تو اُن کی دُعا مستجاب نہ ہوگی۔ اگر کوئی حاجت پیش کریں گے تو پوری نہ کی جائے گی۔ یہ ہے اُس گروہ کا حال جو جہنم میں جائیں گے۔

حضرت صادقؑ سے منقول ہے کہ جہنم کے سات دروازے ہیں۔ ایک دروازے سے فرعون، ہامان اور قارون جن سے فلاں فلاں اور فلاں کی طرف اشارہ ہے جائیں گے ایک دروازہ سے بنی اُمیہ داخل ہوں گے جو اُن کے لیے مخصوص ہے کوئی اس دروازہ سے اُن کے ساتھ نہ جائے گا۔ ایک دوسرا دروازہ باب لظیٰ ہے اور ایک دوسرا باب سقر ہے اور ایک دوسرا باب ہاویہ ہے کہ جو شخص اس میں سے داخل ہوگا۔ وہ ستر سال تک نیچے چلا جاتا رہے گا اور ہمیشہ اُن کا حال جہنم میں ایسا ہی ہے اور ایک دروازہ وہ ہے کہ جس سے ہمارے دُشمن اور وُہ جس نے ہم سے جنگ کی ہوگی اور جس نے ہماری مدد نہ کی ہوگی داخل ہوں گے اور یہ دروازہ سب سے بڑا ہے اور اُس کی گرمی اور شدت سب سے زیادہ ہے۔

بسندِ مُعتبر منقول ہے کہ حضرت صادق علیہ السلام سے لوگوں نے فلق کے بارے میں دریافت کیا حضرتؑ نے فرمایا جہنم میں وُہ ایک درّہ ہے جس میں ہزار مکانات ہیں اور ہر مکان میں ستر ہزار کمرے ہیں اور ہر کمرے میں ستر ہزار کالے سانپ ہیں اور ہر سانپ میں زہر کے ستر مٹکے ہیں اور ہر اہل جہنم کو اسی درّہ سے گذرنا ہوگا۔ اور دوسری حدیث میں فرمایا کہ یہ تمھاری آگ جو دنیا میں ہے جہنم کی آگ کے ستر جزو میں سے ایک جزو ہے جس کو ستر مرتبہ پانی سے بجھایا ہے اور پھر جلی ہے۔ اگر ایسا نہ کیا جاتا تو تم میں سے کوئی اس کے قریب جانے کی طاقت نہ رکھتا یقیناً جہنم کو روزِ قیامت

بحوالہ تاریخی دستاویز صفحہ ٭ دیکھیں فارسی صفحہ 500 وہاں حضرت ابوبکر صدیقؓ و عمر فاروقؓ و عثمان غنیؓ کا نام لکھا ہے 507

سوویں فصل پانچواں باب فصل جہنم کے بعض خصوصیات اور وہاں کے عقوبات عذاب و اذیتیں

جل جائے گی تو خداوندِ عالم اُس کے بدلے دوسری کھال اُس کے بدن پر پیدا کر دے گا (۶) سعیر ہے اُس میں آگ کے تین سو قصر ہیں اور ہر قصر میں تین سو قصر آگ کے ہیں۔ پھر ہر قصر میں تین سو مکان آگ کے ہیں اور ہر مکان میں تین سو قسم کے عذاب مقرّر ہیں۔ اُس میں آگ کے سانپ بچھو ہیں اور آنکڑے اور زنجیریں اُس طبقہ والوں کے لیے تیار کی ہوئی ہیں جیسا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے کافروں کے لیے طوق اور زنجیریں آگ کی تیار کی ہوئی ہیں (۷) جہنّم ہے جس میں فلق ہے اور وہ جہنّم میں ایک کنواں ہے۔ جب اُس کے دروازہ کو کھول دیتے ہیں جہنّم بھڑکنے لگتی ہے اور یہ طبقہ سب سے بدتر طبقہ ہے اور صعود اجہنّم کے درمیان تانبے کا ایک پہاڑ ہے۔ اثاماً پگھلے ہوئے تانبے کی ایک بڑی نہر ہے جو اُس پہاڑ کے گرد جاری ہے اور یہ مقام اُس طبقہ والوں کے لیے بدترین مُقام ہے۔

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جہنّم میں ایک وادی ہے جس کو سقر کہتے ہیں کہ جس روز سے خدا نے اس کو خلق فرمایا ہے اُس نے سانس نہیں کھینچی ہے۔ اگر خدا اُس کو اجازت دے کہ ایک سُوئی کے سُوراخ کے برابر سانس کھینچے تو یقیناً زمین پر جو کچھ ہے سب کو جلا دے اور خدا کی قسم اہلِ جہنّم اُس وادی کی حرارت گندگی اور کثافت سے اور جو کچھ خدا نے اس کے لوگوں کے لیے اپنے عذاب سے تیار کیا ہے پناہ مانگتے ہیں اور اُس وادی میں ایک پہاڑ ہے کہ اُس کی گرمی تعفّن اور کثافت سے جو خدا نے اس کے اہل کے لیے مُہیّا کیے ہیں۔ اُس وادی کے تمام لوگ خدا کی پناہ مانگتے ہیں اور اُس کوہ میں ایک درّہ ہے جس کی گرمی کثافت اور عذاب سے اُس پہاڑ والے پناہ مانگتے ہیں۔ اِس درّہ میں ایک کنواں ہے کہ اُس کی گرمی، تعفّن، اور کثافت اور عذابِ شدید سے اُس درّہ والے خدا کی پناہ مانگتے ہیں اور اُس کنوئیں میں ایک سانپ ہے کہ اُس کنوئیں والے اُس کی خباثت بدبُو اور کثافت وغیرہ سے پناہ مانگتے ہیں۔ اور اُس سانپ کے شکم میں سات صندوق ہیں جو گزشتہ اُمتوں میں سے پانچ اشخاص کی جگہ ہے اور اس اُمت کے دو اشخاص کی جگہ۔۔ وہ پانچ اشخاص میں قابیلؔ ہے جس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا۔ دُوسرا نمرُود ہے جس نے جناب ابراہیمؑ سے نزاع کی اور کہا کہ میں بھی مارتا ہوں اور جلاتا ہوں۔ تیسرا فرعون ہے جو خدائی کا دعویٰ کرتا تھا۔ چوتھا یہودا ہے جس نے یہودیوں کو گمراہ کیا۔ پانچواں مجوس ہے جس نے نصاریٰ کو گمراہ کیا اور اس اُمّت کے دو اشخاص ہیں جو خدا پر ایمان نہیں لائے یعنی اوّل و دوم۔ اور حضرت امیر المومنینؑ سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا کہ گنہگاروں کے لیے جہنّم کے اندر چند نقب تیار کی گئی ہیں۔ اور اُن کے پیروں میں زنجیر پڑی ہے اور اُن کے ہاتھ گردن میں طوق (کی طرح بندھے) ہیں اور ان کے جسموں پر پگھلے ہوئے تانبے کے کُرتے پہنائے ہیں اور اُن کے

فصل 16

اُوپر سے آگ کے جُبّے اُن کے لیے قطع کیے ہیں اور اُن پر باندھے ہیں اور عذاب میں گرفتار ہیں جس کی گرمی جگر کو پہنچی ہے اور جہنّم کے دروازے اُن کے لیے بند کر دیئے گئے کبھی اُن کے دروازوں کو نہ کھولیں گے اور نہ کبھی ہوا اُن کے لیے اندر پہنچے گی اور ہرگز اُن کی تکلیف برطرف نہ ہوگی اور اُن کے عذاب میں ہمیشہ شدّت ہوتی رہے گی اور ہمیشہ عذاب تازہ بتازہ اُن پر ہوتا رہے گا نہ اُن کا مقام فانی ہے اور نہ عمر ختم ہوگی۔ مالک سے فریاد کریں گے کہ خدا سے دُعا کرو کہ ہم کو مار ڈالے۔ وہ جواب دیں گے کہ ہمیشہ اس عذاب میں مبتلا رہو گے۔

بسندِ معتبر حضرت صادقؑ سے منقول ہے کہ جہنّم میں ایک کنواں ہے کہ جس سے اہلِ جہنّم فریاد کریں گے اور وہ ہر مغرور اور متکبر جبّار اور عداوت رکھنے والے کی جگہ ہے اور سرکش شیطان اور ہر اہلِ غرور کی جگہ ہے جو روزِ قیامت پر ایمان نہیں رکھتا اور جو شخص محمدؐ و آلِ محمدؐ سے عداوت رکھتا ہے اور فرمایا ہے کہ جہنّم میں جس شخص کا عذاب سب سے کم ہوگا وہ ہے جو آگ کے دو دریاؤں کے درمیان ہوگا۔ اُس کے پیروں میں آگ کے دو جُوتے ہوں گے اور اُس کے جُوتے کے بند آگ کے ہوں گے جس کی حرارت کی شدّت سے اُس کے دماغ کا مغز دیگ کے مانند جوش کھائے گا اور وُہ گمان کرے گا کہ اُس کا عذاب تمام اہلِ جہنّم سے زیادہ سخت ہے حالانکہ اُس کا عذاب سب سے ہلکا ہے۔ اور دُوسری حدیث میں وارد ہوا ہے کہ فلق ایک کنواں ہے جہنّم میں کہ اہلِ جہنّم اُس کی شدّتِ حرارت سے خدا سے پناہ طلب کرتے ہیں کہ وہ سانس لے اور جب وہ سانس لیتا ہے جہنّم کو جلا دیتا ہے اور اُس میں آگ کا ایک صندوق ہے کہ اُس کنوئیں والے اُس صندوق کی گرمی اور حرارت سے پناہ مانگتے ہیں اور اُس صندوق میں اگلے چھ آدمیوں کی جگہ ہے اور اِس اُمّت کے چھ اشخاص ہوں گے۔ پہلے والوں میں سے چھ اشخاص میں پہلا شخص پسرِ آدمؑ (قابیل) ہے جس نے اپنے بھائی کو مار ڈالا۔ دوسرا نمرود ہے جس نے جناب ابراہیمؑ کو آگ میں ڈالا۔ تیسرا فرعون۔ چوتھا سامری جس نے اپنا دین گوسالہ پرستی کو قرار دیا اور پانچواں وہ شخص جس نے یہودیوں کو اُن کے پیغمبر کے بعد گمراہ کیا۔[1] اور اِس اُمّت کے چھ اشخاص جن میں تینوں خلفائے جور، معاویہ، سرگروہ خوارج نہرواں اور ابن ملجم ہے۔ اور جنابِ رسُولِ خداؐ سے منقول ہے آپؐ نے فرمایا کہ اگر اس مسجد میں ہزار اشخاص یا زیادہ ہوں اور اہلِ جہنّم میں ایک شخص سانس لے اور اُس کا اثر اُن تک پہنچے تو مسجد اور جو اُس میں ہے سب کو یقیناً جلا دے اور فرمایا کہ جہنّم میں ایسے سانپ ہیں جو موٹائی میں اُونٹوں کی گردن کی طرح ہیں کہ اُن میں ایک اگر کسی کو ڈس لے تو چالیس قرن یا چالیس سال اُسی کی تکلیف میں رہے گا اور اُس صندوق میں

---

[1] چھٹے شخص کا تذکرہ اصل کتاب میں نہیں ہے شاید نسیان ہوگا واللہ اعلم کاتب یا خود مؤلف سے سہو ہوا ہو۔ مترجم

فصل ۱۸

کہ میں نے ایسی مخلوق بھی پیدا کی ہے جو تجھ سے زیادہ شقی ہے۔ جا خازن جہنم کے پاس تاکہ اُس کی صورت یا جگہ تجھ کو دکھاتے۔ میں مالک، خازن جہنم کے پاس گیا اور کہا خداوند بزرگ و برتر تجھ کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ مجھے اُس کو دکھا دے جو مجھ سے زیادہ شقی ہے۔ مالک مجھے جہنم کی طرف لے گیا اور جہنم پر سے سرپوش اٹھایا ایک سیاہ آگ باہر نکلی تو میں نے گمان کیا کہ مجھ کو اور مالک کو وہ کھالے گی۔ مالک نے اُس سے کہا کہ ساکن ہو، وہ ساکن ہوئی پھر مجھ کو طبقۂ دوم میں لے گیا۔ ایک آگ اُس میں سے باہر نکلی جو پہلے طبقہ کی آگ سے زیادہ سیاہ تھی اور زیادہ گرم تھی۔ مالک نے اُس سے بھی کہا کہ ساکن ہو، وہ ساکن ہوئی۔ اسی طرح جس طبقہ میں وہ مجھ کو لے گیا سابق طبقہ سے زیادہ تیرہ و تار اور زیادہ گرم آگ تھی۔ یہاں تک کہ ساتویں طبقہ میں مجھ کو لے گیا۔ اُس میں سے ایک آگ برآمد ہوئی کہ میں نے گمان کیا کہ مجھ کو اور مالک کو اور اُن تمام چیزوں کو جو خدا نے پیدا کیا ہے جلا دے گی۔ اُس کو دیکھ کر میں نے اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا اور کہا اے مالک اس کو حکم دو کہ یہ سرد و ساکن ہو ورنہ میں مر جاؤں گا۔ مالک نے کہا تو وقتِ معلوم تک نہ مرے گا۔ میں نے وہاں دو مردوں کو دیکھا جن کی گردنوں میں آگ کی زنجیریں تھیں اور اُن کو اوپر لٹکایا تھا اور اُن کے سروں پر ایک گروہ کھڑا تھا اور آگ کے گرز ان کے ہاتھوں میں تھے وہ اُن کے سروں پر مارتے تھے۔ میں نے مالک سے پوچھا یہ کون ہیں اُس نے کہا کہ تو نے شاید وہ تحریر نہیں پڑھی جو ساق عرش پر لکھی تھی میں نے اُس کو دیکھا ہے جس کو خدا نے دو ہزار سال قبل اس کے کہ دنیا یا آدمؑ کو پیدا کرے لکھا تھا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَیَّدْتُہٗ وَنَصَرْتُہٗ بِعَلِیٍّ یہ دونوں اُن دونوں حضرات کے دشمن اور اُن کو اذیت دینے والے ہیں یعنی منافق اول و دوم۔

کلینی نے طولانی حدیث معتبر میں حضرت صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ کتابِ خدا میں کفر کی پانچ صورتیں ہیں۔ منجملہ اُن کے ایک کفر جحود کا ہے اور وہ خدا کی پروردگاری سے انکار کرنا ہے، اور وہ کہتے ہیں کہ کوئی پروردگار نہیں ہے اور نہ کوئی بہشت ہے نہ دوزخ۔ اور یہ قول زندیقوں کے دو گروہ کا ہے جن کو دہریہ کہتے ہیں۔

اور سید ابن طاؤس نے کتاب زہد النبی سے جناب امیرؑ سے روایت کی ہے کہ حضرت رسالت مآبؐ نے فرمایا کہ اُس خدا کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمدؐ کی جان ہے اگر زقوم کا ایک قطرہ زمین کے پہاڑوں پر ٹپکا دیا جائے تو سب زمین کے ساتویں طبقہ میں جا کر دھنس جائیں اور اُس قطرہ کا تحمل نہ کر سکیں۔ لہٰذا اُس شخص کا کیا حال ہوگا جس کا طعام وہ ہوگا۔ اور اُس خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اگر غسلین کا ایک قطرہ زمین کے پہاڑوں پر ٹپکا دیا جائے

تو وہ سب نیچے ساتویں طبقہ زمین تک چلے جائیں اور اُس کے برداشت کی طاقت اُن کو نہ ہوگی لہٰذا اُس شخص کا کیا حال ہوگا جس کے پینے کا پانی وہ ہوگا۔ اور اسی خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اگر ایک ہتھوڑا جس کا ذکر خداوندِ عالم نے اپنے کلام پاک میں کیا ہے۔ زمین کے پہاڑوں پر رکھ دیں تو سب پہاڑ نیچے زمین کے ساتویں طبقہ تک دھنس جائیں اور اُس کے برداشت کی طاقت اُن کو نہ ہوگی پھر کیا حال ہوگا اُس کا جس کے سر کو جہنّم میں اُس سے کچلیں گے۔

اُسی کتاب میں مذکور ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ "یقیناً جہنّم تمام کافروں کی وعدہ گاہ ہے جس میں سات دروازے ہیں اور ہر دروازہ کے لیے اُس میں ایک حصّہ کافروں اور گنہگاروں کے لیے مقرّر ہے"۔ یہ فرما کر آنحضرتؐ شدّت سے روئے اور آنحضرتؐ کے اصحاب بھی حضرتؐ کے رونے سے روتے اور نہیں جانتے تھے کہ جبریلؑ کیا خبر لائے ہیں اور حضرتؐ سے دریافت بھی نہیں کر سکتے تھے۔ آنحضرتؐ جنابِ فاطمہؑ کو جب دیکھتے تھے تو شاد و خرم ہو جاتے تھے۔ الغرض ایک صحابی جنابِ فاطمہؑ کے درِ اقدس پر گئے تاکہ اُنؑ کو بُلا لائیں تو معلوم ہُوا کہ وہ آٹا گوندھ رہی ہیں اور فرماتی جاتی ہیں کہ وما عند اللہ خیر و ابقیٰ صحابی نے معصومۂ عالم کو سلام کہلایا اور آنحضرتؐ کے رونے کا حال بیان کیا۔ یہ سُن کر جنابِ فاطمہؑ اُٹھیں اور چادرِ کہنہ سر پر لپیٹی جس میں چودہ جگہوں پر لیف خرما کے پیوند لگے تھے۔ جب حضرت سلمانؓ کی نگاہ اُس چادر پر پڑی تو رونے لگے اور کہا واحزناہ قیصر بادشاہ رُوم اور کسریٰ بادشاہ عجم ریشم و سندس پہنیں اور فاطمہؑ دخترِ محمد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم جو بہترینِ خلق ہیں ایسا لباس پہنتی ہیں۔ الغرض جب حضرت فاطمہؑ اپنے پدرِ بزرگوار کی خدمت میں آئیں تو عرض کیا یا رسُول اللہؐ سلمانؓ تعجب کرتے ہیں کہ میرا لباس ایسا ہے اُس خدا کی قسم جس نے آپؐ کو سچائی کے ساتھ خلق پر مبعوث کیا ہے کہ میرے اور علیؑ کے لیے سوائے اُس گوسفند کی کھال کے کچھ نہیں ہے جس پر دن میں اونٹ دانہ کھاتا ہے اور رات کو ہم اُسے اپنے نیچے بچھا لیتے ہیں اور ہمارے سر کے نیچے چمڑے کا تکیہ ہوتا ہے جس میں خرمے کی پتیاں بھری ہوئی ہیں۔ یہ سُن کر جنابِ رسُولِ خداؐ نے فرمایا اے سلمانؓ میری دختر اُس گروہ میں ہوگی جو سب سے پہلے جنّت میں جائے گا۔ مختصر یہ کہ جنابِ فاطمہؑ نے پوچھا کہ اے پدرِ بزرگوار آپ کے رونے کا کیا سبب ہُوا حضرتؐ نے فرمایا کہ جبریلؑ ابھی آئے اور یہ دو آیتیں لائے تھے۔ جنابِ فاطمہؑ نے وہ دونوں آیتیں سُنیں تو دروازہ کے سامنے گر پڑیں اور کہا کہ وائے ہو اُس پر جو جہنّم میں داخل کیا جائے اور سلمانؓ نے کہا کاش میں ایک گوسفند ہوتا اور مجھ کو ذبح کرتے اور میرا گوشت کھا لیا جاتا اور میں جہنّم کا ذکر نہ سُنتا اور حضرت ابُوذرؓ نے کہا کاش میں پیدا نہ ہوا ہوتا اور جہنّم کا نام نہ سُنتا جنابِ عمارؓ

بولے کاش میں کوئی پرندہ ہوتا اور جنگلوں میں پرواز کرتا اور میرے لیے کوئی حساب اور عذاب نہ ہوتا اور میں جہنم کا نام نہ سنتا۔ اور جناب امیرؑ نے فرمایا کاش درندے میرا گوشت کھاتے یا میں پیدا نہ ہوا ہوتا اور جہنم کا نام نہ سنتا۔ پھر جناب امیرؑ نے سر پہ ہاتھ رکھا اور روتے تھے اور کہتے تھے آہ کیسا دراز سفر ہے اور قیامت کے سفر میں زادِ راہ کس قدر کم ہے جہنم میں ڈالے جاتے ہیں اور آگ کے آنکڑے سے لوگوں کے گوشت جسم سے چھیلے جاتے ہیں۔ آہ آہ! وہاں وہ بیمار ہیں جن کی عیادت کے لیے کوئی نہیں جاتا اور ایسے زخمی ہیں جن کے زخموں کا کوئی علاج نہیں کرتا اور ایسے قیدی ہیں جن کی رہائی کی کوئی کوشش نہیں کرتا۔ آگ کھاتے ہیں اور آگ پیتے ہیں اور جہنم کے طبقوں کے درمیان سراسیمہ پھرتے ہیں اور نرم و عمدہ لباس پہننے کے بعد آگ کے کپڑے پہنتے ہیں اور عورتوں سے بغلگیر ہونے کے بعد شیاطین سے لپٹتے ہیں۔

جہنم کے اوصاف اور اُس کے عذاب اور سختیوں اور تکلیفوں کے بارے میں آیتیں اور حدیثیں بہت ہیں۔ ہم نے اس کتاب میں اسی قدر درج کرنے پر اکتفا کی۔ اکثر بحارالانوار میں جمع کر دی ہیں۔ خداوندِ عالم تمام مومنین کو خوابِ غفلت سے بیدار کرے اور ضلالت کی بیہوشی سے ہوش میں لائے۔ بحق محمدؐ و آلِ محمدؐ۔ آمین ثم آمین۔

سترھویں فصل

اعراف کا بیان :

خداوندِ عالم نے فرمایا ہے کہ اہلِ بہشت اصحابِ دوزخ کو آواز دیں گے کہ ہم نے اپنے پروردگار سے وہ تمام ثواب پائے جن کا ہم سے وعدہ کیا گیا تھا اور وہ سب حق اور سچ تھا تو کیا تم نے بھی وہ تمام عقوبات اور عذاب پائے جن کا تم سے تمہارے پروردگار نے وعدہ کیا تھا کہ وہ سب حق تھا تو وہ کہیں گے ہاں۔ اُس وقت ایک مؤذن اذان کہے گا۔ یعنی اُن کے درمیان ندا دے گا جس کو جنتی اور دوزخی دونوں گروہ سنیں گے کہ ظالموں پر خدا کی لعنت ہے جو راہِ خدا سے لوگوں کو منع کرتے تھے اور خدا کی راہ میں کجی نکالتے تھے۔

عامہ و خاصہ کے طریقہ سے متواترہ حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ جو مؤذن روزِ قیامت یہ ندا دے گا وہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام ہوں گے اور ابنِ عباس سے مروی ہے کہ کتابِ خدا میں علیؑ کے بہت سے نام ہیں جن کو لوگ نہیں جانتے۔ ایک نام مؤذن ہے جو اس آیت میں وارد ہوا ہے اور وہ ندا دیں گے کہ ظالموں پر خدا کی لعنت ہے۔ جنھوں نے میری ولایت و امامت کی تکذیب کی اور میرے حق کو خفیف کیا۔ اس کے بعد فرمایا ہے کہ دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک پردہ ہوگا۔ بیان کرتے ہیں کہ وہ اعراف ہے جو جہنم اور بہشت کے درمیان ایک حصار ہے۔ کہتے ہیں کہ اعراف پر چند مرد ہوں گے جو ہر ایک کو اُس کی پیشانی سے پہچان لیں گے اور بہشتی لوگوں کو آواز دیں گے کہ تم پر سلام ہو۔ اور وہ ابھی داخلِ بہشت نہ ہوئے ہوں گے اور

اعراف کا بیان سترھویں فصل پانچواں باب

بھی مسلمانوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے کہ کفار و منافقین جن پر حجت تمام ہوگئی ہوگی
ہمیشہ عذابِ جہنم میں رہیں گے اور ان کا عذاب کبھی کم اور ہلکا نہ ہوگا۔ اس بارے میں بہت سی
آیتیں گزر چکیں اور کفار کے اطفال اور جنین یقیناً داخلِ بہشت نہ ہوں گے اور یہ گزر چکا کہ
آیا وہ بہشت میں داخل ہوں گے یا اعراف میں رہیں گے یا اُن کو دوسری تکلیف دے کر امتحان
لیا جائے گا۔ اور اکثر ضعیف العقل لوگ جو حق و باطل میں تمیز نہیں کر سکتے یا وہ گروہ جو اسلامی
شہروں سے دور رہتے ہیں اور دین کی تلاش نہیں کر سکتے یا زمانۂ جاہلیت و فترت میں رہتے
ہوں اور حجت اُن پر تمام نہیں ہوئی ہوگی وہ مرجون لامر اللہ میں داخل ہیں اُن کے لیے نجات
کا احتمال ہے اور اس میں اختلاف نہیں ہے کہ جو شخص ضروریاتِ دینِ اسلام میں سے کسی
ایک کا انکار کرے وہ حکمِ کفار میں ہے اور ہمیشہ جہنم میں رہے گا اور ضروریِ دینِ اسلام سے
یہ ہے کہ جو دینِ اسلام میں بدیہی رہا ہو، اور جو شخص اس دین میں ہوتا ہے اس کو جانتا ہے سوائے
اس کے جو شاذ و نادر مثل اُس کے ہے جو تازہ مسلمان ہوا ہو۔ اور ابھی اُس کے نزدیک ضروری
نہ ہوا ہو، جیسے نماز و روزۂ ماہ مبارک رمضان و حج و زکوٰۃ اور انہی کے مثل جو اُن امور کو ترک
کرتا ہے کافر نہیں ہے اور جو شخص ان امور کے ترک کو حلال جانتا ہو کافر ہے اور مستحقِ قتل
ہے۔ اسی طرح اگر اُس سے کوئی فعل عمداً صادر ہو جو دین کی اہانت یا محرماتِ الٰہی میں سے
ہو جو عمداً قرآن مجید کو جلاتا ہے یا نابدان میں پھینکتا ہے یا اُس کو پیروں سے کچلتا ہے یا حق تعالیٰ
یا فرشتوں کو یا کسی پیغمبر کو گالی دیتا ہے یا ایسی بات کہتا ہے جو استخفاف کا باعث ہو خواہ نظم میں
ہو یا نثر میں یا کعبۂ معظمہ کو بے سبب خراب کرتا ہو یا عمداً اُس میں پیشاب یا پائخانہ کرتا ہو،
اسی طرح جنابِ رسولِ خداؐ اور ائمہؑ کے روضہ ہائے مقدس کی اہانت قول یا فعل سے کرتا ہو
یا قول و فعل سے جنابِ امام حسین علیہ السلام کی تربتِ شریف کی بے ادبی کرتا ہو یا مثل اُس
کے کہ العیاذاً باللہ اُس میں استنجا کرتا ہو۔ یا کتبِ حدیثِ شیعہ کی بے ادبی کرتا ہو۔ اور بعض کتب
فقہ شیعہ کو بھی اسی قابل سمجھتا ہو کہ کسی عبادت کا مذاق اڑاتا ہو جو ضروریِ دین سے ہو یا اہانت
کرتا ہو۔ یا بُت یا غیر بُت کو اپنا معبود قرار دیتا ہو، اور اس کو عبادت کے قصد سے سجدہ
کرتا ہو یا کافروں کے طریقہ کو جو اظہارِ کفر کے ضمن میں ہو ظاہر کرتا ہو۔ جیسے زنار اس قصد سے
باندھتا ہو یا ہندوؤں کے طریقہ سے اُن کے شعار کے اظہار کے قصد سے اپنی پیشانی پر ٹیکہ
لگاتا ہو کافر اور مستحقِ قتل ہے۔ یہ تمام امور بعض دوسرے امورِ دین کی ضروریات کے ضمن میں
مذکور ہوں گے انشاء اللہ اور غیر شیعہ امامیہ جیسے زیدیہ اور سنیوں کے فرقے اور فطحیہ، واقفیہ، کیسانیہ
ناووسیہ اور تمام مخالفین فرقے۔ اگر ضروریاتِ دینِ اسلام میں کسی کا انکار کریں تو وہ سب کافر ہیں

وآخرت دونوں میں کافر کا حکم رکھتے ہیں اور آخرت میں ہمیشہ جہنّم میں رہیں گے۔ سیّد مرتضیٰ اور ایک جماعت کے لوگ اسی کے قائل ہیں اور اکثر علمائے امامیہ کا اعتقاد یہ ہے کہ دُنیا میں حکم اسلام اُن پر جاری ہے اور آخرت میں جہنّم میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ جہنّم میں داخل ہونے کے بعد باہر نکالے جائیں گے۔ لیکن بہشت میں داخل نہ ہوں گے بلکہ اعراف میں رہیں گے، اور یہ شاذ و نادر لوگ قائل ہیں کہ طویل عذاب کے بعد بہشت میں داخل ہوں گے اور یہ قول نادر اور ضعیف ہے

اور علامہ حلی نے شرح یاقوت میں لکھا ہے کہ جو لوگ کہتے ہیں کہ نص خلافت امیرالمومنینؑ پر نہیں ہوئی ہے۔ اُن کے بارے میں ہمارے اکثر اصحاب قائل ہیں کہ وُہ کافر ہیں اور بعضوں نے کہا ہے کہ وہ فاسق ہیں۔ ایسے لوگوں نے اُن کی آخرت کے حکم کے بارے میں اختلاف کیا ہے اکثر لوگوں نے کہا ہے کہ وہ ہمیشہ جہنّم میں رہیں گے اور بعض نے کہا ہے کہ وہ عذاب سے رہائی پائیں گے اور بہشت میں جائیں گے اور یہ قول مصنّف کے نزدیک نادر ہے اور وہ قائل ہے کہ وہ عذاب سے رہائی پائیں گے۔ لیکن بہشت میں نہ جائیں گے اور جو روایتیں مخالفین کے کفر پر دلالت کرتی ہیں اور یہ کہ وہ ہمیشہ جہنّم میں رہیں گے اور اُن کے اعمال مقبُول نہیں ہیں وہ عامہ وخاصہ کے طریقوں سے متواتر ہیں اور جو قول اُن کے بارے میں یہ ہے کہ وہ ہمیشہ جہنّم میں نہ رہیں گے یا بہشت میں داخل ہوں گے وہ نہایت ندرت کا قول ہے اور اُس کا قائل معلوم نہیں۔ یہ قول متاخرین متکلمین میں ظاہر ہوا ہے جو اخبار و آثار و اقوال قدما سے واقف نہیں ہیں۔ ابن بابویہ نے رسالہ عقائد میں لکھا ہے کہ جو شخص امامت کا دعوےٰ کرے اور وُہ درحقیقت امام نہ ہو وہ ظالم و ملعُون ہے۔ اور جو شخص امامت کا اُس کے اہل کے غیر کا قائل ہو وہ بھی ظالم و ملعُون ہے، اور جناب رسُولِ خداؐ نے فرمایا ہے کہ جو شخص میرے بعد علیؑ کی امامت سے انکار کرے تو اُس نے میری پیغمبری سے انکار کیا ہے اور جو شخص میری پیغمبری سے انکار کرے اُس نے خدا کی پروردگاری سے انکار کیا ہے اور کہا ہے کہ ہمارا اعتقاد اُس کے حق میں جو امیرالمومنینؑ کی امامت اور ان کے بعد کے اماموں کی امامت سے انکار کرے اُس کے مانند ہے کہ جس نے پیغمبروں کی پیغمبری سے انکار کیا ہے اور اُس شخص کے بارے میں ہمارا اعتقاد یہ ہے جو امیرالمومنینؑ کی امامت کا اقرار کرے اور ان کے بعد اماموں میں سے کسی ایک کی امامت سے انکار کرے تو وہ ایسے شخص کے مانند ہے جو تمام پیغمبروں پر تو ایمان لاتا ہے اور محمدؐ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کی پیغمبری سے انکار کرتا ہے اور حضرت صادق علیہ السّلام نے فرمایا کہ ہمارے آخر کا منکر ہمارے اوّل کا منکر ہے اور جناب رسُولِ خداؐ نے فرمایا ہے کہ میرے بعد بارہ امام ہوں گے اُن میں سے سب سے پہلے امام حضرت امیرالمومنینؑ ہیں اور ان میں سب سے آخر

حضرت قائمؑ ہیں۔ ان کی اطاعت میری اطاعت ہے جس نے اُن میں سے کسی ایک کا انکار کیا اُس نے میرا انکار کیا اور حضرت صادقؑ نے فرمایا کہ جو شخص ہمارے دشمنوں کے کفر میں شک کرے وہ ہم پر ظلم کرنے والا کافر ہے اور ہمارا اعتقاد اُن کے بارے میں جنھوں نے حضرت علیؑ سے جنگ کی ہے پیغمبر کے ارشاد کے مانند ہے کہ جو علیؑ سے جنگ کرے اُس نے مجھ سے جنگ کی اور جس نے مجھ سے جنگ کی اُس نے خدا سے جنگ کی ہے اور آنحضرتؐ کا یہ ارشاد کہ میری اُس کے ساتھ جنگ ہے جو علی و فاطمہ و حسنین علیہم السلام سے جنگ کرتا ہے اور میری صلح ہے اُس سے جو ان سے صلح رکھتا ہے اور ہمارا اعتقاد بیزاری سے متعلق یہ ہے کہ چاروں بتوں سے بیزاری اختیار کی جائے جن میں تین مشہور منافق اور چوتھا معاویہ ہے اور چار عورتیں ہیں جن میں دو منافقہ مشہور ہیں جو ہندا ور ام الحکیم ہیں اور ان کے سارے پیروی کرنے والوں اور فرمانبرداروں سے بیزاری رکھنا چاہیئے اور یہ کہ وہ خلق خدا میں سب سے بدتر ہیں اور یہ کہ اعتقاد کامل نہیں ہوتا مگر یہ کہ خدا و رسولؐ و ائمہؑ کے اقرار اور ان کے دشمنوں سے بیزاری کے ساتھ کامل ہوتا ہے۔

اور شیخ مفید نے کتاب المسائل میں کہا ہے کہ امامیہ کا اس پر اتفاق ہے کہ جو شخص اماموں میں سے کسی ایک امام کی امامت سے انکار کرے اور اُن کی اطاعت کے فرائض میں سے کسی چیز سے انکار کرے جس کو خدا نے اُس پر واجب کیا ہے تو وہ کافر ہے اور گمراہ ہے اور جہنم میں ہمیشہ رہنے کا مستحق ہے۔ دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا ہے کہ امامیہ کا اس پر اتفاق ہے کہ اہل بدعت سب کافر ہیں اور امام پر لازم ہے کہ اُن سے توبہ کرائے جس وقت کہ وہ متمکن ہو اس کے بعد جبکہ اُن کو دین حق کی دعوت دے اور اُن پر حجت تمام کرے۔ اگر وہ اپنی بدعتوں سے توبہ کریں اور راہِ راست پر آجائیں تو قبول کرے ورنہ ان کو قتل کر دے اس لیے کہ وہ ایمان سے مرتد ہو گئے ہیں اور جو شخص اسی مذہب پر مر جائے وہ اہل جہنم سے ہے اور سید مرتضیٰ نے شافی میں اور شیخ طوسی نے تلخیص میں کہا ہے کہ ہم امامیہ کے نزدیک یہ ثابت ہے کہ جو شخص جناب امیرؑ سے جنگ کرے وہ کافر ہے اور اس پر فرقہ حقہ امامیہ کا اجماع دلیل ہے اور ان کا اجماع حجت ہے نیز ہم جانتے ہیں کہ جو شخص حضرتؑ سے جنگ کرتا ہے وہ حضرتؑ کی امامت کا منکر ہوگا اور اُن کی امامت کا انکار کفر ہے جس طرح انکارِ نبوت کفر ہے کیونکہ اس بارہ میں دونوں مدا علت ایک طرح کی ہے لہذا بہت سی حدیثوں سے استدلال اس بارہ میں کیا ہے اور شیخ زین الدین نے رسالہ حقائق الایمان میں بھی بہت باتیں اس بارے میں کی ہیں اور معلوم ہوتا ہے کہ ان کا واقعی کفر اجماعی جانتے ہیں اور جو کچھ اس بارے میں حدیثوں سے ظاہر ہوتا ہے یہ ہے کہ مخالفین

لوگوں کے واسطے کوئی خوف نہیں ہے۔ آپ لوگ کبھی غمگین اور اندوہناک نہ ہوں گے اور علل میں جناب موسیٰ کاظمؑ سے روایت کی ہے کہ ہر نماز کے وقت جبکہ یہ لوگ نماز ادا کرتے ہیں تو خدا ان پر لعنت کرتا ہے۔ لوگوں نے کہا کیوں ایسا ہے۔ فرمایا اس لیے کہ امامت کے متعلق ہمارے حق کا انکار کرتے ہیں اور ہماری تکذیب کرتے ہیں اور معانی الاخبار میں بسند معتبر منقول ہے کہ حضرت صادقؑ نے عمران سے فرمایا کہ دین حق اور اہلبیتؑ کی ولایت کی رسّی کو اپنے اور تمام اہل عالم کے درمیان کھینچو جو شخص ولایت وامامت اہلبیتؑ کے بارے میں تمہارا مخالف ہوگا اگرچہ وہ محمدؐ وعلیؑ وفاطمہؑ کے نسل سے ہو وہ زندیق ہے اور مثل صحیح دوسری سند حسن سے روایت کے مطابق فرمایا کہ جو شخص تمہاری مخالفت کرے اور ریسمان ولایت سے باہر ہو جائے اس سے علیحدگی اختیار کرو ہر چند وہ علی و فاطمہ علیہما السلام کی نسل سے ہو اور انہی حضرتؑ سے عقاب الاعمال میں روایت کی ہے کہ حق تعالیٰ نے علیؑ کو اپنے اور اپنی خلق کے درمیان نشان قرار دیا ہے اور اس کے علاوہ کوئی نشان نہیں ہے۔ جو شخص اُن کی پیروی کرتا ہے مومن ہے اور جو انکار کرتا ہے کافر ہے اور جو شخص اس کے بارے میں شک کرے مشرک ہے۔ ایضاً انہی حضرتؑ سے منقول ہے اگر تمام لوگ جو زمین میں ہیں حضرت امیرالمومنینؑ سے انکار کریں تو خدا سب کو معذب فرمائیگا۔ اور جہنم میں داخل کرے گا۔ ایضاً اکمال الدین میں حضرت کاظم علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص ہر زمانہ کے امام کی شخصیت اور اُن کی نصیحت کے بارے میں شک کرے وہ کافر ہوگیا اُن تمام امُور سے جو خدا نے نازل کیا ہے، اور کتاب اختصاص میں حضرت صادقؑ سے منقول ہے کہ ائمہ اطہارؑ ہمارے پیغمبرؐ کے بعد بارہ نجیب ہیں جن سے فرشتہ باتیں کرتا ہے اور جو شخص اُن میں سے ایک بھی کم یا زیادہ کرے گا۔ خدا کے دین سے خارج ہو جائے گا اور ہماری ولایت سے کچھ بہرہ ور نہ ہوگا۔ اور تقریب المعارف میں روایت کی ہے کہ حضرت علی بن الحسین علیہ السلام کے آزاد کردہ نے انہی حضرتؑ سے پوچھا کہ آپ کے اُوپر میرا کچھ حق خدمت ہے۔ لہٰذا مجھے اوّل ودوم کے حال سے آگاہ فرمائیے۔ حضرتؑ نے فرمایا وہ دونوں کافر تھے اور جو شخص ان کو دوست رکھتا ہے وہ بھی کافر ہے۔ ایضاً روایت کی ہے کہ ابوحمزہ ثمالی نے انہی حضرتؑ سے اوّل ودوم کے بارے میں دریافت کیا۔ فرمایا کہ وہ کافر تھے اور جو اُن کی ولایت کا اقرار کرتا ہے وہ بھی کافر ہے

اس بارے میں حدیثیں بہت ہیں جو متفرق کتابوں میں درج ہیں اور اکثر بحارالانوار میں مذکور ہیں اور شیعہ امامیہ کے بڑے بڑے لوگ جن سے گناہان کبیرہ سرزد ہوئے ہوں گے اور بغیر توبہ مرگئے ہوں گے علمائے امامیہ کے درمیان اختلاف نہیں ہے کہ وہ ہمیشہ جہنم میں نہ رہیں گے اور جناب رسولِ خداؐ اور ائمہ اطہار علیہم السلام کی شفاعت یقیناً اُن کو حاصل ہوگی جیسا کہ بیان

خیرٌ من النوم کا اذان میں غیر مستحب ہونا اور سجدہ دوم کے بعد ایک احتمال پر جلسہ استراحت اور سجدۂ شکر کا بعد نماز مستحب ہونا اور زیارت قبور رسول خدا اور آئمہ اطہار اور ان کی تعظیم و تعمیر کا بلکہ شیعوں کے صالحین اور عزیزوں اور رشتہ داروں کی قبروں کی زیارت کا مستحب ہونا مطلقاً بنا بر اظہر۔ اور کتے اور تمام درندوں کے اور حشرات الارض کے گوشت کا حرام ہونا جیسے بلی سانپ وغیرہ انھیں کے مثل کا بھی حرام ہونا بنا بر احتمال اظہر اور محارم کے ساتھ عضو تناسل پر کپڑا لپیٹ کر وطی کرنے کی حرمت احتمال پر بلکہ جبریہ قول کے نہ ہونے کے ساتھ مطلقاً اور عبادات کا ساقط نہ ہونا ان تمام امور کو مجملاً ضروریات دین اسلام میں شمار کیا جا سکتا ہے اور جن امور کا دین و ایمان اور مذہب اثنا عشری میں ظہور اس حد تک پہنچا ہو کہ جو شخص اس دین میں داخل ہو جان لے تو یہ سب ضروریاتِ دین و ایمان میں سے ہوگا اور ان کا انکار اس کے بانی کا انکار ہے۔ اگرچہ اکثر علماء کے کلام میں اس کی تصریح نہیں ہے لیکن ان کی دلیل سے اس دین کے ضروری ہونے کے سبب سے منکر کا کفر لازم آتا ہے اور بہت سی حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ ہم میں سے نہیں ہے وہ جو ہماری رجعت پر ایمان نہ رکھتا ہو اور متعہ کو حلال نہ جانتا ہو اور اوّل و دوم اور ان کے گروہ سے اور تمام دشمن اور مخالفین سے علیحدگی اور برأت نہ رکھتا ہو۔ احادیث متواترہ میں وارد ہوا ہے کہ جو شخص ان سے بیزاری اختیار نہ کرے وہ ہمارا شیعہ نہیں بلکہ ہمارا دشمن ہے اور کتاب نفحات الاموات میں عامہ و خاصہ کے طریقہ سے متواتر حدیثیں اس بارے میں لکھی گئیں اور اس سے زیادہ بحار الانوار میں لکھی گئی ہیں اور رسالہ شرائع دین میں حضرت امام رضاؑ سے جو آپ نے مامون کے لیے لکھا تھا مروی ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ صرف اور خالص ایمان وہ ہے کہ گواہی دو کہ خدا یکتا ہے اور اپنا شریک نہیں رکھتا اور واحد حقیقی ہے اور اعضاء و جوارح نہیں رکھتا اور تمام خلق اُس کی محتاج ہے اور وہ اپنی ذات سے قائم ہے اور تمام چیزیں اُسی کے سبب سے قائم ہیں اور وُہ سننے والا اور دیکھنے والا اور تمام امور پر قادر ہے اور ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ وہ ایسا عالم ہے کہ کسی چیز سے ناواقف نہیں اور ایسا قادر ہے کہ کبھی عاجز نہیں ہوتا اور ایسا بے نیاز ہے کہ کبھی محتاج نہیں ہوتا اور ایسا عادل ہے کہ کبھی ظلم نہیں کرتا ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔ اُس کے مثل کوئی چیز نہیں ہے۔ وہ اپنا کوئی شبیہ اور ضد اور ہمسر نہیں رکھتا اور وُہی عبادت، دُعا، اُس سے اُمیدوار ہونے اور ڈرنے میں مقصودِ خلق ہے اور محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اُس کے بندہ اور امین اور اُس کی مخلوق میں سب سے برگزیدہ ہیں اور تمام انبیاء سے بہتر ہیں اور خاتم المرسلین ہیں اُن کے بعد کوئی پیغمبر نہ ہوگا۔ اُن کی ملت اور شریعت کو کوئی بدلنے والا نہیں ہے۔ جو کچھ حضرتؐ نے خدا کی جانب سے خبر دی ہے حق ہے اور اُس کی تصدیق

حق الیقین ج۲ … کفر و ارتداد کے معنی کے بیان میں (پانچویں اصل) حقیقی شیعہ کی شناخت

نہ ہو تو حرمت پر تاکید کرنا مشکل ہے۔ اور ہر حال میں بغیر ضرورت و بلا مصلحت کی قید لگانا چاہیئے چنانچہ کلینی نے بسند صحیح عبدالرحمٰن بن حجاج سے روایت کی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی کہ اگر مجھے طبیب نصرانی کی حاجت ہو تو کیا میں اُس کو سلام کروں اور دُعا کروں؟ حضرتؑ نے فرمایا ہاں لیکن تمہاری دُعا اس کو فائدہ نہ دے گی۔ ایضاً بسند حسن مثل صحیح کے بھی اس مضمون کی روایت کی ہے اور علامہ نے کہا ہے کہ اہلِ ذمہ پر سلام کی ابتداء نہ کرنی چاہیئے۔ اور اگر ذمی یعنی کسی کافر کو سلام کیا جو امان میں ہو یا جو شخص اس کو نہ پہچانے اور سلام کے بعد معلوم ہو کہ وہ ذمی تھا تو اُس کے جواب میں بغیر سلام کے کہے ھداك اللہ یعنی خدا تیری ہدایت کرے۔ انعم اللہ صباحك یعنی خدا تیرے صبح کرنے کو نیک کرے یا اطال اللہ بقائك یعنی خدا تیری زندگی کو دراز کرے۔ اور اگر سلام کا جواب دے تو کہے وعلیك علامہ کا کلام تمام ہوا۔ اور بسند حسن مثل صحیح کے حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا کہ اگر کوئی مسلمان تم کو سلام کرے۔ تو کہو وعلیک السلام اور اگر اہل ذمہ سلام کرے تو کہو علیک۔ اور بسند موثق حضرت صادقؑ سے منقول ہے کہ امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ اہلِ کتاب سے سلام کی ابتداء نہ کرو۔ اگر وہ تم کو سلام کریں تو جواب میں کہو وعلیکم۔ اور بسند موثق دیگر حضرت صادقؑ سے منقول ہے کہ اگر یہودی و نصرانی اور مشرک و بُت پرست کسی پر سلام کرے اور وہ بیٹھا ہو تو کہے علیکم اور دوسری موثق مثل صحیح حدیث میں فرمایا کہ کہو علیک۔ الغرض ان احادیث معتبرہ سے معلوم ہوا کہ کفار سے مطلقاً سلام کی ابتدا نہ کرنی چاہیئے اور دوسری حدیثیں اس بارے میں بہت ہیں۔ مگر ضرورت کے موقع پر اُن کے جواب میں علیک یا وعلیک یا علیکم یا وعلیکم 'واو' کے ساتھ دونوں جائز ہے اور بعض عامہ نے واؤ کے ساتھ تجویز نہیں کیا ہے اور کیا ان کو پورا سلام نہ کہنا چاہیئے؟ بعض نے مکروہ اور بعض نے حرام جانا ہے۔ احوط ترک ہے۔ کیا اُن کا ان مذکورہ جوابوں میں سے کسی ایک سے جواب دینا واجب ہے؟ اس میں اختلاف ہے اور احوط یہ ہے کہ ترک نہ کرے۔ اور اُن غیر سلام کی عبارتوں کو علامہ نے کہا ہے کہ میں نے کسی حدیث میں نہیں دیکھا ہے اور کلینی نے حضرت امام رضاؑ سے روایت کی ہے کہ حضرت صادقؑ سے لوگوں نے کہا کہ یہودی و نصرانی کے لیے ہم کیسے دُعا کریں۔ آپ نے فرمایا تم کہو بارك اللہ لك فی دنیاك یعنی خدا تمہاری دُنیا میں تم کو برکت دے۔ اور خالد قلانسی سے روایت کی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت صادقؑ سے عرض کی کہ میں ایک ذمی سے ملاقات کرتا ہوں اور وہ مجھ سے مصافحہ کرتا ہے۔ فرمایا اپنے ہاتھ کو خاک یا دیوار پر مل لو۔ میں نے عرض کی ناصبی اور دشمن اہل بیت سے مصافحہ کا کیا حکم ہے۔ فرمایا اپنے ہاتھ کو دھوؤ۔ اور حدیث صحیح میں حضرت باقرؑ سے روایت کی ہے کہ

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوقِنُوْنَ

الحمد للہ والمنہ کہ بعد کشاکش یک عالم رنج وغم وتراکم مصائب بیم کہ بوجہ انتقال دو فرزندان نوجوانان کہ یکی بسن ہیجدہ ودوم بسن بست ویک سالگی داغ مفارقت خویش بر قلب مجروح مترجم گزاشتند

ضمیمہ جات مقبول ترجمہ وحواشی

مرتبہ ومولفہ ومترجمہ

عالی جناب فضائل مآب مہبط فیوض ربانی دقیقہ شناس رموز قرآنی نکتہ سنج حقائق فرقانی متکلم مناظر لاثانی حضرت مولانا مولوی حکیم سیدی حاجی مقبول احمد صاحب قبلہ دہلوی مد ظلہم العالی دام فیوضہم

حیدری کتب خانہ مرزا علی اسٹریٹ امام باڑہ روڈ بمبئی ۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ضمیمجات پارۂ چہارم

ضمیمہ نوٹ نمبر ۲ متعلق صفحہ ۹۷

کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے اور من لایحضرہ الفقیہ اور تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے کہ جب اللہ تعالےٰ نے یہ چاہا کہ زمین کو پیدا کرے تو اُس نے ہواؤں کو حکم دیا اور ہوا نے پانی کو خوب ٹکرایا جس سے موج پیدا ہو گئی پھر جھاگ بنے پھر جھاگ مل کر اکٹھے ہوئے پھر ان سب کو اس جگہ جمع کر دیا جہاں بیت اللہ ہے پھر اُنہی جھاگوں سے ایک پہاڑ بنا دیا۔ پھر اُسی کے نیچے سے زمین پھیلا دی اور خدائے تعالےٰ کے اس قول کا یہی مطلب ہے۔ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا (دیکھو صفحہ ۹ سطر ۹) اور من لایحضرہ الفقیہ میں اتنا اور زیادہ ہے کہ زمین میں پہلی جگہ جو خدائے تعالےٰ نے پیدا کی وہ کعبہ ہے۔ پھر اُس سے اور زمین پھیلائی گئی اور اُس کتاب میں یہ بھی ہے کہ خدائے تعالےٰ نے ہر چیز میں سے ایک چیز کو پسند فرمایا ہے چنانچہ ساری زمین میں سے کعبہ کی جگہ کو پسند فرمایا ہے۔ علل الشرائع میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ مکہ کا نام بکہ اس لئے رکھا گیا کہ مرد بھی اس میں روتے ہیں اور عورتیں بھی۔ اور عورت وہاں تمہارے آگے اور پیچھے اور داہنی اور بائیں اور سامنے نماز پڑھ سکتی ہے اور اس کا کچھ بھی مضائقہ نہیں حالانکہ عورت کا اس طرح نماز پڑھنا اور تمام ملکوں میں مکروہ ہے۔ الخصال میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ مکہ کے پانچ نام ہیں اُم القریٰ۔ مکہ۔ بکہ۔ بساسہ (اس کے معنی یہ ہیں کہ جو اس میں رہ کر ظلم کرتا ہے اُسے یا تو خارج کر دیتا ہے یا ہلاک) اور اُم رحم (اس کا یہ مطلب ہے کہ جو اُس میں آ رہے ہیں اُن پر خدا رحم کرتا ہے) اسی کے ہم معنی ایک حدیث من لایحضرہ الفقیہ میں منقول ہے نیز اُسی کتاب میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ مکانِ کعبہ کو پروردگارِ عالم نے حضرت آدم علیہ السلام کی خاطر جنت سے اُتارا تھا اُس وقت وہ ایک سفید موتی تھا پھر اُسے اللہ تعالیٰ نے آسمان کی طرف اُٹھا لیا فقط اُس کی بنیاد باقی رہ گئی اور وہ موجودہ بیت اللہ کے گرداگرد ہے۔ اور ہر روز اس میں ستر ہزار فرشتے حکم خدا سے آتے ہیں جو پھر دوبارہ نہیں آ سکتے۔ پس خدائے تعالےٰ نے حضرت ابراہیم اور اسمٰعیل علیہما السلام کو حکم دیا کہ اُنہی بنیادوں پر اس مکان کو بنائیں۔ من لایحضرہ الفقیہ اور کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ کعبہ کی زمین کل روئے زمین پر ایک بلند ٹیلا تھا جو سورج اور چاند کی طرح چمکتا تھا۔ یہ حالت اُس وقت تک رہی جب تک کہ آدم علیہ السلام کے بیٹوں میں سے ایک نے دوسرے کو قتل نہ کیا۔ اس واقعہ کے بعد وہ

عرض کی کہ پروردگارا! بدکار تو اپنی بدی کے سبب عذاب پائیں گے۔ یہ نیکوکار کیوں عذاب دیے جائیں گے؟ ارشاد ہوا کہ اس سبب سے کہ بدکاروں کی بدیوں سے چشم پوشی کیا کرتے تھے۔ اور میرے ناراض ہونے پر بھی اُن سے ناراض نہ ہوتے تھے۔

ضمیمہ نوٹ نمبر ۲ متعلق صفحہ ۹۹

